# جدید عربی بولئے

عام عربی بول چال، عصری لب ولہجہ اور جدید الفاظ واصطلاحات و
تعبیرات پر ایک جامع وبے نظیر کتاب جس کے پڑھنے سے طلبہ
کو روزمرہ کے استعمال کے ضروری جملے ذہن نشین ہو جاتے ہیں

## تکلموا بالعربیۃ

مؤلفہ

ندیم الواجدی

قدیمی کتب خانہ
مقابل آرام باغ۔ کراچی

Marfat.com

Marfat.com

# جدید عربی بول لئے

عام عربی بول چال، عصری لب و لہجہ اور جدید الفاظ و اصطلاحات و
تعبیرات پر ایک جامع بے نظیر کتاب جس کے پڑھنے سے طلبہ
کو روزمرہ کے استعمال کے ضروری جملے ذہن نشین ہو جاتے ہیں

## تکلموا بالعربیۃ


مؤلفہ

ندیم الواجدی



قدیمی کتب خانہ

مقابل آرام باغ کراچی



Marfat.com

Marfat.com

# فہرست مضامین


| | | | صفحہ |
|---|---|---|---|
| | پیش لفظ | | ۷ |
| ★ ۱ | گفتگو کی مشق | التمرين على المحادثة | ۱۰ |
| ۱ | تعارف | التعريف | ۱۲ |
| ۲ | تم کون ہو؟ | من انت ؟ | ۱۳ |
| ۳ | صحت | الصحة | ۱۴ |
| ۴ | مدرسہ میں پڑھنا | التعلم فی المدرسة | ۱۵ |
| ۵ | مدرسہ جانا | الذهاب إلى المدرسة | ۱۶ |
| ۶ | تم مدرسے کس طرح آتے ہو؟ | كيف تأتى إلى المدرسة ؟ | ۱۷ |
| ۷ | مدرسے سے واپسی | العودة من المدرسة | ۱۸ |
| ۸ | کالج میں داخلہ | الالتحاق بالكلية | ۱۹ |
| ۹ | کاپی | الكراسة | ۲۱ |
| ۱۰ | میز | المكتب | ۲۲ |
| ۱۱ | پنسل | المرسم | ۲۳ |
| ۱۲ | پنسل تراش | المبراة | ۲۴ |
| ۱۳ | انگلی | الإصبع | ۲۵ |
| ۱۴ | ہاتھ | اليد | ۲۶ |
| ۱۵ | کھیل | الألعاب | ۲۸ |
| ۱۶ | ملاقات | الزيارة | ۲۹ |


Marfat.com

| | | صفحہ |
|---|---|---|
| ⑰ ـــ نیند | النوم | ۳۰ |
| ⑱ ـــ ناشتہ | الفطور | ۳۲ |
| ⑲ ـــ ہفتے کے دن | أيام الأسبوع | ۳۳ |
| ⑳ ـــ گیند | الكرة | ۳۴ |
| ㉑ ـــ پرچون فروش کی دکان | دكان البقال | ۳۵ |
| ㉒ ـــ سبزی فروش کی دکان | دكان الخضري | ۳۶ |
| ★ ② ـــ گفتگو | المحادثات | ۳۸ |
| ① ـــ ملاقات اور رخصت کے موقع پر | عند اللقاء و الوداع | ۴۰ |
| ② ـــ رخصت | الوداع | ۴۱ |
| ③ ـــ دو دوستوں کے درمیان بات چیت | محادثة بين الصديقين | ۴۱ |
| ④ ـــ ڈاک خانہ | مكتب البريد | ۴۳ |
| ⑤ ـــ ٹیلی فون پر | على الهاتف | ۴۶ |
| ⑥ ـــ کرایہ کا فلیٹ | شقة الإيجار | ۴۸ |
| ⑦ ـــ کار کی مرمت | تصليح السيارة | ۴۹ |
| ⑧ ـــ ڈاکٹر کے پاس | عند الطبيب | ۵۱ |
| ⑨ ـــ کپڑوں کی دکان پر | فى دكان الاقمشه | ۵۴ |
| ⑩ ـــ درزی کی دکان پر | فى دكان الخياط | ۵۶ |
| ⑪ ـــ نائی کی دکان پر | فى دكان الحلاق | ۵۸ |
| ⑫ ـــ کتابوں کی دکان پر | فى دكان الكتب | ۶۰ |
| ⑬ ـــ بس اسٹینڈ پر | فى محطة السيارة | ۶۲ |
| ⑭ ـــ ریلوے اسٹیشن پر | فى محطة القطار | ۶۴ |

Marfat.com

| | | | صفحہ |
|---|---|---|---|
| ⑮ | سفارت خانے میں | فی دار السفارة | ٦٦ |
| ⑯ | ہوائی اڈے پر | فی المطار | ٦٨ |
| ⑰ | کسٹم آفس میں | فی مکتب الجمارك | ٧١ |
| ⑱ | ٹیکسی ڈرائیور کے ساتھ | مع سائق تاکسی | ٧٣ |
| ⑲ | ہوٹل میں | فی الفندق | ٧٥ |
| ⑳ | ریسٹورنٹ میں | فی المطعم | ٧٦ |
| ★ ㉑ | چھوٹے چھوٹے جملے | جمل قصیرة | ٧٨ |
| ★ ③ | منتخب تعبیرات | التعبیرات المختارة | ٨٩ |


Marfat.com

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# پیش لفظ

آج سے چند سال پہلے جدید عربی زبان کا ایک مختصر مدتی مراسلاتی کورس شروع کیا گیا تھا۔ مقصد یہ تھا کہ جو لوگ ایسے علاقوں میں رہتے ہیں جہاں دور دور تک کوئی عالم یا عربی داں موجود نہیں ہے اس کورس کے ذریعہ بڑی حد تک نہ سہی کسی حد تک عربی زبان سمجھنے اور بولنے لگیں، الحمدللہ اب مسلمان اپنے مذہب سے پوری طرح وابستگی ضروری سمجھنے لگے ہیں۔ اور ان میں دین کو صحیح ماخذ سے براہ راست سمجھنے کا جذبہ پیدا ہو رہا ہے ایسے لوگوں کو اس مراسلاتی کورس سے بڑی رہنمائی مل رہی ہے۔

اس کام کے لئے سنٹر نے اپنا کورس مرتب کرایا جس میں قواعد، بول چال، خطوط نویسی، ترجمہ نگاری، مضمون نگاری اور خطابت کے موضوعات پر کتابیں شامل ہیں۔ "معلم العربیہ" میں عربی زبان کے قواعد آسان اور سادہ لب ولہجہ میں بیان کئے گئے ہیں، سوالات اور مشقوں کے ذریعہ ہر قاعدے کی تفہیم کرائی گئی ہے۔ مشقیں بکثرت ہیں، اس لئے قواعد یاد کرنے میں کوئی دشواری پیش نہیں آتی۔

عام عربی بول چال کیلئے ضرورت تھی کہ ایسی کتاب ہو جس میں ہر طرح کی گفتگو ہو، عصری لب ولہجہ ہو، اور الفاظ و اصطلاحات نئے ہوں "عربی بولئے" میں اسی ضرورت کی تکمیل کا احساس پیش نظر ہے۔ عربی بول چال کے سلسلے میں جو کتابیں ملتی ہیں ان میں سے بیشتر چالیس پچاس سال پہلے لکھی گئی تھیں، جب کہ اصطلاحات میں زبردست تغیر پیدا ہو گیا ہے، ایک دو کتابیں ایسی بھی ہیں جن میں عصری گفتگو دی گئی ہے مگر ان میں الفاظ کے غلط استعمالات بکثرت ملتے ہیں، یہ کتابیں اعراب (زبر، زیر، پیش)

Marfat.com

وغیرہ سے خالی ہیں جس کی وجہ سے نوآموز طالب علم اور عربی سے ناواقف لوگ صحیح طور پر جملے ادا نہیں کر سکتے، "عربی بولئے" میں ایک ایک لفظ پر اس کی صحیح حرکات دی گئی ہیں اور قواعد کی پوری پوری رعایت کی گئی ہے۔

پیش نظر کتاب سے استفادے کا طریقہ بہت آسان ہے، ہم نے اس جز کو تین حصوں میں تقسیم کر دیا ہے۔ التمرین علی المحادثة (گفتگو کی مشق) کے عنوان سے جو اسباق دئے گئے ہیں ان کا مقصد یہ ہے کہ طالب علم کو بول چال کی مشق ہو جائے، ان اسباق میں نسبتاً سہل الفاظ استعمال کئے گئے ہیں اور جملوں میں الفاظ کی نشست و برخاست بھی پیچیدہ نہیں ہے، ان اسباق کے مطالعے کے بعد بآسانی اس طرح کے جملے بنائے جا سکتے ہیں، سوال کرنے اور جواب دینے کا طریقہ معلوم کیا جا سکتا ہے، دوسرا حصہ المحادثات "(گفتگو) کے نام سے موسوم ہے، اس میں ہر طرح کی گفتگو ہے بازار کی مختلف دکانوں پر آپ کیا بات چیت کریں ریلوے اسٹیشن، بس اسٹینڈ، ہوائی اڈے، سفارت خانے، کسٹم آفس، پاسپورٹ آفس، ہوٹل، اور دوسری اہم جگہوں پر کس قسم کی گفتگو کی جائے۔ یہ حصہ عربی زبان کے طلباء کے لئے تو مفید ہے ہی ان لوگوں کیلئے بھی بہت زیادہ مفید ہے جو حج بیت اللہ کی سعادت حاصل کرنے کیلئے، تجارت کے مقصد سے، ملازمت کی خاطر یا محض سیاحت کے نقطۂ نظر سے عالم عرب کا سفر کر رہے ہوں۔ ایسے لوگ چاہے قواعد سے واقف نہ ہوں مگر ان کیلئے ضرورت کے جملوں کو یاد کر لینا کچھ زیادہ مشکل نہیں ہے، اس حصے میں ہم نے دو ہزار کے قریب چھوٹے چھوٹے جملے بھی جمع کر دئے ہیں۔ ان جملوں کو آپ اپنی روزمرہ کی گفتگو میں استعمال کر سکتے ہیں۔

تیسرا حصہ ضروری تعبیرات پر مشتمل ہے، تعبیرات کا معاملہ بڑا نازک اور اہم ہوتا ہے، جو لوگ تراجم کا کام کرتے ہوں وہ اس کی نزاکت اور اہمیت محسوس کر سکتے ہیں، ہم نے اردو زبان کے مختلف مفاہیم اور معانی کی ادائیگی کیلئے عربی زبان کی کئی ہزار تعبیرات عربی کے مستند ادیبوں کی کتابوں سے اکٹھا کی ہیں اس کتاب کی اشاعت کا مرحلہ ابھی دور ہے اس لئے

Marfat.com

بہتر سمجھا گیا کہ "عربی بولیے" میں ایسی تعبیرات کا معتد بہ ذخیرہ جمع کر دیا جائے، یہ تعبیرات اصل میں چھوٹے بڑے جملے ہیں، ان میں ناقص اور تام سب ہی طرح کے جملے ہیں ان تعبیرات سے آپ اپنی تقریروں، تحریروں اور گفتگو میں بڑی مدد لے سکتے ہیں۔

بڑی ناسپاسی ہوگی اگر میں اپنے استاذ محترم حضرت مولانا وحید الزماں صاحب کیرانوی (صدر شعبہ عربی دارالعلوم دیوبند) کا شکریہ ادا نہ کروں جن کی مشفقانہ توجہات کے صدقے عربی زبان کی شدبد ہوئی، اگر اس کتاب میں قارئین کو کوئی خوبی نظر آئے تو اسے استاذ محترم کا فیض سمجھئے ــــ عربی زبان کی جو خدمت یہ سنٹر انجام دے رہا ہے وہ دراصل مولانا ہی کی توجہات کا پرتو ہے۔

میں اپنے عزیز بھائی جاوید اختر فیضی کا ممنون احسان ہوں جنہوں نے کتاب کی تالیف کے دوران میرے ساتھ بڑا تعاون کیا، کتاب کے مسودے کی تبییض سے لے کر اشاعت کے مرحلے تک قدم قدم پر میرا ہاتھ بٹایا۔ وَمَا تَوفِيقِي إِلَّا بِاللّٰہ

ندیم الواجدی

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# التمرين على المحادثة

## گفتگو کی مشق

Marfat.com

۱

[illegible]

آئندہ صفحات میں عربی گفتگو کی مشق کرائی گئی ہے، آپ مختلف چیزوں کے بارے میں کس طرح سوال کریں؟ آپ سے کچھ پوچھا جائے تو کس طرح جواب دیں؟ ______ سوال وجواب کے ان جملوں کے ذریعہ گفتگو کی مشق ہی مقصود نہیں ہے بلکہ ان جملوں کو آپ اپنی گفتگو میں بھی بلا تکلف استعمال کرسکتے ہیں، بہتر ہوگا کہ آپ ان ہی اسباق پر اکتفا نہ کریں بلکہ اپنی طرف سے سوال وجواب کے اردو جملے لکھ کر ان کا عربی میں ترجمہ کریں۔ اس طرح انشاء اللہ آپ بہت جلد عربی بولنے پر قادر ہوسکیں گے۔

Marfat.com

# تعارف
# اَلتَّعْرِيْفُ

| | |
|---|---|
| السلام علیکم۔ | اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ ۔ |
| وعلیکم السلام۔ | وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ ۔ |
| آپ کا اسم گرامی کیا ہے؟ | مَا اسْمُكَ الْكَرِيْمُ؟ |
| میرا نام محمد ہے۔ | اِسْمِيْ مُحَمَّدٌ ۔ |
| آپ کے والد کا کیا نام ہے؟ | مَا اسْمُ أَبِيْكَ؟ |
| میرے والد کا نام عبداللہ ہے۔ | اِسْمُ أَبِيْ عَبْدُ اللّٰهِ ۔ |
| آپ کی کیا عمر ہے؟ | كَمْ عُمْرُكَ؟ |
| میری عمر سات سال ہے۔ | عُمْرِيْ سَبْعُ سَنَوَاتٍ ۔ |
| آپ کہاں رہتے ہیں؟ | أَيْنَ تَسْكُنُ؟ |
| میں کراچی میں رہتا ہوں۔ | أَنَا أَسْكُنُ فِيْ كَرَاتْشِيْ ۔ |
| آپ کہاں (کس شہر میں) پیدا ہوئے؟ | فِيْ أَيِّ بَلْدَةٍ وُلِدْتَ؟ |
| میں کوئٹہ میں پیدا ہوا۔ | وُلِدْتُ فِيْ بَلْدَةِ كُوْئِتَه ۔ |
| آپ کی قومیت کیا ہے؟ | مَا جِنْسُكَ ؟ |
| میں پاکستانی ہوں۔ | أَنَا بَاكِسْتَانِيٌّ ۔ |

Marfat.com

## تم کون ہو؟

## مَنْ أَنْتَ؟

| | |
|---|---|
| تم کون ہو؟ | مَنْ أَنْتَ؟ |
| میں ایک طالب علم ہوں۔ | أَنَا تِلْمِيْذٌ۔ |
| میں کون ہوں؟ | مَنْ أَنَا؟ |
| تم بھی ایک طالب علم ہو۔ | أَنْتَ تِلْمِيْذٌ أَيْضًا۔ |
| کیا وہ استاذ ہیں؟ | هَلْ هُوَ أُسْتَاذٌ؟ |
| نہیں! وہ طالبعلم ہے۔ | لَا! هُوَ تِلْمِيْذٌ۔ |
| استاذ کہاں ہیں؟ | أَيْنَ الْأُسْتَاذُ؟ |
| استاذ محترم یہ ہیں۔ | هٰذَا هُوَ سَيِّدِى الْأُسْتَاذ۔ |
| طالبعلم کا کیا کام ہے؟ | مَا هِيَ وَظِيْفَةُ التِّلْمِيْذِ؟ |
| طالبعلم تعلیم حاصل کرتا ہے۔ | اَلتِّلْمِيْذُ يَتَعَلَّمُ۔ |
| استاذ کا کیا کام ہے؟ | مَا وَظِيْفَةُ الْأُسْتَاذِ؟ |
| استاذ پڑھاتے ہیں۔ | اَلْأُسْتَاذُ يُعَلِّمُ۔ |
| کیا طالبعلم پڑھاتا ہے؟ | هَلِ التِّلْمِيْذُ يُعَلِّمُ؟ |
| نہیں! طالب علم تعلیم حاصل کرتا ہے۔ | لَا! اَلتِّلْمِيْذُ يَتَعَلَّمُ۔ |
| کیا استاذ تعلیم حاصل کرتے ہیں؟ | هَلِ الْأُسْتَاذُ يَتَعَلَّمُ؟ |
| نہیں! استاذ پڑھاتے ہیں۔ | لَا! اَلْأُسْتَاذُ يُعَلِّمُ۔ |
| کیا استاذ تمہیں پسند کرتے ہیں؟ | هَلِ الْأُسْتَاذُ يُحِبُّكَ؟ |
| ہاں! مجھے استاذ پسند کرتے ہیں۔ | نَعَمْ! اَلْأُسْتَاذُ يُحِبُّنِىْ۔ |

Marfat.com

تمہیں استاذ کیوں چاہتے ہیں؟ — لِمَاذَا يُحِبُّكَ الْأُسْتَاذُ ؟
اس لئے کہ میں محنتی اور چست ہوں۔ — لِأَنِّي مُجْتَهِدٌ وَ نَشِيطٌ.

## صحت — اَلصِّحَّةُ

بھائی جان! آپ کا کیا حال ہے؟ — كَيْفَ حَالُكَ يَا أَخِيْ ؟
الحمد للہ! میں بخیر ہوں۔ — اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ أَنَا بِخَيْرٍ.
آپ کی صحت کیسی ہے؟ — كَيْفَ صِحَّتُكَ ؟
میری صحت الحمد للہ بہت اچھی ہے۔ — صِحَّتِيْ بِحَمْدِ اللّٰهِ جَيِّدَةٌ.
آپکے والد صاحب کی طبیعت کیسی ہے؟ — كَيْفَ صِحَّةُ أَبِيْكَ ؟
میرے والد بخیر و عافیت ہیں۔ — أَبِيْ فِيْ صِحَّةٍ وَ عَافِيَةٍ.
کیا آپ کا کوئی بھائی ہے؟ — هَلْ لَكَ أَخٌ ؟
جی ہاں! میرا ایک بھائی اور ایک بہن ہے۔ — نَعَمْ! لِيْ أَخٌ وَ أُخْتٌ.
آپ کے بھائی کا نام کیا ہے؟ — مَا اسْمُ أَخِيْكَ ؟
اس کا نام احمد ہے۔ — إِسْمُهُ أَحْمَدُ.
اس کی کیا عمر ہے؟ — كَمْ سِنُّهُ ؟
اس کی عمر دس سال ہے۔ — هُوَ ابْنُ عَشْرِ سَنَوَاتٍ.
وہ اس وقت کہاں ہے؟ — أَيْنَ هُوَ الْآنَ ؟
وہ اس وقت مدرسے میں ہے۔ — هُوَ الْآنَ فِي الْمَدْرَسَةِ.
آپکے والد اس وقت کہاں ہیں؟ — أَيْنَ أَبُوْكَ الْآنَ ؟
میرے والد اس وقت اپنی دکان میں ہیں۔ — أَبِي الْآنَ فِيْ دُكَّانِهِ.

Marfat.com

| مدرسے میں پڑھنا | اَلتَّعَلُّمُ فِي الْمَدْرَسَةِ |
| --- | --- |
| تم کہاں سے آئے ہو؟ | مِنْ أَيْنَ أَتَيْتَ ؟ |
| میں مدرسے سے آیا ہوں۔ | أَتَيْتُ مِنَ الْمَدْرَسَةِ ۔ |
| تم نے آج مدرسے میں کیا پڑھا ہے؟ | مَاذَا قَرَأْتَ فِي الْمَدْرَسَةِ الْيَوْمَ ۔ |
| میں نے حساب، ادب اور دین سے متعلق اسباق پڑھے ہیں۔ | قَرَأْتُ دُرُوْسَ الْحِسَابِ وَالْأَدَبِ وَالدِّيْنِ ۔ |
| تمہیں مدرسے میں کتنے سال ہو گئے؟ | كَمْ سَنَةً صَارَتْ لَكَ فِي الْمَدْرَسَةِ ؟ |
| مجھے ایک سال ہو گیا۔ | صَارَتْ لِيْ سَنَةٌ وَاحِدَةٌ ۔ |
| کیا تم نے آج کا سبق سمجھا ہے؟ | هَلْ فَهِمْتَ دَرْسَ الْيَوْمِ ؟ |
| جی ہاں! میں نے سبق اچھی طرح سمجھ لیا ہے۔ | نَعَمْ ! فَهِمْتُهُ جَيِّدًا ۔ |
| تمہیں سبق کس نے سمجھایا؟ | مَنْ فَهَّمَكَ الدَّرْسَ ؟ |
| مجھے استاذ نے سمجھایا۔ | فَهَّمَنِيْ أُسْتَاذِيْ ۔ |
| کیا تم نے گذشتہ کل کا سبق یاد کر لیا ہے؟ | هَلْ حَفِظْتَ دَرْسَ الْأَمْسِ ؟ |
| جی ہاں! یاد کر لیا ہے۔ | نَعَمْ ! حَفِظْتُهُ ۔ |
| کہاں یاد کیا ہے؟ | أَيْنَ حَفِظْتَ ؟ |
| گھر پر یاد کیا ہے۔ | حَفِظْتُ فِي الْبَيْتِ ۔ |
| تم اپنا سبق کب یاد کرتے ہو؟ | مَتَى تَحْفَظُ دَرْسَكَ ؟ |
| میں اپنا سبق رات میں یاد کرتا ہوں۔ | أَحْفَظُ دَرْسِيْ فِي اللَّيْلِ ۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| کیا دن میں یاد نہیں کرتے ؟ | هَلَّا تَحْفَظُ فِی النَّهَارِ؟ |
| نہیں! میں رات میں یاد کرتا ہوں دن میں نہیں۔ | لَا! أَحْفَظُ فِی اللَّيْلِ لَا فِی النَّهَارِ۔ |
| کیوں ؟ | لِمَاذَا ؟ |
| اس لئے کہ دن کام کا، لکھنے اور مطالعہ کرنے کا وقت ہے۔ | لِأَنَّ النَّهَارَ وَقْتُ الْعَمَلِ وَ الْكِتَابَةِ وَ الْمُطَالَعَةِ۔ |

## مدرسے جانا — اَلذَّهَابُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ

| | |
|---|---|
| تم کہاں جا رہے ہو؟ | إِلَى أَيْنَ تَذْهَبُ ؟ |
| میں مدرسے جا رہا ہوں۔ | أَذْهَبُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ۔ |
| تم مدرسے میں کیا کرتے ہو؟ | مَاذَا تَعْمَلُ فِی الْمَدْرَسَةِ ؟ |
| تعلیم حاصل کرتا ہوں۔ | أَتَعَلَّمُ۔ |
| تم کس مدرسے میں تعلیم حاصل کر رہے ہو؟ | فِی أَيِّ مَدْرَسَةٍ تَتَعَلَّمُ ؟ |
| میں ایک عربی مدرسے میں تعلیم حاصل کر رہا ہوں۔ | أَتَعَلَّمُ فِی مَدْرَسَةٍ عَرَبِيَّةٍ۔ |
| تم مدرسے میں کیا پڑھ رہے ہو؟ | مَاذَا تَتَعَلَّمُ فِی الْمَدْرَسَةِ ؟ |
| میں عربی زبان اور مذہب کی تعلیم حاصل کر رہا ہوں۔ | أَتَعَلَّمُ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ وَ الدِّيَانَةَ۔ |
| تمہارے استاذ کون ہیں ؟ | مَنْ أُسْتَاذُكَ ؟ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| میرے استاذ ہیں جناب ...... | أُسْتَاذِي الْفَاضِل ........ |
| تمہارے مدرسے کے پرنسپل کون ہیں؟ | مَنْ مُدِيرُ مَدْرَسَتِكَ ؟ |
| میرے مدرسے کے پرنسپل ہیں مسٹر..... | مُدِيرُ مَدْرَسَتِي السَّيِّد ........ |
| تمہارا مدرسہ کس جگہ پر واقع ہے؟ | فِي أَيِّ مَكَانٍ مَدْرَسَتُكَ ؟ |
| میرا مدرسہ محمد علی روڈ پر ہے۔ | مَدْرَسَتِي فِي شَارِعِ مُحَمَّد عَلِي۔ |
| کیا تمہارا مدرسہ بڑا ہے؟ | هَلْ مَدْرَسَتُكَ كَبِيرَةٌ ؟ |
| جی ہاں! میرا مدرسہ بڑا ہے۔ | نَعَمْ! مَدْرَسَتِي كَبِيرَةٌ۔ |
| تمہارے مدرسے میں کتنے درجات ہیں؟ | كَمْ قِسْمًا فِي مَدْرَسَتِكَ ؟ |
| میرے مدرسے میں نو درجات ہیں۔ | فِي مَدْرَسَتِي تِسْعَةُ أَقْسَامٍ۔ |

## تم مدرسے کس طرح آتے ہو؟ — كَيْفَ تَأْتِي إِلَى الْمَدْرَسَةِ؟

| | |
|---|---|
| تم مدرسے کس طرح آتے ہو؟ | كَيْفَ تَأْتِي إِلَى الْمَدْرَسَةِ ؟ |
| میں مدرسے سوار ہو کر آتا ہوں۔ | آتِي إِلَى الْمَدْرَسَةِ رَاكِبًا۔ |
| تم کس چیز کی سواری کرتے ہو؟ | مَاذَا تَرْكَبُ ؟ |
| میں سائیکل پر سوار ہوتا ہوں۔ | أَرْكَبُ الدَّرَّاجَةَ۔ |
| تم ٹرام کی سواری کیوں نہیں کرتے؟ | لِمَاذَا لَا تَرْكَبُ التَّرَامَ ؟ |
| اس لیے کہ ٹرام سست رفتار ہے۔ | لِأَنَّ التَّرَامَ بَطِيءٌ فِي السَّيْرِ۔ |
| تو بس کی سواری کیا کرو۔ | إِذَنْ اِرْكَبِ السَّيَّارَةَ۔ |
| بس کی سواری سے خرچ زیادہ | إِنَّ رُكُوبَ السَّيَّارَةِ يُكَلِّفُ |

Marfat.com

پڑتا ہے۔ | أُجْرَةٌ كَثِيْرَةٌ .
پیدل کیوں نہیں جاتے؟ | لِمَاذَا لَاتَذْهَبُ مَاشِيًا ؟
اس لئے کہ اگر پیدل جاؤں گا تو مدرسے پہنچنے میں تاخیر ہو جائے گی۔ | لِأَنِّيْ لَوْ أَذْهَبُ مَاشِيًا تَتَأَخَّرَتْ فِي الْوُصُوْلِ إِلَى الْمَدْرَسَةِ .
کیوں؟ | لِمَاذَا ؟
اس لئے کہ میرا گھر مدرسے سے دوری پر واقع ہے۔ | لِأَنَّ بَيْتِيْ بَعِيْدٌ عَنِ الْمَدْرَسَةِ .
تمہارا گھر مدرسے سے کتنی دوری پر ہے؟ | كَمْ يَبْعُدُ بَيْتُكَ عَنِ الْمَدْرَسَةِ؟
میرا گھر مدرسے سے تین میل دور ہے۔ | يَبْعُدُ بَيْتِيْ عَنِ الْمَدْرَسَةِ ثَلَاثَةَ كِيْلُوْ مِتْرٍ .

## مدرسے سے واپسی | العودة من المدرسة

تم مدرسے سے کب واپس آتے ہو؟ | مَتَى تَرْجِعُ مِنَ الْمَدْرَسَةِ ؟
میں مدرسے سے ایک بجے واپس آتا ہوں۔ | أَرْجِعُ مِنَ الْمَدْرَسَةِ فِي السَّاعَةِ الْوَاحِدَةِ .
مدرسے سے واپسی کے بعد تم کیا کرتے ہو؟ | مَاذَا تَعْمَلُ بَعْدَ رُجُوْعِكَ مِنَ الْمَدْرَسَةِ ؟
ظہر کی نماز پڑھتا ہوں۔ | أُصَلِّيْ صَلَاةَ الظُّهْرِ .
کیا کھانا نہیں کھاتے ہو؟ | هَلَّا تَتَغَدَّى ؟

Marfat.com

| | |
|---|---|
| نہیں! کھانا نماز کے بعد کھاتا ہوں۔ | لَا ! أَتَنَاوَلُ الْغَدَاءَ بَعْدَ الصَّلَاةِ. |
| کھانے کے بعد کیا کرتے ہو؟ | مَاذَا تَعْمَلُ بَعْدَ الْغَدَاءِ ؟ |
| تھوڑی دیر آرام کرتا ہوں۔ | أَسْتَرِيحُ قَلِيلاً. |
| آرام کرنے کے بعد کیا کرتے ہو؟ | مَاذَا تَعْمَلُ بَعْدَ الْاِسْتِرَاحَةِ ؟ |
| مطالعہ کرتا ہوں اور اپنے اسباق لکھتا ہوں۔ | أُطَالِعُ وَ أَكْتُبُ دُرُوسِيْ. |
| کس وقت تک مطالعہ کرتے ہو؟ | إِلَى أَيِّ سَاعَةٍ تُطَالِعُ ؟ |
| شام پانچ بجے تک مطالعہ کرتا ہوں۔ | أُطَالِعُ إِلَى السَّاعَةِ الْخَامِسَةِ مَسَاءً. |
| پھر کیا کرتے ہو؟ | ثُمَّ مَاذَا تَعْمَلُ ؟ |
| پھر وضو کرتا ہوں اور عصر کی نماز پڑھتا ہوں۔ | ثُمَّ أَتَوَضَّأُ وَ أُصَلِّي الظُّهْرَ. |
| نماز کے بعد کیا کرتے ہو؟ | مَاذَا تَعْمَلُ بَعْدَ الصَّلَاةِ ؟ |
| اپنے بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ کھیلتا ہوں۔ | أَلْعَبُ مَعَ إِخْوَانِيْ وَ أَخَوَاتِيْ. |

## کالج میں داخلہ | اَلْاِلْتِحَاقُ بِالْكُلِّيَّةِ

| | |
|---|---|
| تم کیا چاہتے ہو بھائی؟ | مَاذَا تُرِيْدُ يَا أَخِيْ ؟ |
| میں کالج میں داخلہ چاہتا ہوں۔ | أُرِيْدُ أَنْ أَلْتَحِقَ بِالْكُلِّيَّةِ. |
| آیئے تشریف لایئے! پرنسپل صاحب | تَفَضَّلْ يَا سَيِّدِيْ ! مُدِيْرُ الْكُلِّيَّةِ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| اپنے کمرہ میں تشریف رکھتے ہیں، ان سے گفتگو کر لیجیے۔ | جَالِسٌ فِی غُرْفَتِهِ ، تَكَلَّمْ مَعَهُ. |
| آئیے تشریف رکھیے۔ | تَفَضَّلْ ! اِجْلِسْ . |
| آپ کس ارادہ سے تشریف لائے ہیں؟ | مَا جَاءَ بِكَ إِلَى هُنَا ؟ |
| جناب! میں اس کالج میں داخلہ لینا چاہتا ہوں۔ | أَنَا أُرِيْدُ الْإِلْتِحَاقَ بِهٰذِهِ الْكُلِّيَّةِ يَا سَيِّدِي . |
| آپ نے اب تک کہاں تعلیم پائی ہے؟ | أَيْنَ تَعَلَّمْتَ إِلَى الْآنَ ؟ |
| میں نے اپنے وطن کے ایک اسکول میں تعلیم حاصل کی ہے۔ | تَعَلَّمْتُ فِی مَدْرَسَةِ بَلْدَتِی . |
| آپ کے پاس انٹرمیڈیٹ میں کتنے مضامین تھے؟ | كَمْ مَادَّةً كَانَتْ عِنْدَكَ فِی التَّعْلِيْمِ الْمُتَوَسِّطِ ؟ |
| پانچ! اُردو، انگلش، حساب، جغرافیہ اور سیاست۔ | خَمْسَةٌ ! أُرْدِيَّةٌ ، وَالْإِنْجِلِيْزِيَّةُ ، وَ عِلْمُ الْحِسَابِ ، وَعِلْمُ الْجُغْرَافِيَةِ ، وَالسِّيَاسَةِ . |
| تم روزانہ کتنے پیریڈ لیتے تھے؟ | كَمْ حِصَّةً تَتَعَلَّمُ فِی كُلِّ يَوْمٍ ؟ |
| میں روزانہ چار پیریڈ لیتا تھا۔ | كُنْتُ أَتَعَلَّمُ فِی كُلِّ يَوْمٍ أَرْبَعَةَ حِصَصٍ . |
| ایک پیریڈ کتنے منٹ کا ہوتا تھا؟ | كَمْ مُدَّةً كَانَتْ لِلْحِصَّةِ الْوَاحِدَةِ ؟ |
| ایک پیریڈ ۴۵ منٹ کا ہوتا تھا۔ | كَانَتْ لِلْحِصَّةِ الْوَاحِدَةِ خَمْسٌ وَ أَرْبَعُوْنَ دَقِيْقَةً . |
| یہ فارم لیجیے! اسے پُر کیجیے اور اس میں لکھی ہوئی فیس کے ساتھ | خُذْ هٰذِهِ الْإِسْتِمَارَةَ ، وَ إِمْلَأْهَا ، وَ رُدَّهَا إِلَيْنَا مَعَ الرُّسُوْمِ الْمَكْتُوْبَةِ |

Marfat.com

اسے واپس کیجئے۔

فِيهَا۔

بہت بہتر جناب! شکریہ!

حَسَنًا يَا سَيِّدِي! شُكْرًا!

## کاپی

## اَلْكُرَّاسَةُ

یہ کاپی کس کی ہے؟

لِمَنْ هٰذِهِ الْكُرَّاسَةُ؟

یہ کاپی محمدؐ کی ہے۔

هٰذِهِ الْكُرَّاسَةُ لِمُحَمَّدٍ۔

یہ کاپی کس چیز کے لئے ہے؟

لِأَيِّ شَيْءٍ هٰذِهِ الْكُرَّاسَةُ؟

یہ کاپی عربی زبان کے لئے ہے۔

هٰذِهِ الْكُرَّاسَةُ لِلُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ۔

اس کاپی میں کتنے صفحات ہیں؟

كَمْ صَفْحَةً فِي هٰذِهِ الْكُرَّاسَةِ؟

اس کاپی میں چالیس صفحے ہیں۔

فِي هٰذِهِ الْكُرَّاسَةِ أَرْبَعُونَ صَفْحَةً۔

کاپیاں کس چیز سے بنائی جاتی ہیں؟

مِنْ أَيِّ شَيْءٍ تُصْنَعُ الْكُرَّاسَاتُ؟

کاپیاں کاغذ سے بنائی جاتی ہیں۔

تُصْنَعُ الْكُرَّاسَاتُ مِنَ الْوَرَقِ۔

تم کاپی میں کس چیز سے لکھتے ہو؟

بِمَاذَا تَكْتُبُ فِي الْكُرَّاسَةِ؟

میں کاپی میں پنسل سے لکھتا ہوں۔

أَكْتُبُ فِي الْكُرَّاسَةِ بِالْمِرْسَمِ۔

کیا تم روشنائی سے نہیں لکھتے؟

هَلَّا تَكْتُبُ بِالْحِبْرِ؟

نہیں! میں روشنائی سے نہیں لکھتا۔

لَا! لَا أَكْتُبُ بِالْحِبْرِ۔

کیوں؟

لِمَ؟

اس لئے کہ میری رائٹنگ[1] خراب ہے اگر میں روشنائی سے لکھوں تو کاپی خراب ہو جائے۔

لِأَنَّ خَطِّي رَدِيءٌ، لَوْ كَتَبْتُ بِالْحِبْرِ تَتَلَوَّثُ الْكُرَّاسَةُ۔

---

[1] لکھائی۔

Marfat.com

## میز — اَلْمَكْتَبُ

| | |
|---|---|
| یہ کیا ہے؟ | مَا هٰذَا ؟ |
| یہ ایک میز ہے۔ | هٰذَا مَكْتَبٌ . |
| کیا یہ تمہاری میز ہے؟ | هَلْ هٰذَا مَكْتَبُكَ ؟ |
| یہ میری میز نہیں بلکہ یہ میرے استاذ کی ہے۔ | هٰذَا لَيْسَ مَكْتَبِيْ ، إِنَّمَا هُوَ لِأُسْتَاذِيْ . |
| یہ میز کس چیز میں استعمال ہوتی ہے؟ | فِيْ أَيِّ شَيْءٍ يُسْتَعْمَلُ هٰذَا الْمَكْتَبُ؟ |
| لکھنے میں استعمال ہوتی ہے۔ | يُسْتَعْمَلُ فِي الْكِتَابَةِ . |
| اس میز پر کون لکھتا ہے؟ | مَنْ يَكْتُبُ عَلَيْهِ ؟ |
| استاذ صاحب اس میز پر لکھتے ہیں۔ | اَلْأُسْتَاذُ هُوَ الَّذِيْ يَكْتُبُ عَلٰى هٰذَا الْمَكْتَبِ . |
| میز کی دراز کہاں ہے؟ | أَيْنَ دُرْجُ الْمَكْتَبِ ؟ |
| یہ میز کی دراز ہے۔ | هٰذَا دُرْجُ الْمَكْتَبِ . |
| میز کی کتنی درازیں ہیں؟ | كَمْ دُرْجًا لِلْمَكْتَبِ؟ |
| میز کی دو درازیں ہیں۔ | لِلْمَكْتَبِ دُرْجَانِ . |
| میز کی کیا شکل ہے؟ | مَا شَكْلُ الْمَكْتَبِ ؟ |
| میز چوکھٹی ہے۔ | اَلْمَكْتَبُ مُرَبَّعُ الشَّكْلِ . |
| کیا تمام میزیں چوکھٹی ہوتی ہیں؟ | هَلْ كُلُّ الْمَكَاتِبِ مُرَبَّعَةُ الشَّكْلِ ؟ |

Marfat.com

نہیں! بعض میزیں لمبی اور بعض گول ہوتی ہیں۔
لَا! بَعْضُ الْمَكَاتِبِ مُسْتَطِيلَةٌ وَبَعْضُهَا مُسْتَدِيرَةٌ۔

اس میز کے کتنے پائے ہیں؟
كَمْ قَائِمَةً لِهٰذَا الْمَكْتَبِ؟

اس میز کے چار پائے ہیں۔
لِهٰذَا الْمَكْتَبِ أَرْبَعُ قَوَائِمَ۔

میز کس چیز سے بنائی جاتی ہے؟
مِنْ أَيِّ شَيْءٍ يُصْنَعُ الْمَكْتَبُ؟

لکڑی سے۔
مِنَ الْخَشَبِ۔

## پنسل — اَلْمِرْسَمُ

یہ کیا ہے؟
مَا هٰذَا؟

یہ ایک پنسل ہے۔
هٰذَا مِرْسَمٌ۔

کیا تمہاری یہ پنسل خوبصورت ہے؟
هَلْ مِرْسَمُكَ هٰذَا جَمِيلٌ؟

جی ہاں! میری یہ پنسل خوبصورت ہے۔
نَعَمْ! مِرْسَمِيْ هٰذَا جَمِيلٌ۔

یہ پنسل تم نے کہاں سے خریدی ہے؟
مِنْ أَيْنَ اشْتَرَيْتَ هٰذَا الْمِرْسَمَ؟

یہ پنسل میں نے دکان سے خریدی ہے۔
اِشْتَرَيْتُ هٰذَا الْمِرْسَمَ مِنَ الدُّكَّانِ۔

اسے تم نے کب خریدا ہے؟
مَتٰى اشْتَرَيْتَهُ؟

اسے میں نے دو دن پہلے خریدا ہے۔
اِشْتَرَيْتُهُ قَبْلَ يَوْمَيْنِ۔

اس کی کیا قیمت ہے؟
مَا ثَمَنُهُ؟

اس کی قیمت چار آنے ہے۔
ثَمَنُهُ أَرْبَعُ آنَاتٍ۔

Marfat.com

کیا تمہاری یہ پنسل لمبی ہے ؟ — هَلْ مِرْسَمُكَ هٰذَا طَوِيْلٌ ؟
جی ہاں ! میری یہ پنسل لمبی ہے ۔ — نَعَمْ ! مِرْسَمِيْ هٰذَا طَوِيْلٌ .
تمہاری پنسل کا رنگ کیسا ہے ؟ — مَا لَوْنُ مِرْسَمِكَ ؟
میری پنسل کا رنگ سرخ ہے ۔ — لَوْنُ مِرْسَمِيْ أَحْمَرُ .

## پنسل تراش — اَلْمِبْرَاةُ

تم کس چیز سے پنسل تراشتے ہو ؟ — بِمَاذَا تَبْرِي الْمِرْسَمَ ؟
میں پنسل پنسل تراش سے تراشتا ہوں ۔ — أَبْرِي الْمِرْسَمَ بِالْمِبْرَاةِ .
تمہارا پنسل تراش کہاں ہے ؟ — أَيْنَ مِبْرَاتُكَ ؟
یہ میرا پنسل تراش ہے ۔ — هٰذِهٖ مِبْرَاتِيْ
تمہیں یہ پنسل تراش کہاں سے ملا ہے ؟ — مِنْ أَيْنَ لَكَ هٰذِهِ الْمِبْرَاةُ ؟
یہ پنسل تراش مجھے میرے والد نے دیا ہے ۔ — أَعْطَانِيْ إِيَّاهَا أَبِيْ ؟
پنسل تراش کس چیز سے بنایا جاتا ہے ؟ — مِنْ أَيِّ شَيْءٍ تُصْنَعُ الْمِبْرَاةُ ؟
لوہے سے بنایا جاتا ہے ۔ — تُصْنَعُ مِنَ الْحَدِيْدِ .
کیا تم پنسل تراش پر دھار رکھ سکتے ہو ؟ — هَلْ تَقْدِرُ أَنْ تَسُنَّ الْمِبْرَاةَ ؟

Marfat.com

| | |
|---|---|
| ہاں! میں اس پر دھار رکھ سکتا ہوں۔ | نَعَمْ! أَقْدِرُ أَنْ أَسُنَّهَا۔ |
| تم کس چیز سے دھار رکھوگے؟ | بِأَيِّ شَيْءٍ تَسُنُّ؟ |
| میں دھار رکھنے کے آلے کے ذریعہ دھار رکھوں گا۔ | أَسُنُّ بِالْمِسَنِّ۔ |
| دھار رکھنے کا آلہ کس چیز سے بنایا جاتا ہے؟ | مِنْ أَيِّ شَيْءٍ يُصْنَعُ الْمِسَنُّ؟ |
| پتھر سے بنایا جاتا ہے۔ | يُصْنَعُ مِنَ الْحَجَرِ۔ |

## انگلی — اَلْإِصْبَعُ

| | |
|---|---|
| یہ کیا ہے؟ | مَا هٰذِهٖ؟ |
| یہ انگلی ہے۔ | هٰذِهٖ إِصْبَعٌ۔ |
| تمہارے ایک ہاتھ میں کتنی انگلیاں ہیں؟ | كَمْ إِصْبَعًا فِي يَدِكَ الْوَاحِدَةِ؟ |
| میرے ایک ہاتھ میں پانچ انگلیاں ہیں۔ | فِي يَدِي الْوَاحِدَةِ خَمْسَةُ أَصَابِعَ۔ |
| کیا تم اپنی سب انگلیوں کے نام جانتے ہو؟ | هَلْ تَعْرِفُ أَسْمَاءَ أَصَابِعِكَ كُلِّهَا؟ |
| جی ہاں! جانتا ہوں۔ خنصر، بنصر، وسطیٰ، سبابہ، ابہام۔[1] | نَعَمْ! أَعْرِفُهَا هِيَ الْخِنْصِرُ، الْبِنْصِرُ، الْوُسْطَى، السَّبَّابَةُ، الْإِبْهَامُ۔ |
| تمہارا ناخن کہاں ہے؟ | أَيْنَ ظُفْرُكَ؟ |

[1] چھنگلی، اسکے برابر والی انگلی، درمیانی انگلی، انگشت شہادت، انگوٹھا۔

Marfat.com

| | |
|---|---|
| یہ میرا ناخن ہے۔ | هٰذَا ظُفُرِيْ |
| تمہاری انگلیوں میں کتنے ناخن ہیں؟ | كَمْ ظُفُرًا فِيْ أَصَابِعِكَ ؟ |
| میری انگلیوں میں پانچ ناخن ہیں، ہر انگلی میں ایک ناخن۔ | فِيْ أَصَابِعِيْ خَمْسَةُ أَظْفَارٍ فِيْ كُلِّ إِصْبَعٍ ظُفُرٌ۔ |
| تمہارے دونوں ہاتھوں میں کتنے ناخن ہیں؟ | كَمْ ظُفُرًا فِيْ كِلْتَيْ يَدَيْكَ ؟ |
| میرے دونوں ہاتھوں میں دس ناخن ہیں۔ | فِيْ كِلْتَيْ يَدَيَّ عَشَرَةُ أَظْفَارٍ۔ |
| تم اپنے ناخنوں سے کیا کرتے ہو؟ | مَاذَا تَعْمَلُ بِأَظْفَارِكَ ؟ |
| میں اس سے کبھی اپنا سر کھجاتا ہوں اور کبھی اپنا جسم۔ | أَحُكُّ بِهَا تَارَةً رَأْسِيْ وَ تَارَةً جِسْمِيْ۔ |
| تم اپنے ناخن کب تراشتے ہو؟ | مَتٰى تَقْلِمُ أَظْفَارَكَ ؟ |
| میں اپنے ناخن بڑھنے پر تراشتا ہوں۔ | أَقْلِمُ أَظْفَارِيْ إِذَا طَالَتْ۔ |
| تم ناخن کس چیز سے تراشتے ہو؟ | بِمَاذَا تَقْلِمُ أَظْفَارَكَ ؟ |
| میں ناخن ناخن تراش سے تراشتا ہوں۔ | أَقْلِمُ أَظْفَارِيْ بِالْمِقْلَمَةِ |

## ہاتھ — اَلْيَدُ

| | |
|---|---|
| یہ کیا ہے؟ | مَا هٰذِهٖ ؟ |

Marfat.com

یہ ہاتھ ہے۔ — هٰذِهٖ يَدٌ ۔

انسان کے کتنے ہاتھ ہوتے ہیں؟ — كَمْ يَدًا لِلْإِنْسَانِ ؟

انسان کے دو ہاتھ ہوتے ہیں دایاں بایاں۔ — لِلْإِنْسَانِ يَدَانِ ۔ يُمْنٰى وَ يُسْرٰى ۔

یہ تمہارا دایاں ہاتھ ہے یا بایاں؟ — هَلْ هٰذِهٖ يَدُكَ الْيُمْنٰى أَوِ الْيُسْرٰى ۔

یہ میرا بایاں ہاتھ ہے۔ — هٰذِهٖ يَدِي الْيُسْرٰى ۔

تم اپنے ہاتھ سے کیا کرتے ہو؟ — مَاذَا تَعْمَلُ بِيَدِكَ ؟

میں اس سے چیزیں پکڑتا ہوں (لیتا ہوں)۔ — أَتَنَاوَلُ بِهَا الْأَشْيَاءَ ۔

تم کس ہاتھ سے اپنا سبق لکھتے ہو؟ — بِأَيِّ يَدٍ تَكْتُبُ دَرْسَكَ ؟

میں اپنا سبق دائیں ہاتھ سے لکھتا ہوں۔ — أَكْتُبُ دَرْسِيْ بِالْيَدِ الْيُمْنٰى ۔

تم کھانا کس ہاتھ سے کھاتے ہو؟ — بِأَيِّ يَدٍ تَتَنَاوَلُ الطَّعَامَ ؟

میں دائیں ہاتھ سے کھانا کھاتا ہوں۔ — أَتَنَاوَلُ الطَّعَامَ بِيَدِي الْيُمْنٰى ۔

کیا کوئی ایسا شخص بھی ہے جو اپنے ہاتھ سے کوئی چیز نہیں لے سکتا؟ — أَيُوْجَدُ مَنْ لَا يَسْتَطِيْعُ أَنْ يَتَنَاوَلَ شَيْئًا بِيَدِهٖ ؟

ہاں! فالج زدہ شخص اپنے ہاتھ سے کوئی چیز نہیں لے سکتا۔ — نَعَمْ! اَلْأَشَلُّ هُوَ الَّذِيْ لَا يَسْتَطِيْعُ أَنْ يَتَنَاوَلَ شَيْئًا بِيَدِهٖ ۔

وہ شخص جس کے ہاتھ نہ ہو کیا کہلاتا ہے؟ — مَاذَا يُسَمَّى الَّذِيْ لَا يَدَ لَهٗ ؟

وہ لونڈا کہلاتا ہے۔ — يُسَمَّى الْأَقْطَعَ أَوْ مَقْطُوْعَ الْيَدِ ۔

Marfat.com

## کھیل | اَلْأَلْعَابُ

| | |
|---|---|
| تم کون سا کھیل پسند کرتے ہو؟ | أَیَّ نَوْعِ اللَّعِبِ تُحِبُّ ؟ |
| میں فٹ بال کا کھیل پسند کرتا ہوں۔ | أُحِبُّ لَعِبَ كُرَةِ الْقَدَمِ ۔ |
| کیا تم والی بال نہیں کھیلتے ؟ | هَلَّا تَلْعَبُ بِكُرَةِ الْيَدِ ؟ |
| کبھی کبھی کھیلتا ہوں ۔ | أَلْعَبُ بِهَا أَحْيَانًا ۔ |
| کیا تم پتنگ بازی سے دلچسپی رکھتے ہو ؟ | هَلْ تَرْغَبُ فِي لَعِبِ الطَّيَّارَةِ ؟ |
| نہیں ! میں پتنگ بازی سے بالکل دل چسپی نہیں رکھتا۔ | لَا ! أَنَا لَا أَرْغَبُ فِي لَعِبِ الطَّيَّارَةِ مُطْلَقًا ۔ |
| کیوں ؟ | لِمَاذَا ؟ |
| اس لئے کہ پتنگ بازی بہت زیادہ مضر ہے ۔ | لِأَنَّ لَعِبَ الطَّيَّارَةِ مُضِرٌّ جِدًّا ۔ |
| اس کا ضرر کیا ہے ؟ | مَا ضَرَرُهُ ؟ |
| نگاہ خراب کرتی ہے اور صحت کو نقصان پہنچاتی ہے ۔ | يُغَشِّي الْبَصَرَ وَيُخِلُّ بِالصِّحَّةِ ۔ |
| لیکن میں بعض لڑکوں کو پتنگ بازی کرتے ہوئے دیکھتا ہوں ۔ | وَلٰكِنْ أَرَى بَعْضَ الْأَطْفَالِ يَلْعَبُونَهَا ۔ |
| وہ (لڑکے) پتنگ بازی کے ضرر سے واقف نہیں ہیں ۔ | هٰؤُلَاءِ لَا يَعْرِفُونَ ضَرَرَهَا ۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| کیا تم انھیں نصیحت نہیں کرتے؟ | هَلَّا تَنْصَحُهُمْ ؟ |
| میں نے انھیں نصیحت کی لیکن وہ میری بات پر دھیان نہیں دیتے۔ | نَصَحْتُهُمْ وَ لٰكِنَّهُمْ لَا يُصْغُوْنَ إِلَيَّ - |
| کیا تم اپنا وقت کھیل میں ضائع نہیں کرتے؟ | هَلَّا تُضَيِّعُ وَقْتَكَ فِي اللَّعِبِ؟ |
| نہیں! کھیل کا ایک وقت ہے، اور سبق کا ایک وقت ہے۔ | لَا ! لِلَّعِبِ وَقْتٌ وَ لِلدَّرْسِ وَقْتٌ - |

## ملاقات | اَلزِّيَارَةُ

| | |
|---|---|
| میں نے کل تمہارا انتظار کیا مگر تم نہیں آئے۔ | إِنْتَظَرْتُكَ بِالْأَمْسِ فَلَمْ تَأْتِ - |
| میرے ایک دوست ملاقات کے لئے تشریف لے آئے، وہ کچھ دیر ٹھہرے رہے اس لئے میں اپنا وعدہ بھول گیا۔ | زَارَنِيْ صَدِيْقِيْ وَ مَكَثَ مُدَّةً، فَنَسِيْتُ وَعْدِيْ - |
| تمہارے دوست کب آئے؟ | مَتٰى جَاءَ صَدِيْقُكَ ؟ |
| چار بجے شام۔ | فِي السَّاعَةِ الرَّابِعَةِ مَسَاءً - |
| کب واپس گئے؟ | مَتٰى رَجَعَ ؟ |
| چھ بجے، مغرب کی نماز کے بعد۔ | فِي السَّاعَةِ السَّادِسَةِ بَعْدَ صَلَاةِ الْمَغْرِبِ - |
| تمہارے گھر پر پہنچنے کے بعد انھوں نے کیا کیا؟ | مَاذَا عَمِلَ حِيْنَ وَصَلَ إِلٰى بَيْتِكَ؟ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| انھوں نے آہستہ سے دروازہ کھٹکھٹایا۔ | قَرَعَ الْبَابَ قَرْعاً خَفِيفاً۔ |
| کیا انھوں نے تمہیں آواز نہیں دی؟ | هَلَّا نَادٰى بِاسْمِكَ ؟ |
| آواز دی اور میں نے اس کا جواب دیا۔ | نَادٰى بِاسْمِيْ وَأَجَبْتُهُ۔ |
| تم نے کیسے جواب دیا؟ | كَيْفَ أَجَبْتَهُ ؟ |
| میں نے جواب دیا: خوش آمدید، تشریف لائیے۔ | أَجَبْتُهُ بِقَوْلِيْ أَهْلاً وَّ سَهْلاً تَفَضَّلْ ۔ |
| تمہاری گفتگو کس موضوع پر رہی؟ | فِيْمَا كَانَ حَدِيْثُكُمَا ؟ |
| ہماری گفتگو مدرسے سے متعلق رہی۔ | كَانَ حَدِيْثُنَا فِيْ أُمُوْرٍ مَدْرَسِيَّةٍ. |

## نیند    اَلنَّوْمُ

| | |
|---|---|
| اے باوفا دوست؟ | أَيُّهَا الصَّدِيْقُ الْوَفِيُّ ؟ |
| کہو، پیارے بھائی۔ | نَعَمْ! يَا أَخِي الْكَرِيْمِ ۔ |
| تم رات میں کس وقت سوتے ہو؟ | مَتٰى تَنَامُ فِي اللَّيْلِ ؟ |
| میں اکثر دس بجے سوتا ہوں۔ | أَنَامُ فِي السَّاعَةِ الْعَاشِرَةِ غَالِباً ۔ |
| تم کس چیز پر سوتے ہو؟ | عَلٰى أَيِّ شَيْءٍ تَنَامُ ؟ |
| میں چارپائی کے اوپر بستر پر سوتا ہوں۔ | أَنَامُ فَوْقَ السَّرِيْرِ عَلَى الْفِرَاشِ ۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| کیا تم مچھر دانی استعمال نہیں کرتے؟ | هَلَّا تَسْتَعْمِلُ النَّامُوْسِيَّةَ ؟ |
| مچھر کے دنوں میں مچھر دانی استعمال کرتا ہوں۔ | أَسْتَعْمِلُ النَّامُوْسِيَّةَ فِي أَوْقَاتِ الْبَعُوْضَةِ ۔ |
| سردی کے دنوں میں تم کیا استعمال کرتے ہو؟ | مَاذَا تَسْتَعْمِلُ فِي فَصْلِ الْبَرْدِ؟ |
| سردی کے دنوں میں لحاف استعمال کرتا ہوں۔ | أَسْتَعْمِلُ اللِّحَافَ فِي أَيَّامِ الْبَرْدِ ۔ |
| کیوں؟ | لِمَاذَا ؟ |
| سردی کے ضرر سے بچنے کے لئے۔ | وِقَايَةً مِنْ ضَرَرِ الْبَرْدِ ۔ |
| سردی سے کیا ضرر ہوتا ہے؟ | أَيُّ ضَرَرٍ مِنَ الْبَرْدِ ؟ |
| سردی سے زکام اور کھانسی ہوجاتی ہے۔ | اَلْبَرْدُ يُسَبِّبُ الزُّكَامَ وَ السُّعَالَ ۔ |
| کس وقت سوکر اٹھتے ہو؟ | مَتٰى تَسْتَيْقِظُ ؟ |
| ساڑھے پانچ بجے سوکر اٹھتا ہوں۔ | أَسْتَيْقِظُ فِي السَّاعَةِ الْخَامِسَةِ وَ النِّصْفِ ۔ |
| تمہیں کون بیدار کرتا ہے؟ | مَنْ يُوْقِظُكَ ؟ |
| میں اکثر و بیشتر خود جاگ جاتا ہوں۔ | أَسْتَيْقِظُ بِنَفْسِي فِي أَكْثَرِ الْأَحْيَانِ ۔ |
| تم نیند سے جاگ کر کیا کرتے ہو؟ | مَاذَا تَعْمَلُ عِنْدَ قِيَامِكَ مِنَ النَّوْمِ ؟ |
| اللہ کا ذکر اور اس کی حمد و ثنا کرتا ہوں۔ | أَذْكُرُ اللّٰهَ وَ أَحْمَدُهُ ۔ |

Marfat.com

## ناشتہ — اَلْفُطُوْرُ

| | |
|---|---|
| صبح بخیر بھائی جان ! | صَبَاحَ الْخَيْرِ! يَا أَخِيْ . |
| صبح مسرت ۔ | صَبَاحَ السُّرُوْرِ . |
| کیا آپ نے ناشتہ کرلیا ہے ؟ | هَلْ أَفْطَرْتَ ؟ |
| جی ہاں ! میں نے ناشتہ کرلیا ہے ۔ | نَعَمْ! أَفْطَرْتُ . |
| آپ نے ناشتے میں کیا لیا ؟ | عَلٰى أَيِّ شَيْءٍ أَفْطَرْتَ ؟ |
| میں نے ناشتے میں قہوہ اور روٹی کھائی ۔ | أَفْطَرْتُ عَلَى الْخُبْزِ وَالْقَهْوَةِ . |
| آپ نے ناشتے کہاں کیا ؟ | أَيْنَ أَفْطَرْتَ ؟ |
| میں نے گھر پر ناشتہ کیا ۔ | أَفْطَرْتُ فِي الْبَيْتِ . |
| آپ نے کتنے بجے ناشتہ کیا ؟ | فِيْ أَيِّ سَاعَةٍ أَفْطَرْتَ ؟ |
| سات بجے ۔ | فِي السَّاعَةِ السَّابِعَةِ . |
| ناشتے کے بعد آپ نے کیا کام کیا ؟ | مَاذَا عَمِلْتَ بَعْدَ الْفُطُوْرِ ؟ |
| میں مدرسہ گیا ۔ | ذَهَبْتُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ . |
| آپ کس کے ساتھ مدرسے گئے ؟ | مَعَ مَنْ ذَهَبْتَ إِلَى الْمَدْرَسَةِ ؟ |
| میں اپنے بھائی کے ساتھ گیا ۔ | ذَهَبْتُ مَعَ أَخِيْ . |

Marfat.com

## ہفتے کے دن — أَيَّامُ الْأُسْبُوعِ

| | |
|---|---|
| ہفتے میں کتنے دن ہوتے ہیں؟ | كَمْ يَوْمًا فِي الْأُسْبُوعِ؟ |
| ہفتے میں سات دن ہوتے ہیں۔ | فِي الْأُسْبُوعِ سَبْعَةُ أَيَّامٍ۔ |
| انھیں بیان کیجئے؟ | أُذْكُرْهَا؟ |
| سنیچر، اتوار، پیر، منگل، بدھ، جمعرات، جمعہ۔ | اَلسَّبْتُ، اَلْأَحَدُ، اَلْإِثْنَانِ، اَلثُّلَاثَاءُ، اَلْأَرْبِعَاءُ، اَلْخَمِيسُ، اَلْجُمُعَةُ۔ |
| مدرسہ کی چھٹی کس دن ہوتی ہے؟ | فِي أَيِّ يَوْمٍ تُعَطَّلُ الْمَدْرَسَةُ؟ |
| مدرسہ کی چھٹی جمعہ کے دن ہوتی ہے۔ | تُعَطَّلُ الْمَدْرَسَةُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ۔ |
| حکومت کے دفاتر کس دن بند ہوتے ہیں؟ | فِي أَيِّ يَوْمٍ تُعَطَّلُ دَوَائِرُ الْحُكُومَةِ؟ |
| حکومت کے دفاتر اتوار کے دن بند ہوتے ہیں۔ | تُعَطَّلُ دَوَائِرُ الْحُكُومَةِ يَوْمَ الْأَحَدِ۔ |
| تم ہفتے میں کتنے دن تعلیم حاصل کرتے ہو؟ | كَمْ يَوْمًا تَتَعَلَّمُ فِي الْأُسْبُوعِ؟ |
| میں ہفتے میں چھ دن تعلیم حاصل کرتا ہوں۔ | أَتَعَلَّمُ فِي الْأُسْبُوعِ سِتَّةَ أَيَّامٍ۔ |
| دن میں کتنے گھنٹے ہوتے ہیں؟ | كَمْ سَاعَةً فِي النَّهَارِ؟ |
| دن میں بارہ گھنٹے ہوتے ہیں۔ | فِي النَّهَارِ اثْنَتَا عَشْرَةَ سَاعَةً۔ |
| رات میں کتنے گھنٹے ہوتے ہیں؟ | كَمْ سَاعَةً فِي اللَّيْلِ؟ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| رات میں بارہ گھنٹے ہوتے ہیں۔ | فِي اللَّيْلِ اِثْنَتَا عَشْرَةَ سَاعَةً۔ |
| رات اور دن میں کتنے گھنٹے ہوتے ہیں؟ | كَمْ سَاعَةً فِي اللَّيْلِ وَ النَّهَارِ ؟ |
| رات اور دن میں چوبیس گھنٹے ہوتے ہیں۔ | فِي اللَّيْلِ وَ النَّهَارِ أَرْبَعٌ وَ عِشْرُوْنَ سَاعَةً۔ |
| مہینے میں کتنے دن ہوتے ہیں؟ | كَمْ يَوْمًا فِي الشَّهْرِ؟ |
| مہینے میں انتیس یا تیس دن ہوتے ہیں۔ | فِي الشَّهْرِ تِسْعٌ وَّعِشْرُوْنَ أَوْ ثَلَاثُوْنَ يَوْمًا۔ |
| سال میں کتنے مہینے ہوتے ہیں؟ | كَمْ شَهْرًا فِي السَّنَةِ ؟ |
| سال میں بارہ مہینے ہوتے ہیں۔ | فِي السَّنَةِ اِثْنَا عَشَرَ شَهْرًا۔ |

## گیند — اَلْكُرَةُ

| | |
|---|---|
| تم کس چیز سے کھیل رہے ہو؟ | بِأَيِّ شَيْءٍ تَلْعَبُ ؟ |
| میں گیند سے کھیل رہا ہوں۔ | أَنَا أَلْعَبُ بِالْكُرَةِ۔ |
| یہ گول گول چیز کیا ہے جو تم نے درخت کی طرف پھینکی ہے؟ | مَا هٰذَا الشَّيْءُ الْمُدَوَّرُ الَّذِيْ رَمَيْتَهُ إِلَى الشَّجَرِ ؟ |
| یہ گیند ہے۔ | هٰذِهٖ كُرَةٌ۔ |
| تم نے گیند کس چیز سے پھینکی ہے؟ | بِأَيِّ شَيْءٍ رَمَيْتَ الْكُرَةَ ؟ |
| میں نے گیند ہاتھ سے پھینکی ہے۔ | رَمَيْتُ الْكُرَةَ بِالْيَدِ۔ |
| کیا تم بلّے سے نہیں کھیلتے ؟ | هَلْ لَا تَلْعَبُ بِالصَّوْلَجَانِ ؟ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| نہیں۔ | لَا ! |
| پاؤں سے گیند کون پھینک رہا ہے؟ | مَنْ يَرْمِي الْكُرَةَ بِالْقَدَمِ ؟ |
| حامد پاؤں سے گیند پھینک رہا ہے۔ | حَامِدٌ يَرْمِي الْكُرَةَ بِالْقَدَمِ . |
| کیا اس میدان میں والی بال کا میچ ہے؟ | هَلْ هُنَاكَ مُبَارَاةُ كُرَةِ الْيَدِ فِي هَذَا الْمَلْعَبِ ؟ |
| جی ہاں! | نَعَمْ ! |
| اس کھیل میں کتنی پارٹیاں حصّہ لے رہی ہیں؟ | كَمْ فَرِيقًا يُسَاهِمُ فِي هَذِهِ الْمُبَارَاةِ ؟ |
| دو! | اِثْنَانِ . |
| تم کونسی پارٹی کے ساتھ ہو؟ | مَعَ أَيِّ فَرِيقٍ أَنْتَ ؟ |
| میں اس پارٹی کے ساتھ ہوں جس نے میچ جیتا ہے۔ | أَنَا مَعَ الْفَرِيقِ الَّذِي فَازَ فِي الْمُبَارَاةِ . |
| تم کتنے گول سے جیتے ہو؟ | بِكَمْ هَدَفٍ نَجَحْتُمْ ؟ |
| دو کے مقابلے میں چار گول سے۔ | بِأَرْبَعَةِ أَهْدَافٍ مُقَابِلَ الْهَدَفَيْنِ . |

## پرچون فروش کی دکان — دُكَّانُ الْبَقَّالِ

| | |
|---|---|
| بھیا! اس محلّے میں پرچون فروش کی دکان کہاں پر واقع ہے؟ | أَيْنَ دُكَّانُ الْبَقَّالِ فِي هَذَا الْحَيِّ يَا أَخِي ؟ |
| جناب! پرچون فروش کی دکان ہمارے گھر کے راستے میں ہے۔ | دُكَّانُ الْبَقَّالِ فِي طَرِيقِ مَنْزِلِنَا يَا سَيِّدِي ! |

Marfat.com

پرچون فروش اپنی دکان کب کھولتا ہے اور کس وقت بند کرتا ہے؟
مَتَى يَفْتَحُ الْبَقَّالُ دُكَّانَهُ وَ يُغْلِقُ ؟

وہ اپنی دکان صبح سویرے کھولتا ہے اور عشاء کے وقت بند کرتا ہے۔
يَفْتَحُ دُكَّانَهُ صَبَاحًا مُبَكِّرًا وَ يُغْلِقُهُ عِشَاءً .

کیا اس کی دکان میں کھانے پینے کی سب چیزیں موجود ہیں؟
أَفِي دُكَّانِهِ كُلُّ نَوْعٍ مِنْ أَنْوَاعِ الْمَأْكُولَاتِ ؟

جی ہاں!
نَعَمْ !

چیزوں کا ریٹ کیا ہے، سستی ہیں یا گراں؟
كَيْفَ أَسْعَارُ الْأَشْيَاءِ ؟ هَلْ هِيَ رَخِيصَةٌ أَمْ غَالِيَةٌ ؟

ہر چیز یہاں متعینہ ریٹ پر فروخت ہوتی ہے۔
يُبَاعُ كُلُّ شَيْءٍ هُنَا بِسِعْرٍ مُحَدَّدٍ .

پرچون فروش کا اخلاق کیسا ہے؟
كَيْفَ خُلُقُ الْبَقَّالِ ؟

اس کا اخلاق اچھا ہے وہ ایک ایماندار اور نفاست پسند آدمی ہے، انصاف کے ساتھ تولتا ہے، کاغذ کے پیکٹ میں رکھ کر چیزیں دیتا ہے اور خریداروں کے ساتھ نرم اور میٹھے لہجے میں گفتگو کرتا ہے۔
خُلُقُهُ حَسَنٌ ، هُوَ رَجُلٌ أَمِينٌ يُحِبُّ النَّظَافَةَ ، يَزِنُ الْأَشْيَاءَ بِالْعَدْلِ وَيُسَلِّمُهَا إِلَى الْمُشْتَرِي بَعْدَ وَضْعِهَا فِي غِلَافٍ مِنَ الْوَرَقِ ، يَتَحَدَّثُ مَعَ الْمُشْتَرِينَ فِي أُسْلُوبٍ لَيِّنٍ عَذْبٍ .

## سبزی فروش کی دکان
## دُكَّانُ الْخُضَرِيِّ

آؤ بازار چلیں!
هَيَّا نَذْهَبُ إِلَى السُّوقِ .

Marfat.com

| | |
|---|---|
| کیوں بھائی؟ | لِمَاذَا يَا أَخِيْ؟ |
| مجھے سبزی خریدنی ہے۔ | أُرِيْدُ أَنْ أَشْتَرِيَ الْخُضَرَ۔ |
| بہت بہتر! دومنٹ بعد چلتے ہیں۔ | حَسَنًا! نَذْهَبُ بَعْدَ دَقِيْقَتَيْنِ۔ |
| یہ سبزی فروش کی دکان ہے یہاں سے خرید لیجئے۔ | هٰذَا دُكَّانُ الْخُضَرِيِّ، اِشْتَرِ مِنْ هُنَا۔ |
| اس کی دکان میں کون کون سی سبزیاں ہیں؟ | مَا فِيْ دُكَّانِهِ مِنَ الْخُضَرِ؟ |
| اس میں آلو، گاجر، ٹماٹر، بینگن، بھنڈی، شلجم، کدو وغیرہ ہے۔ | فِيْهِ بَطَاطِسُ، جَزَرٌ، طَمَاطِمُ، بَاذِنْجَانٌ، بَامِيَةٌ، لِفْتٌ، دُبَّاءٌ۔ |
| صبح بخیر۔ | صَبَاحَ الْخَيْرِ۔ |
| صبح بخیر جناب! خوش آمدید تشریف لائیے، میرے پاس سستی اور تازہ سبزیاں ہیں۔ | صَبَاحَ الْخَيْرِ يَا سَيِّدِيْ! أَهْلًا وَ سَهْلًا، تَفَضَّلْ! عِنْدِيْ خُضَرٌ طَازِجَةٌ وَ رَخِيْصَةٌ۔ |
| ایک کیلو آلو، آدھا کلو گاجر اور پاؤ کلو ٹماٹر دیجئے، تازہ سبزیاں دیجئے۔ | هَاتِ كِيْلُوْ وَاحِد مِنَ الْبَطَاطِسِ وَنِصْفَ كِيْلُوْ مِنَ الْجَزَرِ وَرُبْعَ كِيْلُوْ مِنَ الطَّمَاطِمِ، هَاتِ الْخُضَرَ الطَّازِجَةَ۔ |
| میرے پاس تمام سبزیاں تازہ اور عمدہ ہیں۔ | كُلُّ الْخُضَرِ عِنْدِيْ طَازِجَةٌ وَ جَيِّدَةٌ۔ |
| یہ گاجر خراب ہے، دوسری ٹوکری سے دیجئے۔ | هٰذَا الْجَزَرُ رَدِيْءٌ، هَاتِ مِنْ سَلَّةٍ أُخْرَى۔ |
| بہت بہتر جناب! | حَسَنٌ يَا سَيِّدِيْ! |

Marfat.com

# المحادثات

## گفتگو، بات چیت

Marfat.com

ہر زبان میں تلفظ کی ادائیگی اور لب و لہجے کا مسئلہ اہمیت رکھتا ہے، مگر اس حقیقت سے بھی انکار کی گنجائش نہیں کہ کسی بھی زبان کے لب و لہجے کو تحریر کے ذریعہ نہیں سمجھایا جا سکتا، آئندہ صفحات میں تمام اہم مواقع کے لئے ضروری گفتگو موجود ہے، آپ اگر ان جملوں کو سپاٹ لہجے میں ادا کریں تو اس طرح مافی الضمیر کا اظہار تو ممکن ہے مگر اسے عربی بولنے سے تعبیر نہیں کیا جا سکتا. ذیل میں کچھ ہدایات لکھی جاتی ہیں آپ ان پر پوری توجہ دیں۔

پہلی بات یہ یاد رکھئے کہ عربی زبان کے الفاظ کی ادائیگی پوری قوت سے ہوتی ہے. کوئی بھی لفظ ادا کریں تو اسے اس کے صحیح مخرج (منھ سے حرف نکلنے کی جگہ) سے ادا کریں. ہر جملے کے آخر میں معمولی سے جھٹکے کے ساتھ ٹھہر جائیں. یعنی جملے کے آخری حرف کی حرکت (زبر، زیر، پیش) کا تلفظ نہ کریں بلکہ وہاں وقف کریں۔

اگر آپ کے شہر میں حافظ و قاری عالم موجود ہوں تو ان سے عربی کے تمام حروف کے مخارج اور ان کا تلفظ معلوم کر لیجئے. تبلیغی جماعتوں کے ساتھ اکثر عرب حضرات آپ کے شہروں میں پہنچتے رہتے ہیں، اگر کبھی آپ کو ان سے ملنے کا اتفاق ہو تو ان سے ضرور گفتگو کیجئے اور ان کا لب و لہجہ اپنانے کی کوشش کیجئے۔

آنے والے صفحات میں بہت سے موضوعات پر گفتگو دی جا رہی ہے، آپ اس کی مدد سے دوسرے موضوعات پر بھی گفتگو کر سکتے ہیں، کہیں کہیں یعنی اعداد و شمار، کرایہ کی تفصیل، اور کسٹم وغیرہ کے متعلق جو کچھ لکھا گیا ہے اسے آپ محض گفتگو کی نظر سے دیکھیں۔

Marfat.com

## ملاقات اور رخصت کے موقع پر

## عِنْدَ الْاِلْتِقَاءِ وَالْوَدَاعِ

### ملاقات

### اَلْاِلْتِقَاءُ

| | |
|---|---|
| صبح بخیر۔ | صَبَاحَ الْخَيْرِ۔ |
| شام بخیر۔ | مَسَاءَ الْخَيْرِ۔ |
| شب بخیر۔ | لَيْلَةٌ سَعِيْدَةٌ، طَابَتْ لَيْلَتُكُمْ۔ |
| دن بخیر۔ | طَابَ نَهَارُكُمْ، نَهَارُكُمْ سَعِيْدٌ۔ |
| خوش آمدید۔ | أَهْلًا وَ سَهْلًا مَرْحَبًا۔ |
| مجھے آپ کی ملاقات سے خوشی ہوئی۔ | سَرَّنِيْ لُقْيَاكَ۔ |
| مجھے آپ کا استقبال کرتے ہوئے خوشی محسوس ہو رہی ہے۔ | يَسُرُّنِيْ أَنْ أُرَحِّبَ بِكُمْ۔ |
| خوش نصیبی۔ | حَظٌّ حَسَنٌ، حَظًّا سَعِيْدًا۔ |
| مزاج شریف؟ | كَيْفَ حَالُكَ، كَيْفَ أَنْتَ؟ |
| ٹھیک ہوں۔ میں آپ کا شکر گذار ہوں۔ | بِخَيْرٍ! أَشْكُرُكَ۔ |

Marfat.com

## رخصت — اَلوَدَاعُ

| | |
|---|---|
| الوداع ۔ | وِدَاعاً ۔ |
| الوداع ۔ | إِلَى اللِّقَاءِ ۔ |
| الوداع ۔ | اَسْتَوْدِعُكَ اللّٰهَ ۔ |
| خداحافظ ۔ | أَنْتَ فِي رِعَايَةِ اللّٰهِ ۔ |
| خداحافظ ۔ | تَصْحَبُكَ السَّلَامَةُ ۔ |
| خداحافظ ۔ | بِخَاطِرِكَ ۔ |
| پھر ملیں گے ۔ | أَرَاكَ فِيمَا بَعْدُ ۔ |
| دوبارہ ملاقات ہوگی ۔ | نَلْتَقِي ثَانِيًا ۔ |

## دو دوستوں کے درمیان بات چیت — مُحَادَثَةٌ بَيْنَ الصَّدِيقَيْنِ

| | |
|---|---|
| صبح بخیر بھائی ! | صَبَاحَ الْخَيْرِ يَا أَخِي ! |
| کیسے مزاج ہیں ؟ | كَيْفَ حَالُكَ ؟ |
| خیریت سے ہوں ، شکریہ ! | مَعَ الْخَيْرِ ، شُكْرًا ! |
| کہاں تھے ؟ میں نے کافی عرصے سے تمہیں نہیں دیکھا ۔ | أَيْنَ كُنْتَ ؟ لَمْ أَرَكَ مُنْذُ مُدَّةٍ بَعِيدَةٍ ۔ |
| میں بیمار تھا ۔ | كُنْتُ عَلِيلًا ۔ |
| افسوس ! مجھے کسی نے نہیں بتلایا ۔ | أَسَفًا ! لَمْ يُخْبِرْنِي أَحَدٌ ۔ |
| کوئی حرج نہیں ۔ شکریہ ! | لَا بَأْسَ ۔ شُكْرًا ۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| تم اب کیسے ہو؟ | كَيْفَ أَنْتَ الْآنَ ؟ |
| خدا کا شکر ہے اب صحت بحال ہو گئی ہے۔ | عَادَتْ صِحَّتِيْ بِحَمْدِ اللّٰهِ۔ |
| مبارک ہو۔ | هَنِيْئًا لَكَ۔ |
| بہت بہت شکریہ! | أَشْكُرُكَ جِدًّا۔ |
| تمہیں مجھے اطلاع کرانی چاہیئے تھی۔ | كَانَ مِنَ الْوَاجِبِ أَنْ تُخْبِرَنِيْ۔ |
| میں تمہیں پریشان کرنا نہیں چاہتا تھا۔ | لَمْ أَكُنْ أُحِبُّ أَنْ أُزْعِجَكَ۔ |
| تمہیں کیا مرض لاحق ہو گیا تھا؟ | أَيُّ مَرَضٍ أَلَمَّ بِكَ ؟ |
| مجھے بخار کی تکلیف تھی۔ | أَصَابَتْنِي الْحُمّٰى۔ |
| مجھے خوشی ہے کہ اب تم بعافیت ہو۔ | يَسُرُّنِيْ أَنَّكَ بِخَيْرٍ الْآنَ۔ |
| آج کی کیا خبریں ہیں؟ اخبار پڑھا ہے؟ | مَا هِيَ أَخْبَارُ الْيَوْمِ ؟ هَلْ قَرَأْتَ الْجَرِيْدَةَ ؟ |
| اچھی خبریں نہیں ہیں۔ | لَيْسَتْ بِأَخْبَارٍ طَيِّبَةٍ۔ |
| کیا کوئی نئی بات؟ | هَلْ مِنْ شَيْءٍ جَدِيْدٍ ؟ |
| ہندوستان کے بعض علاقوں میں فرقہ وارانہ فسادات کی آگ بھڑک اٹھی ہے۔ | لَقَدِ الْتَهَبَتْ نَارُ الْإِضْطِرَابَاتِ الطَّائِفِيَّةِ فِيْ بَعْضِ مَنَاطِقِ الْهِنْدِ۔ |
| کیا یہ سچ ہے؟ | أَحَقًّا هٰذَا ؟ |
| ہاں! اور مسلمانوں کو بہت زیادہ نقصان پہنچا ہے۔ | نَعَمْ! وَقَدْ لَحِقَتْ بِالْمُسْلِمِيْنَ خَسَائِرُ جَسِيْمَةٌ۔ |

Marfat.com

مجھے اس خبر سے سخت تکلیف پہنچی ہے۔ — لَقَدْ اٰذَانِیْ هٰذَا النَّبَأُ كَثِيْرًا۔

اچھا اب اجازت دیجئے۔ — دَعْنِیْ اَرَاكَ ثَانِيًا۔

ملاقات تک کے لئے رخصت۔ — اِلَى اللِّقَاءِ۔

## ڈاک خانہ — مَكْتَبُ الْبَرِيْدِ

یہاں سے ڈاک خانہ کتنی دور ہے؟ — كَمْ يَبْعُدُ مِنْ هُنَا مَكْتَبُ الْبَرِيْدِ؟

کافی دور ہے۔ — بَعِيْدٌ جِدًّا۔

میں یہاں سے ڈاک خانے کس طرح جا سکتا ہوں؟ — كَيْفَ يُمْكِنُنِيْ الذَّهَابُ اِلَى مَكْتَبِ الْبَرِيْدِ مِنْ هُنَا؟

بس یا ٹیکسی کے ذریعہ۔ — بِسَيَّارَةٍ اَوْ بِتَاكْسِيْ۔

کیا پیدل جانا ممکن نہیں ہے؟ — هَلاَّ يُمْكِنُ الذَّهَابُ مَاشِيًا؟

پیدل جانے کے لئے یہ کافی دور ہے۔ — اِنَّهُ بَعِيْدٌ جِدًّا لِاَنْ تَذْهَبَ مَاشِيًا۔

برائے کرم میرے لئے ٹیکسی کیجئے۔ — اُطْلُبْ لِيْ تَاكْسِيْ مِنْ فَضْلِكَ۔

بخوشی جناب۔ — بِكُلِّ سُرُوْرٍ يَا سَيِّدِيْ۔

میں ایک خط بھیجنا چاہتا ہوں، کیا آپ خطوط فروخت ہونے کی جگہ بتلانے کی مہربانی کریں گے؟ — اُوَدُّ اَنْ اُرْسِلَ رِسَالَةً؛ هَلْ تَعْمَلُ مَعِيْ مَعْرُوْفًا وَ تَدُلُّنِيْ عَلَى مَكَانِ شِرَاءِ الْبِطَاقَاتِ؟

Marfat.com

جی ہاں! کیوں نہیں؟ میرے ساتھ تشریف لائیے۔ — نَعَمْ! وَكَيْفَ لَا؟ تَعَالَ مَعِي.

آپ کا بہت بہت شکریہ۔ — شُكْرًا لَكَ۔

مجھے ایک کارڈ اور دو لفافے دیجئے۔ — أَعْطِنِي بِطَاقَةً وَظَرْفَيْنِ۔

یہ لیجئے۔ — تَفَضَّلْ۔

میں اس خط کو ہوائی ڈاک سے بھیجنا چاہتا ہوں، ہوائی ڈاک کا پوسٹ بکس کدھر ہے؟ — أُرِيدُ أَنْ أُرْسِلَ هٰذِهِ الرِّسَالَةَ بِالْبَرِيدِ الْجَوِّيِّ، أَيْنَ يُوجَدُ صُنْدُوقُ الرَّسَائِلِ الْجَوِّيَّةِ؟

یہاں اس گوشے میں۔ — هُنَا فِي تِلْكَ النَّاحِيَةِ۔

مجھے کچھ ٹکٹ دیجئے۔ — أَعْطِنِي بَعْضَ الطَّوَابِعِ۔

آپ ڈاک ٹکٹ کھڑکی نمبر ۵ سے خرید سکتے ہیں۔ — يُمْكِنُكَ أَنْ تَشْتَرِيَ الطَّوَابِعَ مِنْ غُرْفَةٍ رَقْمُهَا ۵ (خَمْس)۔

میں ایک منی آرڈر کرنا چاہتا ہوں۔ — أُرِيدُ أَنْ أُرْسِلَ حَوَالَةً بَرِيدِيَّةً۔

کھڑکی نمبر ۶ سے۔ — مِنْ غُرْفَةٍ رَقْمُهَا ۶ (سِتَّة)۔

اگر یہ خط رجسٹرڈ ڈاک سے بھیجا جائے تو کیا خرچ ہوگا؟ — كَمْ أُكَلَّفُ لَوْ أَرْسَلْتُ هٰذِهِ الرِّسَالَةَ بِالْبَرِيدِ الْمُسَجَّلِ؟

دو روپے پچیس پیسے۔ — رُوبِيَتَانِ وَالرُّبُعُ۔

برائے کرم ٹیلی گرام کی خانہ پری کر دیجئے۔ — تَلَطَّفْ بِتَعْبِئَةِ هٰذِهِ الْبَرْقِيَّةِ۔

مجھے ٹیلی گرام فارم کا کوئی نمونہ دکھلائیے۔ — أَعْطِنِي نُمُوذَجًا مِنْ وَرَقِ الْبَرْقِيَّاتِ۔

Marfat.com

| | |
|---|---|
| براۓ مہربانی مجھے پوسٹل پارسل کا شعبہ بتلائیے۔ | مِنْ فَضْلِكَ دُلَّنِي عَلَى قِسْمِ الطُّرُوْدِ الْبَرِيْدِيَّةِ۔ |
| یہ ہے جناب۔ | هٰذَا هُوَ يَا سَيِّدِيْ۔ |
| میں یہ کتابیں وی، پی کرنا چاہتا ہوں۔ | أُرِيْدُ أَنْ أُحَوِّلَ هٰذِهِ الْكُتُبَ عَلَى الْمُشْتَرِيْ بِالْبَرِيْدِ۔ |
| بخوشی جناب! وی، پی پارسل کہاں ہے؟ | بِكُلِّ سُرُوْرٍ يَا سَيِّدِيْ! أَيْنَ الطَّرْدُ الْمُحَوَّلُ؟ |
| وہ یہ ہے جناب! | هٰذَا هُوَ۔ |
| بھیجنے والے کا کیا نام ہے، اور جس کے پاس بھیجا جارہا ہے اس کا کیا نام ہے؟ | مَا إِسْمُ الْمُرْسِلِ...... وَمَا إِسْمُ الْمُرْسَلِ إِلَيْهِ؟ |
| مرسل کا نام ......، اور مرسل الیہ کا نام........ہے۔ | إِسْمُ الْمُرْسِلِ........، وَإِسْمُ الْمُرْسَلِ إِلَيْهِ........۔ |
| کیا آپ کے پاس میرے نام کے خطوط ہیں؟ | هَلْ عِنْدَكُمْ رَسَائِلُ تَحْمِلُ إِسْمِيْ؟ |
| آپ کا پوسٹ بکس نمبر کیا ہے؟ | مَا رَقْمُ صُنْدُوْقِ بَرِيْدِكَ؟ |
| میرا پوسٹ بکس نمبر ۲۱۵ ہے۔ | صُنْدُوْقُ بَرِيْدِيْ رَقْمُهُ ۲۱۵ (مِائَتَانِ وَخَمْسَةَ عَشَرَ)۔ |
| یہ ایک خط ہے۔ | هٰذِهِ وَاحِدَةٌ۔ |
| شکریہ! | شُكْرًا۔ |

Marfat.com

## ٹیلی فون پر — عَلَى الْهَاتِفِ

| | |
|---|---|
| میں ٹیلی فون پر بات چیت کرنا چاہتا ہوں۔ | أُرِيْدُ أَنْ أَتَكَلَّمَ عَلَى الْهَاتِفِ۔ |
| سر آنکھوں پر جناب! لیکن لائن صاف نہیں ہے۔ | عَلَى الرَّأْسِ وَ الْعَيْنِ يَا سَيِّدِيْ! وَ لٰكِنَّ الْخَطَّ مَشْغُوْلٌ۔ |
| اف! میرے پاس ایک ضروری پیغام ہے۔ | أُفٍّ! عِنْدِيْ رِسَالَةٌ مُهِمَّةٌ۔ |
| ہمیں افسوس ہے جناب! تھوڑی دیر انتظار فرمائیے۔ | نَتَأَسَّفُ يَا سَيِّدِيْ! اِنْتَظِرُوْا قَلِيْلاً۔ |
| اب آپ ٹیلیفون پر بات چیت کر سکتے ہیں۔ | اَلْآنَ يُمْكِنُ أَنْ تَتَّصِلُوْا بِالْمُسَرَّةِ۔ |
| ہیلو! میں عبدالرحمٰن دہلی سے بول رہا ہوں۔ | هَالُوْ! عَبْدُ الرَّحْمٰنِ يَتَكَلَّمُ مِنْ دِلْهِي۔ |
| ہیلو! میں صاف نہیں سن پا رہا ہوں، براہِ کرم زور سے بولیے۔ | هَالُوْ! إِنَّنِيْ لَا أَسْمَعُ بِصُوْرَةٍ وَاضِحَةٍ اِرْفَعْ صَوْتَكَ مِنْ فَضْلِكَ۔ |
| جی ہاں! کون؟ عبدالرحمٰن؟ کیا حال ہے دوست؟ | نَعَمْ! مَنْ؟ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ؟ كَيْفَ حَالُكَ يَا صَدِيْقِيْ؟ |
| تم آج شام کیا کرو گے؟ | مَاذَا سَتَفْعَلُ مَسَاءَ الْيَوْمِ؟ |
| میں خالی ہوں۔ | أَنَا فَارِغٌ۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| میں تم سے ملنا چاہتا ہوں ۔ | أُرِيْدُ أَنْ أَلْقَاكَ ۔ |
| کہاں ؟ | أَيْنَ ؟ |
| کسی کلب میں ۔ | فِي أَحَدِ النَّوَادِي ۔ |
| لیکن میں آج گھر پر رہنا چاہتا ہوں ۔ | وَلٰكِنْ أُرِيْدُ أَنْ أَبْقَى الْيَوْمَ فِي الْبَيْتِ ۔ |
| کیوں ؟ کیا کوئی تمہارے پاس آنے والا ہے ؟ | لِمَاذَا يَا أَخِي ؟ هَلْ يَأْتِي أَحَدٌ عِنْدَكَ ؟ |
| ممکن ہے کہ میرا چچازاد بھائی آج رات کے پلین سے دہلی پہنچے ، لیکن تم کیوں ملنا چاہتے ہو؟ کیا کوئی خاص کام ہے ؟ | يُمْكِنُ أَنْ يَصِلَ ابْنُ عَمِّي إِلَى دِلْهِي بِطَائِرَةِ اللَّيْلِ ، وَلٰكِنْ لِمَاذَا تُرِيْدُ اللِّقَاءَ ؟ هَلْ هُنَاكَ أَمْرٌ مُهِمٌّ ؟ |
| نہیں! کوئی خاص کام نہیں! میں نے تمہیں بہت دن سے نہیں دیکھا۔ | لَا ! لَيْسَتْ هُنَاكَ حَاجَةٌ خَاصَّةٌ ، إِنَّمَا لَمْ أَرَكَ مُذْ مُدَّةٍ بَعِيْدَةٍ ۔ |
| ٹھیک ہے! کل ملیں گے ۔ یا تم آج رات میرے ساتھ کھانا کھاؤ گے ۔ | حَسَنًا ! نَلْتَقِي غَدًا ۔ أَوْ تَتَنَاوَلُ الْعَشَاءَ مَعِي ۔ |
| شکریہ! میں آج رات مشغول ہوں۔ | شُكْرًا : أَنَا مَشْغُوْلٌ الْيَوْمَ ۔ |
| کیا مصروفیت ہے ؟ | مَا يَشْغَلُكَ ؟ |
| مت پوچھو ، کل بتلاؤں گا ۔ | لَا تَسْأَلْنِي ، سَأُبَيِّنُ لَكَ غَدًا ۔ |
| ملاقات تک کے لئے رخصت ۔ | إِلَى اللِّقَاءِ ۔ |
| خدا حافظ ۔ | بِخَاطِرِكَ ۔ |

Marfat.com

## کرایہ کا فلیٹ — شَقَّةٌ لِلْإِيجَارِ

| | |
|---|---|
| کیا آپ کے پاس کرایہ پر دینے کے لئے کوئی فلیٹ ہے؟ | هَلْ عِنْدَكُمْ شَقَّةٌ لِلْإِيجَارِ؟ |
| جی ہاں! ہے۔ | نَعَمْ! مَوْجُودٌ. |
| کیا وہ فیملی کے لئے ہے؟ | هَلْ هِيَ لِعَائِلَةٍ؟ |
| جی ہاں! اور تمام عصری سہولیات سے آراستہ۔ | نَعَمْ! وَهِيَ مُزَوَّدَةٌ بِالتَّسْهِيلَاتِ الْعَصْرِيَّةِ. |
| بہت خوب! میں اسے دیکھنا چاہتا ہوں۔ | حَسَنًا! أُرِيدُ أَنْ أَرَاهَا. |
| آپ پہلی منزل پر چاہتے ہیں یا دوسری منزل پر؟ | هَلْ تُرِيدُ فِي الطَّابَقِ الْأَوَّلِ أَمْ فِي الطَّابَقِ الثَّانِي؟ |
| میں دوسری منزل پر چاہتا ہوں۔ | أُرِيدُ فِي الطَّابَقِ الثَّانِي. |
| ہمیں افسوس ہے! دوسری منزل پر کوئی فلیٹ کرایہ پر اٹھانے کے لئے باقی نہیں رہا۔ | أَسَفًا! لَمْ تَبْقَ شَقَّةٌ لِلْإِيجَارِ فِي الطَّابَقِ الثَّانِي. |
| تب تیسری منزل پر۔ | إِذَنْ فِي الطَّابَقِ الثَّالِثِ. |
| ہاں! یہ ممکن ہے۔ تشریف لائیے! فلیٹ تین کمروں پر مشتمل ہے۔ | نَعَمْ! هٰذَا يُمْكِنُ! تَفَضَّلْ! هٰذِهِ الشَّقَّةُ ذَاتُ ثَلَاثِ غُرُفَاتٍ. |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| یہ فلیٹ میرے لئے بڑا ہے ، میں صرف دو کمرے چاہتا ہوں ۔ | هَذِهِ كَبِيْرَةٌ لِيْ ، أُرِيْدُ غُرْفَتَيْنِ فَقَطْ ۔ |
| میرے پاس اس قسم کا ایک فلیٹ ہے ۔ | عِنْدِيْ وَاحِدَةٌ بِهٰذَا الْوَصْفِ ۔ |
| وہ کہاں ہے ؟ | أَيْنَ هِيَ ؟ |
| پہلی منزل پر ۔ | فِي الطَّابَقِ الْأَوَّلِ ۔ |
| کیا وہ فرنیچر سے آراستہ ہے ؟ | هَلْ هِيَ مَفْرُوْشَةٌ ؟ |
| جی ہاں ! فرنیچر لگا ہوا ہے ۔ | نَعَمْ ! هِيَ مَفْرُوْشَةٌ ۔ |
| کیا کرایہ ہے ؟ | مَا هِيَ أُجْرَتُهَا ؟ |
| سو روپیہ ماہانہ ۔ | مِائَةُ رُوْبِيَةٍ شَهْرِيًّا ۔ |
| کیا اس میں پانی اور بجلی کا کرایہ بھی شامل ہے ؟ | هَلْ فِيْ ذٰلِكَ أُجْرَةُ الْمَاءِ وَ الْكَهْرَبَاءِ ؟ |
| ظاہر ہے جناب ۔ | طَبْعًا يَا سَيِّدِيْ ۔ |

## کار کی مرمت — تَصْلِيْحُ السَّيَّارَةِ

| | |
|---|---|
| میں نے سنا ہے کہ ہمارے دوست مسٹر عبد الرحمن نے ایک کار خریدی ہے ۔ | بَلَغَنِيْ أَنَّ صَدِيْقَنَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ اِشْتَرَى سَيَّارَةً ۔ |
| ہاں ! میں نے بھی سنا ہے ۔ | نَعَمْ ! لَقَدْ سَمِعْتُ أَيْضًا ۔ |
| حیرت ہے ! مسٹر عبد الرحمن اچھی | عَجِيْبٌ جِدًّا ! إِنَّ السَّيِّد |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| طرح کار ڈرائیو نہیں کرسکتے۔ | عَبْدُ الرَّحْمٰنِ لَا يُحْسِنُ سِيَاقَةَ السَّيَّارَةِ. |
| انھوں نے ڈرائیونگ لائسنس حاصل کرلیا ہے۔ | لَقَدْ نَالَ رُخْصَةَ السِّيَاقَةِ. |
| کب؟ | مَتَى؟ |
| ایک ماہ قبل۔ | مُنْذُ شَهْرٍ. |
| ان کی گاڑی کا ماڈل کیا ہے؟ | مَا هِيَ مُوْدِيْلُ (نُمُوْذَجُ) سَيَّارَتِهِ؟ |
| اوپل ٦٧، یہ ایک خوبصورت اور چھوٹی کار ہے، اور چلنے میں ہلکی پھلکی ہے۔ | أُوْبَلْ ٦٧ (سَبْعٌ وَسِتُّوْنَ)، وَهِيَ صَغِيْرَةٌ وَجَمِيْلَةٌ، وَخَفِيْفَةٌ فِي السَّيْرِ. |
| ہمیں ان کی گاڑی دیکھنے کے لئے چلنا چاہیئے۔ | دَعْنَا نَذْهَبُ لِرُؤْيَتِهَا. |
| ٹھیک ہے! آؤ چلیں۔ | حَسَنًا؛ هَيَّا بِنَا. |
| عبدالرحمٰن صاحب! ہم آپ کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ | نُهَنِّئُكُمْ يَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ. |
| میں آپ کا شکرگذار ہوں۔ | أَشْكُرُكُمْ. |
| آپ کی گاڑی کہاں ہے؟ | أَيْنَ سَيَّارَتُكُمْ؟ |
| گاڑی گیرج میں ہے، لیکن میں اسے ورکشاپ لے جارہا ہوں۔ | هِيَ فِي الْمُسْتَوْدَعِ، وَلٰكِنْ أُرِيْدُ أَنْ أَذْهَبَ بِهَا إِلَى وَرْشَةٍ. |
| کیوں؟ | لِمَ؟ |
| مرمّت کے لئے۔ | لِإِصْلَاحِ بَعْضِ مَا فَسَدَ مِنْهَا. |

Marfat.com

کیا یہ مسٹر خالد کا ورکشاپ ہے گاڑیوں کی مرمت کے لئے؟
هَلْ هٰذِهِ وَرْشَةُ السَّيِّدِ خَالِد لِتَصْلِيحِ السَّيَّارَاتِ؟

جی ہاں! یہ ان ہی کا ورکشاپ ہے
نَعَمْ! إِنَّهَا هِيَ، وَ أَيَّةُ خِدْمَةٍ يَا سَيِّدِي؟

فرمایئے! کیا خدمت ہے جناب؟

میں گاڑی کی مرمت کرانا چاہتا ہوں۔
أُرِيْدُ إِصْلَاحَ سَيَّارَتِي.

گاڑی کہاں ہے؟
أَيْنَ هِيَ؟

گاڑی باہر ہے، راڈیٹر کا عمل رک گیا ہے۔
هِيَ فِي الْخَارِجِ، لَقَدْ تَعَطَّلَ الرَّوْدِيتَر عَنِ الْعَمَلِ.

ہم ہر خرابی درست کر دیں گے۔
سَنَقُوْمُ بِإِصْلَاحِ كُلِّ مَا فَسَدَ.

آپ کیا چارج کریں گے؟
كَمْ تَتَقَاضَوْنَ؟

چیکنگ کے بعد جناب!
بَعْدَ الْفَحْصِ يَا سَيِّدِيْ!

میں اسے کب واپس لوں گا؟
مَتَى أَسْتَرِدُّهَا؟

کل صبح آٹھ بجے۔
غَدًا فِي السَّاعَةِ الثَّامِنَةِ صَبَاحًا.

## ڈاکٹر کے پاس | عِنْدَ الطَّبِيْبِ

میں بیمار ہوں ڈاکٹر صاحب!
أَنَا مَرِيْضٌ يَا دُكْتُور!

آپ کو کیا ہوا ہے؟
مَاذَا أَصَابَكَ؟

میں نہیں جانتا مجھے کیا بیماری ہے؟ لیکن میں شدید سردی محسوس کر رہا ہوں، اور کبھی کبھی سر میں سخت درد ہوتا ہے۔
لَا أَعْرِفُ مَاذَا أَصَابَنِي؟ وَ لٰكِنَّنِي أَشْعُرُ بِالْبَرْدِ الشَّدِيْدِ، وَ أَشْكُو الصُّدَاعَ أَحْيَانًا فِي الرَّأْسِ.

Marfat.com

| | |
|---|---|
| مجھے دیکھنے دیجئے۔ | دَعْنِی أَفْحَصُكَ. |
| یہاں؟ | هُنَا؟ |
| نہیں! کلینک روم میں۔ | لَا! فِی غُرْفَةِ الْعِيَادَةِ. |
| مجھے اپنی زبان دکھلائیے۔ | أَرِنِی لِسَانَكَ. |
| کیا آپ اپنے منہ میں کڑواہٹ محسوس کر رہے ہیں؟ | هَلْ تَشْعُرُ بِمَرَارَةٍ فِی الْفَمِ؟ |
| جی ہاں ڈاکٹر صاحب! ہر وقت۔ | نَعَمْ يَا دُكْتُور! فِی كُلِّ وَقْتٍ. |
| یہ تھرمامیٹر ہے، براہ کرم اسے اپنی جیب کے نیچے رکھ لیجئے۔ | هٰذَا مِيزَانُ حَرَارَةٍ، ضَعْهُ مِنْ فَضْلِكَ تَحْتَ لِسَانِكَ. |
| سر میں درد عموماً کس وقت ہوتا ہے؟ اور کیا قے ابھی ہوئی ہے؟ | مَتٰی تَشْكُو الصُّدَاعَ فِی أَغْلَبِ الْأَحْيَانِ؟ وَهَلْ تَقَيَّأْتَ؟ |
| سر میں درد عموماً صبح کو اس وقت ہوتا ہے جب میں بستر سے اٹھتا ہوں، اور آج کئی بار قے ابھی ہوئی ہے۔ | يُؤْلِمُنِی رَأْسِی صَبَاحًا عِنْدَمَا أَنْهَضُ مِنَ الْفِرَاشِ، وَقَدْ تَقَيَّأْتُ الْيَوْمَ مِرَارًا. |
| ہضم کی حالت کیسی ہے؟ | كَيْفَ حَالَةُ الْهَضْمِ؟ |
| مجھے قبض کی شکایت ہے۔ | إِنَّنِی أُعَانِی إِمْسَاكًا شَدِيدًا. |
| گھبرائیے مت، مرض پیچیدہ نہیں ہے، بلڈ پریشر اچھی حالت میں ہے، ٹمپریچر بھی فطری ہے اور نبض کی رفتار بھی معمول کے مطابق ہے۔ | لَا تَخَفْ، اَلْمَسْأَلَةُ بَسِيطَةٌ جِدًّا، إِنَّ ضَغْطَ الدَّمِ فِی حَالَةٍ جَيِّدَةٍ، وَدَرَجَةُ حَرَارَتِكَ طَبِيعِيَّةٌ، وَنَبْضُكَ عَادِیٌّ. |

Marfat.com

| اردو | عربی |
| --- | --- |
| اور یہ قے، یہ درد، یہ سردی؟ | وَهٰذَا الْقَيْءُ، وَالْوَجَعُ، وَالْبَرْدُ؟ |
| فکر مت کیجئے، میں آپ کو ایک ملین لکھے دیتا ہوں، یہ ملین آپ کو قبض میں مفید رہے گا، اور ایک شربت جو آپ کو فوری طور پر فائدہ پہنچائے گا، ہاں مگر آپ کے لئے ایک انجکشن بہت ضروری ہے، کیا آپ اس کے لئے تیار ہیں؟ | لَا تَقْلَقْ، سَأَصِفُ لَكَ مُلَيِّنًا، إِنَّهُ يُفِيْدُكَ فِي الْإِمْسَاكِ، وَشَرْبَةً تَنْفَعُكَ فِي الْحَالِ، إِلَّا أَنَّكَ فِي حَاجَةٍ شَدِيْدَةٍ إِلَى إِبْرَةٍ، هَلْ تَسْتَعِدُّ أَنْتَ؟ |
| کیسے نہ تیار ہوں؟ میں شدید تکلیف محسوس کر رہا ہوں ڈاکٹر صاحب! | وَكَيْفَ لَا أَسْتَعِدُّ؟ إِنَّمَا أُعَانِي أَلَمًا شَدِيْدًا يَا دُكْتُوْر! |
| تب آپ یہ دوا فارمیسی سے خرید لیجئے۔ | إِذَنْ اِشْتَرِ هٰذَا الدَّوَاءَ مِنَ الصَّيْدَلِيَّةِ۔ |
| ملین اور شربت کب لوں؟ | مَتٰى آخُذُ الْمُلَيِّنَ وَالشَّرْبَةَ؟ |
| یہ ملین رات میں لیجئے اور شربت ابھی لے لیجئے اور کل میرے پاس تشریف لائیے۔ | خُذِ الْمُلَيِّنَ لَيْلَةَ الْيَوْمِ، وَخُذِ الشَّرْبَةَ فِي الْحَالِ، وَتَعَالَ إِلَيَّ غَدًا۔ |
| اور کھانے میں کیا لوں؟ | وَمَاذَا فِي الْأَكْلِ؟ |
| کیا آپ کو کھانے کی خواہش ہے؟ | هَلْ عِنْدَكَ شَهِيَّةٌ لِلْأَكْلِ؟ |
| نہیں! لیکن ممکن ہے کہ تھوڑی دیر بعد بھوک محسوس ہو۔ | كَلَّا! وَلٰكِنَّهُ مِنَ الْمُمْكِنِ أَنْ أَشْعُرَ بِالْجُوْعِ بَعْدَ بُرْهَةٍ۔ |
| تب آپ صرف انڈا اور چائے لیجئے۔ | إِذَنْ خُذِ الْبَيْضَةَ وَالشَّايَ۔ |

Marfat.com

شکریہ ڈاکٹر صاحب! آپ ایک ملاقات کا کیا چارج کرتے ہیں؟
شُكْرًا يَا دُكْتُور! مَاذَا تَتَقَاضَى عَنْ زِيَارَةٍ وَاحِدَةٍ؟

پندرہ روپے۔
خَمْسَ عَشَرَةَ رُوبِيَةً۔

## کپڑوں کی دکان پر

## فِي دُكَّانِ الْأَقْمِشَةِ

میں سوٹ کے لئے کپڑا خریدنا چاہتا ہوں۔
أُرِيدُ أَنْ أَشْتَرِيَ قُمَاشًا لِبَدْلَةٍ۔

آپ کس قسم کا کپڑا چاہتے ہیں؟
مَا نَوْعُ الْقُمَاشِ الَّذِي تُرِيدُهُ؟

مجھے مختلف قسم کے سوتی اور اونی کپڑے دکھلایئے۔
أَرِنِي بَعْضَ أَنْوَاعِ الْأَقْمِشَةِ الْقُطْنِيَّةِ وَالصُّوفِيَّةِ۔

میرا خیال ہے کہ یہ کپڑا آپ کے لئے نہایت موزوں رہے گا جناب!
أَعْتَقِدُ أَنَّ هٰذَا يُنَاسِبُ لَكُمْ، سَيِّدِي!

کیا قیمت کا ہے؟
بِكَمْ ثَمَنٍ؟

نہایت سستا ہے۔
رَخِيصٌ جِدًّا۔

براہ کرم مجھے اس سے اچھا کپڑا دکھلایئے میرے خیال میں یہ رنگ ٹھہرنے والا نہیں ہے۔
مِنْ فَضْلِكَ أَرِنِي أَفْضَلَ مِنْ هٰذَا، أَظُنُّ أَنَّ هٰذَا اللَّوْنَ لَا يَدُوْمُ۔

ہرگز ایسا نہیں ہے جناب! میرے خیال میں بازار میں یہ سب سے بہتر ہے۔
كَلَّا أَبَدًا يَا سَيِّدِي! أَنَا أَعْتَقِدُ أَنَّ هٰذَا أَفْضَلُ مَا فِي السُّوقِ۔

Marfat.com

| | |
|---|---|
| تم دیکھ رہے ہو کہ اس اون کو رنگا گیا ہے۔ | أَنْتَ تَرَى أَنَّ هَذَا الصُّوفَ مَصْبُوغٌ. |
| اس سے اچھا کپڑا ملنا ممکن نہیں ہے۔ | لَا يُمْكِن أَنْ تَجِدَ قُمَاشًا أَفْضَلَ مِنْ هَذَا. |
| یہ کپڑا آپ کس بھاؤ فروخت کر رہے ہیں؟ | بِكَمْ تَبِيْعُ هَذَا الْقُمَاشَ؟ |
| ایک میٹر نوے روپے میں۔ | أَبِيْعُ الْمِتْرَ بِتِسْعِيْنَ رُوْبِيَةً۔ |
| اسے چھوڑیئے، کوئی دوسرا کپڑا دکھلائیے۔ | أُتْرُكْهُ وَ أَرِنِي قُمَاشًا آخَرَ۔ |
| یہ دیکھئے جناب! یہ دوسری قسم کا کپڑا ہے، یہ بہترین کوالٹی کا ہے۔ | أُنْظُرُوْا يَا سَيِّدِيْ! هَذَا نَوْعٌ آخَرُ، إِنَّهُ مِنْ أَفْضَلِ الْأَنْوَاعِ۔ |
| یہ بہت نرم ہے۔ | هَذَا نَاعِمٌ جِدًّا۔ |
| یہ واقعتاً بہت عمدہ ہے۔ | هَذَا جَيِّدٌ فِي الْحَقِيْقَةِ۔ |
| ٹھیک ہے! آپ اسے چار میٹر کاٹ دیجئے۔ | حَسَنًا! إِقْطَعْ لِي أَرْبَعَةَ أَمْتَارٍ۔ |
| اب میں آپ کو ریشمین کپڑا دکھلاؤں گا۔ | سَأُرِيْكَ الْآنَ مِنَ الْأَقْمِشَةِ الْحَرِيْرِيَّةِ۔ |
| شکریہ! مجھے بہت دیر ہو گئی ہے، اب پھر کبھی خریدوں گا۔ | شُكْرًا! لَقَدْ تَأَخَّرْتُ كَثِيْرًا، سَوْفَ أَشْتَرِيْ فِيْ يَوْمٍ آخَرَ۔ |
| خدا حافظ۔ | إِلَى اللِّقَاءِ۔ |

Marfat.com

## درزی کی دکان پر

## فِي دُكَّانِ الخَيَّاطِ

| | |
|---|---|
| میں ایک قمیص اور ایک پاجامہ سلوانا چاہتا ہوں۔ | أُرِيْدُ أَنْ تَخِيْطَ لِيْ قَمِيْصًا وَ سِرْوَالاً۔ |
| بخوشی جناب! | بِكُلِّ سُرُوْرٍ يَا سَيِّدِيْ! |
| قمیص میں کتنے میٹر کپڑا کافی ہوگا؟ | كَمْ مِتْرًا يَكْفِيْ فِي القَمِيْصِ؟ |
| ڈھائی میٹر۔ | مِتْرَانِ وَالنِّصْفُ۔ |
| اور پاجامے میں؟ | وَفِي السِّرْوَالِ؟ |
| دو میٹر۔ | مِتْرَانِ۔ |
| کیا آپ سلے ہوئے کپڑے فروخت کرتے ہیں؟ | هَلْ تَبِيْعُ ثِيَابًا مُخَاطَةً؟ |
| جی ہاں جناب! | نَعَمْ يَا سَيِّدِيْ! |
| مجھے سلک کی ایک قمیص چاہیئے۔ | أُرِيْدُ قَمِيْصًا مِنْ حَرِيْرٍ۔ |
| کس رنگ میں؟ | بِأَيِّ لَوْنٍ؟ |
| میں سفید رنگ کو ترجیح دیتا ہوں۔ | أُفَضِّلُ اللَّوْنَ الأَبْيَضَ۔ |
| سفید سلک کی کوئی قمیص ہمارے پاس موجود نہیں ہے۔ | لَيْسَ عِنْدَنَا قَمِيْصُ حَرِيْرٍ أَبْيَضُ۔ |
| تب آپ مجھے ہلکے نیلے یا گہرے بادامی رنگ میں دکھلائیے۔ | إِذَنْ أَرِنِيْ فِي الأَزْرَقِ الخَفِيْفِ أَوِ الأَسْمَرِ الغَامِقِ۔ |
| ہلکا نیلا ممکن ہے۔ | الأَزْرَقُ الخَفِيْفُ يُمْكِنُ۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| لیکن پکا رنگ ہونا ضروری ہے۔ | وَلٰكِن لَا بُدَّ مِنَ اللَّوْنِ الثَّابِتِ۔ |
| یہ کیسا ہے؟ | كَيْفَ تَجِدُ هٰذَا ؟ |
| یہ عمدہ ہے لیکن سلائی اچھی نہیں ہے۔ | هٰذَا جَيِّدٌ، وَلٰكِنَّ الْخِيَاطَةَ غَيْرُ جَيِّدَةٍ۔ |
| مجھے دوسری قمیص دکھلائیے۔ | أَرِنِي قَمِيصًا آخَرَ۔ |
| یہ کھلتے ہوئے زرد رنگ میں۔ | هٰذَا فِي الْأَصْفَرِ الزَّاهِرِ۔ |
| ہاں یہ ایک خوبصورت قمیص ہے۔ | نَعَمْ هٰذَا قَمِيصٌ جَمِيلٌ۔ |
| لیکن کپڑے کی کوالٹی اچھی نہیں ہے۔ | وَلٰكِن نَوْعُ الْقُمَاشِ لَيْسَ بِأَفْضَلَ۔ |
| یہ بہترین قسم کا کپڑا ہے۔ | هٰذَا مِنْ أَفْضَلِ الْأَنْوَاعِ۔ |
| اس کی کیا قیمت ہے؟ | مَا ثَمَنُهُ ؟ |
| ستر روپے۔ | سَبْعُوْنَ رُوْبِيَةً۔ |
| یہ بہت زیادہ ہے، میں صرف پچاس روپے دوں گا۔ | هٰذَا كَثِيْرٌ جِدًّا، سَأَدْفَعُ لَكَ خَمْسِيْنَ (۵۰) فَقَط۔ |
| نہیں! لیکن (۶۰) ساٹھ روپے دے دیجئے۔ | لَا! وَلٰكِنْ سِتُّوْنَ رُوْبِيَةً۔ |
| ٹھیک ہے! میں اسے پہن کر دیکھ لوں۔ | حَسَنًا! دَعْنِي أَلْبَسُ۔ |
| یہ آپ کے بالکل مناسب ہے۔ | هٰذَا يُنَاسِبُكَ تَمَامًا۔ |
| لیکن گردن پر سے ڈھیلی ہے۔ | وَلٰكِنَّهُ فَضْفَاضٌ عِنْدَ الرَّقَبَةِ۔ |
| اس میں کوئی حرج نہیں ہے جناب! | لَا بَأْسَ بِهِ يَا سَيِّدِي! اَلنَّاس |

Marfat.com

لوگ ڈھیلا ڈھالا کپڑا پسند کرتے ہیں۔ — يُحِبُّونَ الثَّوْبَ الْمُضْفَاضَ ۔
ٹھیک ہے! اسے پیک کر دو۔ — حَسَنًا! لُفَّ ذٰلِكَ ۔

## نائی کی دکان پر — فِي دُكَّانِ الْحَلَّاقِ

تشریف لائیے جناب! — تَفَضَّلْ يَا سَيِّدِي!
شکریہ! — شُكْرًا!
کوئی خدمت جناب! — أَيَّةُ خِدْمَةٍ يَا سَيِّدِي!
میں اپنے بال کٹوانا (منڈوانا) چاہتا ہوں۔ — أُرِيدُ أَنْ أَحْلُقَ رَأْسِي ۔
میں اپنی شیو بنوانا چاہتا ہوں۔ — أُرِيدُ أَنْ أَحْلُقَ ذَقْنِي ۔
میں اپنے بال بنوانا چاہتا ہوں۔ — أُرِيدُ أَنْ أَقُصَّ شَعْرِي ۔
کیا آپ بال چھوٹے کرانا چاہتے ہیں؟ — هَلْ تُرِيدُ أَنْ تُقَصِّرَ شَعْرَكَ؟
جی ہاں! — نَعَمْ!
کیا آپ شیو خود بناتے ہیں؟ — هَلْ تَحْلُقُ ذَقْنَكَ بِنَفْسِكَ؟
اکثر اوقات اور کبھی کبھی نائی کے پاس بھی جاتا ہوں۔ — فِي أَكْثَرِ الْأَوْقَاتِ، وَ أَحْيَانًا أَذْهَبُ إِلَى الْحَلَّاقِ ۔
آپ شیو کس طرح بناتے ہیں؟ — كَيْفَ تَحْلُقُ ذَقْنَكَ؟
پہلے ٹھوڑی اور دونوں گالوں پر کریم لگاتا ہوں، پھر بلیڈ سے بال — أَوَّلًا أَضَعُ الْكِرِيْمَ عَلَى الذَّقْنِ وَالْخَدَّيْنِ، ثُمَّ أَحْلُقُ الشَّعْرَ

Marfat.com

| | |
|---|---|
| اتارتا ہوں اور پھر برش سے صاف کر دیتا ہوں۔ | بِالشَّفْرَةِ ، ثُمَّ أَمْسَحُ بِالْفُرْشَةِ ۔ |
| کیا آپ بالوں میں کنگھی نہیں کرتے ہیں؟ | هَلَّا تَمْشُطُ الشَّعْرَ ؟ |
| کبھی کبھی۔ | أَحْيَانًا ۔ |
| شاید آپ کے بال جھڑتے ہیں جناب! | هَلِ الشَّعْرُ يَتَسَاقَطُ مِنْ رَأْسِكَ يَا سَيِّدِي ! |
| ہاں اس کمزوری کی وجہ سے جو مجھے پچھلے دنوں بخار کی وجہ سے لاحق ہوئی۔ | نَعَمْ لِأَجْلِ الضَّعْفِ الَّذِي أَصَابَنِي أَخِيرًا بِالْحُمّٰى ۔ |
| تب آپ ہیئر ٹانک لیجئے۔ | إِذَنْ اِسْتَعْمِلْ دِهَانَ الشَّعْرِ ۔ |
| میں ہمیشہ ہیئر آئل استعمال کرتا ہوں۔ | أَنَا دَائِمًا أَسْتَعْمِلُ زَيْتَ الشَّعْرِ ۔ |
| تیل بالوں کی کمزوری کے لئے مفید نہیں ہے۔ | لَا يُفِيْدُكَ الزَّيْتُ فِي ضَعْفِ الشَّعْرِ ۔ |
| اب آپ میرے بال بنا دیجئے۔ | اَلْآنَ أُحْلُقْ رَأْسِي ۔ |
| بخوشی جناب! یہاں تشریف رکھئے۔ | بِكُلِّ سُرُوْرٍ يَا سَيِّدِي ! اِجْلِسْ هُنَا ۔ |
| آپ بال قینچی سے بنوانا پسند کریں گے یا بال کاٹنے کی الیکٹرونک مشین سے؟ | هَلْ تُحِبُّ قَصَّ الشَّعْرِ بِالْمِقْرَاضِ أَوْ بِمَاكِيْنَةِ قَصِّ الشَّعْرِ الْكَهْرَبَائِيَّةِ ؟ |
| میں دوسرے طریقہ کو ترجیح دوں گا۔ | أُفَضِّلُ الطَّرِيْقَةَ الثَّانِيَةَ ۔ |
| کیا آپ کے پاس بالوں کو سیٹ کرنے والی مشین بھی ہے؟ | هَلْ عِنْدَكُمْ مَاكِيْنَةُ تَصْفِيْفِ الشَّعْرِ الْكَهْرَبَائِيَّةِ ؟ |

Marfat.com

جی ہاں جناب ۔ | نَعَمْ يَا سَيِّدِي ۔

## کتب فروش کی دکان پر | في دكان الكتب

| | |
|---|---|
| براہ کرم مجھے اپنے مکتبے کی فہرست عطا کیجئے ۔ | أَعْطِنِي مِنْ فَضْلِكُمْ فِهْرِسَ مَكْتَبَتِكُمْ ۔ |
| یہ لیجئے جناب ! | تَفَضَّلْ يَا سَيِّدِي ! |
| کیا آپ صرف اپنے ادارہ کی مطبوعات فروخت کرتے ہیں ؟ | هَلْ تَبِيعُونَ مِنْ مَطْبُوعَاتِكُمْ فَحَسْب ؟ |
| نہیں جناب ! آپ ہمارے یہاں دوسرے اداروں کی مطبوعات بھی پائیں گے ۔ | كَلَّا ! يَا سَيِّدِي : سَتَجِدُونَ عِنْدَنَا مَطْبُوعَاتِ الآخَرِينَ أَيْضاً . |
| مجھے ایک عربی اردو ڈکشنری کی ضرورت ہے ۔ | أُرِيدُ قَامُوساً عَرَبِيًّا . |
| ہمارے پاس کئی ڈکشنریاں ہیں ، اور وہ یہ ہیں ۔ | عِنْدَنَا عِدَّةُ قَوَامِيس ، وَهِيَ هٰذِهِ ۔ |
| میں یہ ڈکشنری لینا چاہتا ہوں ۔ | أُرِيدُ هٰذَا القَامُوسَ ۔ |
| یہ سب سے اچھی ڈکشنری ہے ۔ | هٰذَا أَفْضَلُ القَوَامِيس ۔ |
| شکریہ ! اس کی کیا قیمت لیں گے آپ ؟ | كَمْ ثَمَناً تَطْلُبُ لَهُ ؟ |
| بیس روپے ۔ | عِشْرُونَ رُوبِيَةً ۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| مجھے عربی زبان کی جدید ترین کتابیں دکھلائیے۔ | أَرِنِي مِن فَضْلِكَ مِنْ أَحْدَثِ الْكُتُبِ بِاللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ۔ |
| ہمارے پاس مختلف عرب مصنّفین کے ناول موجود ہیں۔ | عِنْدَنَا قِصَصُ مُخْتَلِفِ الْمُؤَلِّفِينَ الْعَرَبِيِّينَ۔ |
| کیا بالکل نئے ناول ہیں؟ | هَلْ مِنْ أَحْدَثِ الْقِصَصِ؟ |
| ہمارے پاس ابھی حال ہی میں آئے ہیں۔ | لَقَدْ وَصَلَتْنَا أَخِيْرًا۔ |
| مجھے دکھلائیے۔ | أَرِنِي۔ |
| لیجئے! شاید آپ انھیں پسند کریں گے۔ | خُذُوا لَعَلَّكُمْ تُحِبُّونَهَا۔ |
| یہ تو فحش کتابیں ہیں، براہِ کرم انھیں دور رکھئے، مجھے کچھ دینی کتابیں دکھلائیے۔ | هٰذِهٖ كُتُبٌ مَاجِنَةٌ، أَبْعِدْهَا مِنْ فَضْلِكَ، أَرِنِي كُتُبًا دِيْنِيَّةً۔ |
| یہ پانچ کتابیں پیک کر دیجئے۔ | لُفَّ هٰذِهِ الْخَمْسَةَ۔ |
| مجھے ایک فائل، ایک نوٹ بک، دو کاپیاں، اور ایک عدد فاؤنٹن پن کی بھی ضرورت ہے۔ | أُرِيْدُ مِلَفَّةً، دَفْتَرَ مُذَكِّرَاتٍ، كُرَّاسَتَيْنِ، وَقَلَمَ حِبْرٍ أَيْضًا۔ |
| افسوس! ہمارے یہاں اسٹیشنری کا سامان فروخت نہیں ہوتا۔ | أَسَفًا! لَا تُبَاعُ عِنْدَنَا أَدَوَاتُ الْكِتَابَةِ۔ |
| پھر میں کہاں سے خریدوں؟ | إِذَنْ مِنْ أَيْنَ أَشْتَرِي؟ |
| چند قدم پر ایک اسٹیشنر موجود ہے۔ | هُنَاكَ بَائِعُ أَدَوَاتِ الْكِتَابَةِ عَلَى بُعْدِ عِدَّةِ خُطُوَاتٍ۔ |

Marfat.com

کیا آپ کے پاس پاکستان کا نقشہ بھی نہیں ہے؟
هَلَّا تُوجَدُ عِنْدَكُمْ خَارِطَةُ بَاكِسْتَان أَيْضًا ؟

جی ہاں یہ لیجئے۔
نَعَمْ! هٰذِهٖ -

شکریہ!
شُكْرًا -

## بس اسٹینڈ پر
## فِي مَحَطَّةِ السَّيَّارَةِ

جدہ کون سی بس جاتی ہے؟
أَيَّةُ سَيَّارَةٍ (بَاص) تُسَافِرُ إِلَى جَدَّه ؟

وہ بس جو پارکنگ لوٹ کے قریب کھڑی ہے۔
تِلْكَ الَّتِي عِنْدَ مَوْقِفِ السَّيَّارَاتِ.

بس وقت روانہ ہوگی؟
فِي أَيَّةِ سَاعَةٍ تَسِيْرُ ؟

آدھے گھنٹے بعد! سوا بجے۔
بَعْدَ نِصْفِ سَاعَةٍ ! فِي السَّاعَةِ الْوَاحِدَةِ وَالرُّبُعِ -

دو بسوں کی روانگی کے درمیان کتنا وقفہ ہوتا ہے؟
كَمْ فَتْرَةً بَيْنَ انْطِلَاقِ سَيَّارَتَيْنِ؟

آپ کو ہر آدھے گھنٹے بعد بس مل سکے گی۔
تَجِدُوْنَ السَّيَّارَةَ فِي كُلِّ نِصْفِ سَاعَةٍ -

کیا آپ کے پاس ٹائم ٹیبل ہے؟
هَلْ عِنْدَكُمْ دَلِيْلُ مَوَاعِيْدِ السَّيَّارَاتِ؟

لیجئے جناب!
خُذُوْا يَا سَيِّدِي !

شکریہ۔
أَشْكُرُكُمْ -

Marfat.com

| | |
|---|---|
| میں ایک سیٹ ریزرو کرانا چاہتا ہوں۔ | أُرِيدُ أَنْ أَحْجِزَ مَقْعَدًا۔ |
| کس بس میں؟ | فِي أَيَّةِ سَيَّارَةٍ؟ |
| آدھ گھنٹے بعد روانہ ہونے والی بس میں۔ | فِي السَّيَّارَةِ الَّتِي تَسِيرُ بَعْدَ نِصْفِ سَاعَةٍ۔ |
| ہمیں افسوس ہے جناب! اس کی تمام سیٹیں محفوظ ہو چکی ہیں۔ | نَتَأَسَّفُ يَا سَيِّدِي! الْمَقَاعِدُ كُلُّهَا مَحْجُوزَةٌ فِيهَا۔ |
| تب دوسری بس میں۔ | إِذَنْ فِي السَّيَّارَةِ الثَّانِيَةِ۔ |
| یہ ممکن ہے۔ | مُمْكِن هٰذَا۔ |
| میرا سامان ہوٹل میں ہے، آپ کسی قلی کو بھیج کر میرا سامان منگوا دیجئے۔ | أَمْتِعَتِي فِي الْفُنْدُقِ، أَرْسِلْ مِنْ فَضْلِكَ حَمَّالًا لِيَأْتِيَ بِهَا۔ |
| بہتر ہے۔ | حَسَنًا۔ |
| مجھے اسے کتنے پیسے دینے ہوں گے؟ | كَمْ يَجِبُ أَنْ أَدْفَعَ لَه؟ |
| کیا ہوٹل یہاں سے دور ہے؟ | هَلِ الْفُنْدُقُ بَعِيدٌ مِنْ هُنَا؟ |
| نہیں! زیادہ دور نہیں ہے۔ | كَلَّا! لَيْسَ بَعِيدًا جِدًّا۔ |
| تب آپ اسے ہر صندوق پر دس ریال دیجئے۔ | إِذَنْ إِدْفَعْ لَه عَشْرَ رِيَالَاتٍ عَنْ كُلِّ صُنْدُوقٍ۔ |
| ایک طرف کا کیا کرایہ ہے؟ | مَا هُوَ سِعْرُ التَّذْكِرَةِ فِي اتِّجَاهٍ وَاحِدٍ؟ |
| چالیس ریال۔ | أَرْبَعُونَ رِيَالًا۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| ٹکٹ گھر کہاں ہے؟ | أَيْنَ مَكْتَبُ التَّذَاكِرِ ؟ |
| اس جانب۔ | فِي تِلْكَ النَّاحِيَةِ . |
| یہ بس کہاں کہاں اور کتنی دیر ٹھہرتی ہے؟ | فِي أَيِّ مُدُنٍ تَتَوَقَّفُ هٰذِهِ السَّيَّارَةُ؟ وَكَمْ تَتَوَقَّفُ ؟ |
| پانچ شہروں میں اور صرف چند منٹ کے لئے۔ | فِي خَمْسَةِ مُدُنٍ وَ سَتَتَوَقَّفُ لِعِدَّةِ دَقَائِقَ فَحَسْب . |
| ہمارے کس وقت پہنچنے کی توقع ہے؟ | فِي أَيِّ وَقْتٍ يُتَوَقَّعُ وُصُولُنَا ؟ |
| متعینہ وقت پر۔ | فِي الْوَقْتِ الْمُحَدَّدِ . |
| براہ کرم ویٹنگ روم تک میری رہنمائی کیجئے۔ | مِنْ فَضْلِكَ دُلَّنِي عَلَى قَاعَةِ الْإِنْتِظَارِ. |
| تشریف لائیے۔ | تَفَضَّلْ . |

## ریلوے اسٹیشن پر — فِي مَحَطَّةِ الْقِطَارِ

| | |
|---|---|
| کیا آپ کے پاس ریلوے ٹائم ٹیبل ہے؟ | هَلْ لَدَيْكُمْ دَلِيلُ مَوَاعِيدِ الْقِطَارِ ؟ |
| جی ہاں جناب! | نَعَمْ يَا سَيِّدِي ! |
| بغداد جانے والی گاڑیوں کے اوقات کیا ہیں؟ | مَا هِيَ أَوْقَاتُ الْقُطُرِ الْمُتَوَجِّهَةِ إِلَى بَغْدَادَ ؟ |
| پہلی گاڑی صبح سات بجے، اور دوسری گاڑی شام پانچ بج کر | يَقُومُ الْقِطَارُ الْأَوَّلُ فِي السَّاعَةِ السَّابِعَةِ صَبَاحًا . وَالْقِطَارُ الثَّانِي |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| پندرہ منٹ پر روانہ ہوتی ہے، دو گاڑیاں رات میں ہیں، ایک گیارہ بج کر چالیس منٹ پر، دوسری ڈھائی بجے۔ | فِي السَّاعَةِ الخَامِسَةِ وَالرُّبُعِ مَسَاءً، وَهُنَاكَ قِطَارَانِ فِي اللَّيْلِ أَحَدُهُمَا فِي السَّاعَةِ الحَادِيَةَ عَشَرَ وَأَرْبَعِيْنَ دَقِيقَةً وَثَانِيْهُمَا فِي السَّاعَةِ الثَّانِيَةِ وَالنِّصْفِ. |
| ویٹنگ روم کہاں ہے؟ | أَيْنَ قَاعَةُ الاِنْتِظَارِ؟ |
| ٹکٹ گھر کی پشت پر۔ | خَلْفَ مَكْتَبِ التَّذَاكِرِ. |
| مجھے فرسٹ کلاس کے دو اور سیکنڈ کلاس کا ایک ٹکٹ دیجئے۔ | أَعْطِنِي تَذْكِرَتَيْنِ لِلدَّرَجَةِ الأُوْلَى وَتَذْكِرَةً لِلدَّرَجَةِ الثَّانِيَةِ. |
| ہمارے ساتھ ایک بچہ بھی ہے، کیا ہمیں اس کا ٹکٹ خریدنا چاہیے؟ | مَعَنَا طِفْلٌ، هَلْ يَجِب أَنْ نَشْتَرِيَ لَه تَذْكِرَةً؟ |
| اگر بچہ چار سال سے کم کا ہو تو ٹکٹ مت خریدیئے۔ | إِذَا كَانَ الطِّفْلُ دُوْنَ الأَرْبَعَةِ فَلَا تَشْتَرِ التَّذْكِرَةَ. |
| آپ کہاں تشریف لے جا رہے ہیں؟ | إِلَى أَيْنَ أَنْتُمْ؟ |
| میں کراچی جا رہا ہوں۔ | إِلَى كَرَاتْشِي. |
| کیا آپ نے ٹکٹ خرید لیا ہے؟ | هَلْ اِشْتَرَيْتَ التَّذْكِرَةَ؟ |
| نہیں! | لَا! |
| براہ کرم میرا ٹکٹ بھی لے لیجئے۔ | اِشْتَرِ لِي أَيْضًا مِنْ فَضْلِكَ. |
| آپ کہاں جائیں گے؟ | إِلَى أَيْنَ تَقْصِدُ أَنْتَ؟ |
| میں بھی کراچی جاؤں گا۔ | أَنَا أُسَافِرُ إِلَى كَرَاتْشِي أَيْضًا. |
| گاڑی یہاں کس وقت پہنچتی | مَا هُوَ مَوْعِدُ وُصُوْلِ القِطَارِ إِلَى |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| ہے ؟ | هٰذِهِ المَحَطَّةِ ؟ |
| چار بج کر پینتالیس منٹ پر۔ | فِي السَّاعَةِ الخَامِسَةِ إِلَّا الرُّبُعَ. |
| بہت لیٹ ہو گئی ہے ۔ | لَقَدْ تَأَخَّرَ كَثِيرًا. |
| اسٹیشن ماسٹر نے بتلایا ہے کہ گاڑی ایک گھنٹہ لیٹ ہے ۔ | قَالَ لِي مُدِيرُ المَحَطَّةِ: تَأَخَّرَ القِطَارُ لِسَاعَةٍ كَامِلَةٍ. |
| اُف ! یہ وقت کس طرح گذاریں گے ؟ کیا آپ کے پاس کوئی اخبار یا رسالہ ہے ؟ | أُفٍّ ! كَيْفَ نَقْضِي هٰذِهِ السَّاعَةَ الطَّوِيلَةَ . هَلْ مَعَكُمْ جَرِيدَةٌ أَوْ مَجَلَّةٌ ؟ |
| جی ہاں ! یہ ایک عربی رسالہ ہے۔ | نَعَمْ ! هٰذِهِ مَجَلَّةٌ عَرَبِيَّةٌ . |
| یہ کیسی گھنٹی ہے ؟ | مَا هٰذَا الجَرَسُ ؟ |
| شاید گاڑی آرہی ہے ،کیا آپ سیٹی کی آواز سن رہے ہیں ؟ | لَعَلَّ القِطَارَ يَجِيءُ ، هَلْ تَسْمَعُ صَفَّارَةَ القِطَارِ ؟ |
| وہ دیکھئے انجن نظر آرہا ہے ،گاڑی بس آیا ہی چاہتی ہے ۔ | أُنْظُرُوا ! تَلُوحُ القَاطِرَةُ ، يَكَادُ القِطَارُ أَنْ يَصِلَ . |

## سفارت خانے میں — فِي دَارِ السِّفَارَةِ

| | |
|---|---|
| میں معلومات کے لئے آیا ہوں۔ | أَتَيْتُ لِلْاِسْتِعْلَامِ . |
| کیا آپ سفر کرنا چاہتے ہیں ؟ | هَلْ تُرِيدُ أَنْ تُسَافِرَ ؟ |
| جی ہاں ! | نَعَمْ ! |
| کیا آپ کے ساتھ کوئی اور بھی ہے ؟ | هَلْ مَعَكَ أَحَدٌ ؟ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| اپنے خاندان کے ساتھ۔ | مَعَ عَائِلَتِي۔ |
| کیا تعداد ہے آپ کی؟ | مَا هُوَ عَدَدُكُمْ؟ |
| میں، میری بیوی اور دو بچے۔ | أَنَا وَ زَوْجَتِي وَ طِفْلَانِ۔ |
| کیا آپ پاسپورٹ آفس گئے تھے؟ | هَلْ ذَهَبْتَ إِلَى قَلَمِ الجَوَازَاتِ؟ |
| نہیں! میں ابھی تک نہیں گیا۔ | كَلَّا! مَا ذَهَبْتُ إِلَى الآنَ۔ |
| تاخیر کیوں؟ | لِمَاذَا تَأَخَّرْتَ؟ |
| میں ابھی جاؤں گا۔ | سَأَذْهَبُ الآنَ۔ |
| کیا آپ کا پاسپورٹ تیار ہے؟ | هَلْ جَوَازُكَ جَاهِزٌ؟ |
| جی ہاں! | نَعَمْ! |
| کہاں ہے؟ | أَيْنَ هُوَ؟ |
| میرے بیگ میں۔ | فِي حَقِيبَتِي۔ |
| مجھے دیکھنے دو۔ | دَعْنِي أَرَى۔ |
| آپ کہاں کہاں جانا چاہتے ہیں؟ | إِلَى أَيْنَ تُرِيدُونَ السَّفَرَ؟ |
| سعودی عرب، عراق، شام اور مصر۔ | إِلَى السَّعُودِيَةِ العَرَبِيَّةِ، وَالعِرَاقِ، وَ سُورِيَا، وَ مِصْرَ۔ |
| آپ کے پاسپورٹ میں مصر کا اندراج نہیں ہے۔ | لَمْ تُكْتَبْ مِصْرُ فِي جَوَازِكُمْ۔ |
| کیا میرا ویزا تیار ہے؟ | هَلْ تَأْشِيرَتِي جَاهِزَةٌ؟ |
| آپ نے ویزا کے لئے کب درخواست دی تھی؟ | مَتَى طَلَبْتَ التَّأْشِيرَةَ؟ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| دو ہفتے قبل۔ | قَبْلَ أُسْبُوْعَيْنِ۔ |
| کیا آپ نے تمام مطلوبہ رقم ادا کردی ہے؟ | هَلْ دَفَعْتَ كُلَّ الرُّسُوْمِ الْمَطْلُوْبَةِ؟ |
| جی ہاں! جناب۔ | نَعَمْ يَا سَيِّدِي! |
| براہِ کرم یہ فارم بھر دیجئے۔ | إِمْلَأْ مِنْ فَضْلِكَ هٰذِهِ الْإِسْتِمَارَةَ۔ |
| ٹھیک ہے۔ | حَسَنًا۔ |
| کیا مجھے آج ویزا مل جائے گا؟ | هَلْ يُمْكِنُ أَنْ أَحْصُلَ الْيَوْمَ عَلَى التَّاشِيْرَةِ؟ |
| نہیں! آج ممکن نہیں، کل ممکن ہے۔ | كَلَّا! لَا يُمْكِنُ الْيَوْمَ، غَدًا يُمْكِنُ۔ |

## ہوائی اڈے پر — فِي الْمَطَارِ

| | |
|---|---|
| میں ہوائی اڈے کس طرح جا سکتا ہوں؟ | كَيْفَ يُمْكِنُ الذَّهَابُ إِلَى الْمَطَارِ؟ |
| آپ بس یا ٹیکسی کے ذریعہ جا سکتے ہیں۔ | يُمْكِنُ أَنْ تَذْهَبَ بِتَاكْسِي أَوْ بِالسَّيَّارَةِ۔ |
| میں ہوائی اڈے جانا چاہتا ہوں۔ | أُرِيْدُ أَنْ أَذْهَبَ إِلَى الْمَطَارِ۔ |
| جو خدمت چاہیں، جناب، | فِي خِدْمَتِكُمْ يَا سَيِّدِي! |
| کتنا کرایہ لو گے؟ | كَمْ تَأْخُذُ؟ |
| سرکاری کرایہ کے مطابق | حَسْبَ التَّعْرِيْفَةِ الرَّسْمِيَّةِ۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| دفتر معلومات کدھر ہے؟ | أَيْنَ مَكْتَبُ الْإِسْتِعْلَامَاتِ؟ |
| پانچ منٹ کی مسافت پر، اس جانب دروازے کے برابر میں۔ | عَلَى بُعْدِ مَسَافَةِ خَمْسِ دَقَائِقَ، فِي تِلْكَ النَّاحِيَةِ بِجِوَارِ الْبَابِ۔ |
| میں ہوائی جہاز کا ٹکٹ کہاں بک کرا سکتا ہوں؟ | أَيْنَ يُمْكِنُ أَنْ أَحْجُزَ تَذْكِرَةَ السَّفَرِ بِالطَّائِرَةِ؟ |
| کسی ٹریولنگ ایجنسی آفس میں یا ٹکٹ گھر میں۔ | فِي أَيِّ وَكَالَةِ السَّفْرِيَاتِ أَوْ فِي مَكْتَبِ التَّذَاكِرِ۔ |
| سعودی عرب کے لئے ہوائی جہاز کی آمد و رفت کا کیا پروگرام ہے؟ | مَا هُوَ بَرْنَامَجُ الْأَيَابِ وَالذَّهَابِ لِلطَّائِرَاتِ الْمُتَوَجِّهَةِ إِلَى السَّعُودِيَّةِ؟ |
| ہمارے پاس ٹائم ٹیبل موجود ہے۔ | لَدَيْنَا دَلِيلُ مَوَاعِيدِ الطَّائِرَاتِ۔ |
| لائیے۔ | هَاتِ۔ |
| ایک طرف کے ٹکٹ کا کیا کرایہ ہے؟ | مَا هُوَ سِعْرُ التَّذْكِرَةِ فِي اتِّجَاهٍ وَاحِدٍ؟ |
| چار ہزار روپیہ۔ | أَرْبَعَةُ آلَافِ رُوبِيَّةٍ۔ |
| اور ریٹرن ٹکٹ (آمد و رفت کے ٹکٹ) کا کیا کرایہ ہے؟ | مَا هُوَ سِعْرُ تَذْكِرَةِ الْأَيَابِ وَ الذَّهَابِ؟ |
| ہم آپ کو کچھ چھوٹ دیں گے۔ | سَنُقَدِّمُ لَكُمْ بِتَخْفِيضِ بَعْضِ السِّعْرِ۔ |
| کتنا سامان مسافر کے لئے لے جانے کی اجازت ہے؟ | كَمْ كِيلُو غرَام من الْمَتَاعِ مَسْمُوحٌ بِهِ لِلْمُسَافِرِ؟ |
| تیس کیلو۔ | ثَلَاثُونَ كِيلُو۔ |
| زائد سامان پر آپ فی کیلو گرام کتنا | كَمْ تَأْخُذُونَ عَلَى الْكِيلُو غرَام |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| چارج کرتے ہیں؟ | الإضافي ؟ |
| ....... روپیہ۔ | ....... رُوبِيَة ۔ |
| کیا یہ جہاز وقت پر پہنچے گا؟ | هَلْ سَتَصِلُ هٰذِهِ الطَّائِرَةُ فِي الوَقْتِ المُحَدَّدِ ؟ |
| نہیں! کچھ تاخیر سے پہنچے گا۔ | لَا ! سَتَصِلُ بِتَأْخِيرٍ يَسِيرٍ ۔ |
| براہ کرم میرے لئے ۱۲ر جنوری میں دو نشستیں محفوظ کر دیجئے۔ | مِنْ فَضْلِكَ أَحْجُزْ لِي مَكَانَيْنِ فِي ۱۲ (الثَّانِي عَشَرَ) يَنَايِرَ ۔ |
| کس درجے میں؟ ٹورسٹ کلاس میں یا فرسٹ کلاس میں؟ | فِي أَيِّ دَرَجَةٍ ؟ فِي الدَّرَجَةِ السِّيَاحِيَّةِ أَمْ فِي الدَّرَجَةِ الأُولٰى؟ |
| فرسٹ کلاس میں۔ | فِي الدَّرَجَةِ الأُولٰى ۔ |
| آپ کا پاسپورٹ کہاں ہے محترم؟ | أَيْنَ جَوَازُكَ يَا سَيِّدِي ؟ |
| یہ میرا پاسپورٹ ہے۔ | هٰذَا جَوَازِي ۔ |
| اور ویزا کہاں ہے؟ | وَأَيْنَ التَّأْشِيرَةُ ؟ |
| وہ یہ ہے۔ | تِلْكَ هِيَ ۔ |
| براہ کرم یہ بیگ کھولئے۔ | مِنْ فَضْلِكَ افْتَحْ هٰذِهِ الحَقِيبَةَ ۔ |
| میرے پاس کوئی ممنوع چیز نہیں ہے میں حج کے لئے آیا ہوں، تجارت کے لئے نہیں آیا۔ | لَيْسَ عِنْدِي شَيْءٌ مَمْنُوعٌ ، إِنَّمَا جِئْتُ لِلْحَجِّ ، مَا جِئْتُ لِلتِّجَارَةِ؟ |
| معاف کیجئے جناب! | عَفْوًا يَا سَيِّدِي ! |
| میرے پاس تو پاکستانی روپے ہیں، میں انھیں تبدیل کرانا چاہتا ہوں، | عِنْدِي نُقُودٌ بَاكِسْتَانِيَّةٌ أُرِيدُ أَنْ أَصْرِفَهَا هَلْ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| کیا یہ ممکن ہے؟ | یُمْکِنُ؟ |
| آپ کسی ٹریولنگ ایجنسی کی معرفت بآسانی روپیہ تبدیل کرا سکتے ہیں۔ | یُمْکِنُ أَنْ تُصَرِّفَهَا بِكُلِّ سُهُولَةٍ بِوَاسِطَةِ إِحْدٰى وَكَالَاتِ السَّفَرِيَاتِ۔ |
| میں ہوٹل جانا چاہتا ہوں، یہاں سے ہوٹل کتنی دور ہے؟ | أُرِيْدُ أَنْ أَذْهَبَ إِلَى الْفُنْدُقِ، كَمْ يَبْعُدُ مِنْ هُنَا الْفُنْدُقُ؟ |
| کافی دور ہے۔ | بَعِيْدٌ جِدًّا۔ |
| مجھے ٹیکسی کہاں ملے گی؟ | أَيْنَ أَجِدُ تَاكْسِي؟ |
| ٹیکسی ادھر ہے۔ | تَاكْسِي فِي تِلْكَ النَّاحِيَةِ۔ |
| ہمیں ہوٹل لے جانے کے لئے ٹیکسی بلائیے۔ | نَادِ تَاكْسِي لِتَأْخُذَنَا إِلَى الْفُنْدُقِ۔ |
| بخوشی جناب! | بِكُلِّ سُرُوْرٍ يَا سَيِّدِيْ! |

## کسٹم آفس میں — فِي مَكْتَبِ الْجَمَارِكِ

| | |
|---|---|
| کیا آپ کسٹم آفس گئے ہیں؟ | هَلْ ذَهَبْتَ إِلَى مَكْتَبِ الْجُمْرُكِ؟ |
| نہیں! ابھی نہیں گیا۔ | لَا! لَمْ أَذْهَبْ بَعْدُ۔ |
| براہِ کرم تشریف لے جائیں۔ | إِذْهَبْ مِنْ فَضْلِكَ۔ |
| آپ کا سامان کہاں ہے؟ | أَيْنَ أَمْتِعَتُكَ؟ |
| میرا سامان سامان کے کمرے میں ہے۔ براہِ کرم کسی قلی کو بھیج کر منگوا لیجئے۔ | أَمْتِعَتِي فِي غُرْفَةِ الْعَفْشِ أَرْسِلْ حَمَّالًا مِنْ فَضْلِكَ لِيَأْتِيَ بِهَا۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| کس نام سے؟ کیا نمبر ہے؟ | بِأَيِّ إِسْمٍ؟ وَمَا هُوَ الرَّقْمُ؟ |
| ........ نام سے اور ..... نمبر ہے۔ | بِإِسْمٍ ........ وَالرَّقْمُ ........ |
| کیا یہ آپ کا سامان ہے؟ | هَلْ هَذِهِ أَمْتِعَتُكَ؟ |
| جی ہاں! | نَعَمْ! |
| کیا یہ بیگس آپ کے ہیں؟ | هَلْ هَذِهِ الْحَقَائِبُ لَكَ؟ |
| جی ہاں! | نَعَمْ! |
| کیا یہ صندوق بھی آپ کا ہے؟ | وَهَذَا الصُّنْدُوقُ أَيْضًا؟ |
| نہیں! یہ میرا نہیں ہے۔ | لَا! هَذَا لَيْسَ لِي۔ |
| براہ کرم یہ بیگ کھولئے۔ | إِفْتَحِ الْحَقَائِبَ مِنْ فَضْلِكَ۔ |
| بہت اچھا! | حَسَنًا! |
| کیا آپ کے پاس کوئی ایسی چیز ہے جس پر ڈیوٹی لاگو ہو؟ | هَلْ مَعَكَ شَيْءٌ يُدْفَعُ عَلَيْهِ الْجُمْرُكُ؟ |
| نہیں! میرے پاس ایسی کوئی چیز نہیں ہے۔ | لَا! لَيْسَ مَعِي شَيْءٌ بِهَذَا الْوَصْفِ۔ |
| کوئی ممنوع چیز؟ | هَلْ مِنْ شَيْءٍ مَمْنُوعٍ؟ |
| جناب! میں حج سے واپس آیا ہوں، میں تجارت کے لئے نہیں گیا تھا۔ | سَيِّدِي! رَجَعْتُ مِنَ الْحَجِّ، لَمْ أَكُنْ أَذْهَب لِلتِّجَارَةِ۔ |
| اور یہ گھڑی، اور یہ ٹیپ ریکارڈ کے ساتھ ٹرانسسٹر؟ | وَهَذِهِ السَّاعَةُ، وَهَذِهِ الرَّادِيُو مَعَ آلَةِ التَّسْجِيلِ؟ |

Marfat.com

لیکن اس قدر سامان لانے کی اجازت ہے۔ — وَلٰكِنَّهَا مَسْمُوْحٌ بِهَا ۔

براہ کرم آپ کسٹم آفیسر کے پاس تشریف لے چلیں۔ — تَتَفَضَّلْ يَا سَيِّدِي وَتَذْهَبُ إِلَى مَأْمُوْرِ الْجَمَارِكِ ۔

بخوشی۔ — بِكُلِّ سُرُوْرٍ ۔

ریڈیو پر ہم ڈیوٹی لگائیں گے۔ — نَفْرِضُ عَلَى الرَّادِيُو الرُّسُوْمَ الْجُمْرُكِيَّةَ ۔

کیوں جناب! کیا اس پر ڈیوٹی معاف نہیں ہے؟ — لِمَاذَا يَا سَيِّدِي ؟ هَلْ لَا يُعْفَى عَنْهُ ؟

معاف ہے، لیکن اگر ٹیپ ریکارڈ کے ساتھ نہ ہو۔ — مَعْفُوٌّ عَنْهُ إِذَا كَانَ بِغَيْرِ آلَةِ التَّسْجِيْلِ ۔

تب میں ڈیوٹی ادا کرنے کے لئے تیار ہوں۔ — إِذَنْ ! أَسْتَعِدُّ لِأَنْ أَدْفَعَ الْجُمْرُكَ ۔

شکریہ! — شُكْرًا !

## ٹیکسی ڈرائیور کے ساتھ — مَعَ سَائِقِ تَاكْسِي

میں ہوٹل جانا چاہتا ہوں، — أُرِيْدُ أَنْ أَذْهَبَ إِلَى الْفُنْدُقِ،

ہوٹل یہاں سے کتنی دور ہے؟ — كَمْ يَبْعُدُ مِنْ هُنَا الْفُنْدُقُ ؟

بہت دور ہے۔ — بَعِيْدٌ جِدًّا ۔

مجھے ٹیکسی کہاں ملے گی؟ — أَيْنَ أَجِدُ تَاكْسِي ؟

Marfat.com

| | |
|---|---|
| ٹیکسی اس جانب ہے۔ | تَاكْسِي فِي تِلْكَ النَّاحِيَةِ . |
| کیا آپ خالی ہیں جناب؟ مجھے ٹیکسی چاہیئے۔ | هَلْ أَنْتَ غَيْرُ مَشْغُولٍ ، أُرِيْدُ تَاكْسِي . |
| تشریف لائیے جناب! | تَفَضَّلْ يَا سَيِّدِي ! |
| کیا آپ مجھے اس پتہ پر لے جا سکتے ہیں؟ | هَلْ تَسْتَطِيعُ أَنْ تَذْهَبَ بِي إِلَى هَذَا الْعُنْوَانِ ؟ |
| جی ہاں جناب! براہ کرم تشریف رکھیئے۔ | نَعَمْ يَا سَيِّدِي ! تَفَضَّلْ مِنْ فَضْلِكَ . |
| آپ کتنا لیں گے؟ | كَمْ تَأْخُذُ ؟ |
| پندرہ روپے صرف۔ | خَمْسَ عَشْرَةَ رُوبِيَةً . |
| یہ بہت زیادہ ہے۔ | هَذَا كَثِيرٌ جِدًّا . |
| نہیں جناب! ہرگز نہیں! یہ سرکاری کرایہ ہے۔ | لَا ! كَلَّا يَا سَيِّدِي ! هَذِهِ تَعْرِيْفَةٌ رَسْمِيَّةٌ . |
| کیا یہ پتہ دور ہے؟ | هَلْ هَذَا الْعُنْوَانُ بَعِيْدٌ ؟ |
| جی ہاں! بہت دور ہے۔ | نَعَمْ ! يَبْعُدُ كَثِيْرًا . |
| ٹھیک ہے! ہم تمہیں سرکاری کرایہ کے مطابق دیں گے۔ | حَسَنًا ! سَنَدْفَعُ إِلَيْكَ حَسَبَ التَّعْرِيْفَةِ الرَّسْمِيَّةِ . |
| شکریہ! | شُكْرًا ! |

Marfat.com

## ہوٹل میں — فِي الْفُنْدُقِ

| | |
|---|---|
| کوئی خدمت جناب؟ | أَيَّةُ خِدْمَةٍ يَا سَيِّدِي؟ |
| میں دو بستروں والا ایک کمرہ چاہتا ہوں۔ | أُرِيْدُ غُرْفَةً ذَاتَ سَرِيْرَيْنِ. |
| آپ کتنے دن قیام کریں گے؟ | كَمْ يَوْمًا تَقْضُوْنَ هُنَا؟ |
| دس دن کم سے کم۔ | عَشَرَةَ أَيَّامٍ عَلَى الْأَقَلِّ. |
| آپ کس منزل پر کمرہ چاہتے ہیں؟ | فِي أَيِّ طَابَقٍ تُرِيْدُوْنَ الْغُرْفَةَ؟ |
| اوپر کی منزلوں میں سے کسی ایک میں، لیکن شرط یہ ہے کہ کمرہ سمندر کی جانب ہو۔ | فِي أَحَدِ الطَّوَابِقِ الْعُلْيَا بِشَرْطِ أَنْ تَكُوْنَ الْغُرْفَةُ مُطِلَّةً عَلَى الْبَحْرِ. |
| بہت بہتر! ہمارے پاس اس طرح کے کئی کمرے ہیں۔ | حَسَنًا! عِنْدَنَا غُرَفٌ بِهٰذَا الْوَصْفِ. |
| ایک دن کا کیا کرایہ لیں گے؟ | كَمْ تَأْخُذُ أُجْرَةَ يَوْمٍ وَاحِدٍ؟ |
| ساٹھ پونڈ۔ | سِتِّيْنَ لِيْرَةً. |
| کیا اس میں ٹیلی فون، گھنٹی اور لفٹ موجود ہے؟ | هَلْ يُوْجَدُ فِيْهَا الْهَاتِفُ، وَالْجَرَسُ وَالْمِصْعَدُ الْكَهْرَبَائِيُّ؟ |
| آپ وہاں ضرورت کی ہر چیز موجود پائیں گے۔ | سَتَجِدُوْنَ فِيْهَا كُلَّ شَيْءٍ تَحْتَاجُ إِلَيْهِ. |

Marfat.com

میرے کمرے کا نمبر کیا ہے؟

مَا هُوَ رَقْمُ غُرْفَتِی ؟

آپ کے کمرے کا نمبر ۱۹ ہے، مجھے یقین ہے کمرہ آپ کو پسند آئے گا۔

رَقْمُ غُرْفَتِكَ تِسْعَ عَشَرَ (۱۹) أَنَا مُتَأَكِّدٌ أَنَّهَا سَتُعْجِبُكُمْ .

آیئے چلیں! کہاں ہے وہ؟

هَيَّا بِنَا ! أَيْنَ هِيَ ؟

میں کل شہر میں گھومنا چاہتا ہوں، براہ کرم مجھے صبح سویرے اٹھا دیجئے، ناشتہ میں ڈائننگ ہال میں لوں گا، یہ ایک ٹھنڈی رات ہے، مجھے گرم پانی، صابون اور تولیہ چاہیئے۔

أُرِيْدُ أَنْ أَتَجَوَّلَ فِی الْمَدِيْنَةِ ، أَيْقِظْنِی مِنْ فَضْلِكَ فِی الصَّبَاحِ الْبَاكِرِ ، أَتَنَاوَلُ الْفُطُوْرَ فِی غُرْفَةِ الْأَكْلِ ، إِنَّهَا لَيْلَةٌ بَارِدَةٌ ، أُرِيْدُ مَاءً حَارًّا ، وَصَابُوْنًا وَ مِنْشَفَةً .

بہت بہتر جناب!

حَسَنًا يَا سَيِّدِی !

## ریسٹورنٹ میں

## فِی الْمَطْعَمِ

خوش آمدید مہمان محترم!

أَهْلًا وَّ سَهْلًا : أَيُّهَا الضَّيْفُ الْمُبَجَّلُ !

شکریہ! ہم کھانا کھانا چاہتے ہیں، ہمیں کسی مناسب جگہ بٹھائیے۔

شُكْرًا ! نُرِيْدُ الطَّعَامَ ، فَأَجْلِسْنَا فِی الْمَكَانِ اللَّائِقِ .

آپ کہاں بیٹھنا پسند کریں گے؟ یہاں اندرونی ہال میں یا.....؟

أَيْنَ تُحِبُّوْنَ أَنْ تَجْلِسُوْا؟ هُنَا فِی الْقَاعَةِ الدَّاخِلِيَّةِ أَمْ ......؟

وہاں ایک گوشے میں۔ غالباً وہ

هُنَاكَ فِی الزَّاوِيَةِ ، لَعَلَّهُ مَكَانٌ

Marfat.com

| | |
|---|---|
| پُرسکون جگہ ہے۔ | هَادِئٌ۔ |
| تشریف لائیے! | تَفَضَّلْ ! |
| برائے کرم مینو (کھانے کی فہرست) لائیے۔ | لَائِحَةَ الطَّعَامِ مِنْ فَضْلِكَ۔ |
| بخوشی جناب! مینو یہ ہے۔ | بِكُلِّ سُرُوْرٍ يَا سَيِّدِي! تِلْكَ هِيَ۔ |
| ہمیں دیکھنے دو، تمہارے پاس آج کیا ہے؟ | دَعْنَا نَرَى مَا عِنْدَكُمُ الْيَوْمَ ؟ |
| ہمارے پاس کھانوں کی بہت سی قسمیں موجود ہیں۔ | عِنْدَنَا صُنُوْفٌ كَثِيْرَةٌ مِنَ الْأَطْعِمَةِ۔ |
| گوشت میں کیا کیا ہے؟ | مَاذَا مِنَ اللَّحْمِ ؟ |
| گائے کا گوشت، بکرے کا گوشت، مرغ، تلی ہوئی مچھلی۔ | لَحْمُ بَقَرَةٍ ، لَحْمُ غَنَمٍ ، دَجَاجٌ، سَمَكٌ مَقْلِيٌّ۔ |
| شوربا یا بھنا ہوا؟ | شُوْرْبَاءُ أَمْ لَحْمٌ مَقْلِيٌّ؟ |
| ہر قسم کا۔ | مِنْ كُلِّ نَوْعٍ۔ |
| بکرے کا بھنا ہوا گوشت، مرغ کا شوربا اور تلی ہوئی مچھلیاں لاؤ۔ | هَاتِ لَحْمَ غَنَمٍ مَقْلِيًّا، شُوْرْبَاءَ دَجَاجٍ وَ سَمَكًا مَقْلِيًّا۔ |
| بہت بہتر جناب! | حَسَنًا يَا سَيِّدِي ! |
| یہ پانی ٹھنڈا نہیں ہے، میں ٹھنڈا پانی پسند کرتا ہوں۔ | هٰذَا الْمَاءُ لَيْسَ بِبَارِدٍ، أُفَضِّلُ الْمَاءَ الْبَارِدَ۔ |
| یہ ٹھنڈا پانی ہے۔ | هٰذَا مَاءٌ بَارِدٌ۔ |
| کیا آپ کو روٹی چاہیئے؟ | هَلْ تُرِيْدُوْنَ الْخُبْزَ ؟ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| نہیں! شکریہ! | لَا! شُكْرًا! |
| کھانے کے بعد کیا پیش کروں، | مَاذَا أُقَدِّمُ بَعْدَ الطَّعَامِ يَا سَيِّدِي؟ |
| آئس کریم، بیئر، قہوہ؟ | بُوظَةٌ أَمْ بِيْرٌ أَمْ قَهْوَةٌ؟ |
| ہم دودھ کی چائے پسند کرتے ہیں. | نُحِبُّ الشَّايَ بِحَلِيْبٍ. |
| براہ کرم بل لایئے، کیا پیش کریں؟ | قَائِمَةَ الْحِسَابِ مِنْ فَضْلِكَ، كَمْ نَدْفَعُ؟ |
| ستر روپے پچھتر پیسے۔ | سَبْعِيْنَ رُوْبِيَةً وَخَمْسًا وَ سَبْعِيْنَ بَيْسَةً. |

## چھوٹے چھوٹے جملے — جُمَلٌ قَصِيْرَةٌ

| | |
|---|---|
| معاف فرمایئے، معاف کیجئے۔ | عَفْوًا. |
| مجھے افسوس ہے۔ | أَسَفًا، أَنَا مُتَأَسِّفٌ. |
| معذرت کرتا ہوں۔ | عُذْرًا، مَعْذِرَةً، اِعْذِرْنِي. |
| براہ مہربانی کتاب دیجئے۔ | رَجَاءً هَاتِ الْكِتَابَ. |
| تیار رہیے، تیار ہو جایئے۔ | اِسْتَعِدَّ، كُنْ مُسْتَعِدًّا. |
| آپ خطرے میں ہیں جناب! | أَنْتَ فِي خَطَرٍ يَا سَيِّدِي! |
| براہ کرم مجھے بتلا دیجئے۔ | أَرْجُوكَ أَنْ تُخْبِرَنِي. |
| براہ کرم، براہ مہربانی۔ | مِنْ فَضْلِكَ، رَجَاءً، أَرْجُوكَ. |
| کیا میں اندر آسکتا ہوں؟ | هَلْ تَسْمَحُ لِي بِالدُّخُولِ؟ |
| تشریف لایئے۔ | تَفَضَّلْ! |

Marfat.com

میں آپ کا بیحد شکر گذار ہوں۔ — أَشْكُرُكَ كَثِيْراً جِدّاً

آپ کہاں سے تشریف لائے ہیں؟ — مِنْ أَيْنَ أَنْتَ ؟

کیا آپ پاکستانی ہیں؟ — هَلْ أَنْتَ بَاكِسْتَانِي ؟

آپ نے مجھ سے کیا دریافت کیا؟ — مَاذَا سَأَلْتَنِي ؟

آپ کو کیا ہوا؟ — مَا الَّذِي جَرَى لَكَ ؟

گھبرائیے مت! معاملہ بہت آسان ہے۔ — لَا تَفْزَعْ ! إِنَّهَا مَسْأَلَةٌ بَسِيْطَةٌ جِدّاً۔

کوئی بات نہیں۔ — لَا شَيْءَ ۔

کوئی حرج نہیں۔ — لَا بَأْسَ ۔

تھوڑی دیر انتظار کیجئے۔ — اِنْتَظِرْ قَلِيْلاً ۔

کیا آپ میری بات سمجھتے ہیں؟ — هَلْ تَفْهَمُنِي ؟

آپ یہاں کس لئے تشریف لائے ہیں؟ — كَيْفَ أَتَيْتَ إِلَى هُنَا ؟

کیا ہوا؟ — مَاذَا حَدَثَ ؟

میں جانا چاہتا ہوں۔ — أُرِيْدُ الذَّهَابَ ۔

کہاں اور کیوں؟ — إِلَى أَيْنَ وَلِمَاذَا ؟

مجھے آپ سے مل کر خوشی ہوئی۔ — سُرِرْتُ بِمَعْرِفَتِكَ ۔

آپ کی عمر کیا ہے؟ — كَمْ سِنُّكَ ؟

میں بیس برس کا ہوں۔ — أَنَا ابْنُ عِشْرِيْنَ سَنَةً ۔

براہ کرم مجھے تنہا چھوڑ دیجئے۔ — أُتْرُكْنِي وَحْدِي مِنْ فَضْلِكَ ۔

مجھے افسوس ہے! میرے پاس — آسِفٌ ! لَيْسَ عِنْدِي

Marfat.com

| | |
|---|---|
| وقت نہیں ہے۔ | الْوَقْتُ۔ |
| براہ کرم سنئے۔ | اِسْمَعْ مِنْ فَضْلِكَ۔ |
| میرے ساتھ وہاں تک چلو۔ | تَعَالَ مَعِي إِلَى هُنَاكَ۔ |
| مجھے بہت کام ہے۔ | لِي أَشْغَالٌ كَثِيرَةٌ۔ |
| جانے کا وقت ہو گیا ہے۔ | حَانَ وَقْتُ الذَّهَابِ۔ |
| میں بہت لیٹ ہو گیا ہوں۔ | تَأَخَّرْتُ كَثِيرًا۔ |
| تم ہمیشہ مذاق کرتے رہتے ہو۔ | أَنْتَ لَاتَزَالُ تَمْزَحُ۔ |
| مجھے معلوم نہیں۔ | لَا أَعْرِفُ۔ |
| میں اندھیرے میں راستہ بھول گیا ہوں۔ | أَضَعْتُ طَرِيقِي فِي الظَّلَامِ۔ |
| کیا میں آپ کی مدد کر سکتا ہوں؟ | يُمْكِنُ أَنْ أُسَاعِدَكَ؟ |
| کون سا راستہ اسٹیشن سے زیادہ قریب ہے؟ | أَيُّ طَرِيقٍ أَقْرَبُ إِلَى الْمَحَطَّةِ؟ |
| آپ رات کہاں تھے؟ | أَيْنَ كُنْتَ الْبَارِحَةَ؟ |
| آپ نے دن کہاں گذارا؟ | أَيْنَ قَضَيْتَ هٰذَا الْيَوْمَ؟ |
| آپ کہاں رہتے ہیں؟ | أَيْنَ تَعِيشُ؟ |
| میں نے پہلے کبھی آپ کو نہیں دیکھا۔ | لَمْ أَرَكَ مِنْ قَبْلُ۔ |
| کھانا لذیذ ہے۔ | اَلطَّعَامُ شَهِيٌّ۔ |
| چائے عمدہ ہے۔ | اَلشَّايُ مُنْعِشٌ۔ |
| ایسا لگتا ہے آپ واقف نہیں ہیں۔ | يَظْهَرُ أَنَّكَ لَمْ تَعْرِفْ۔ |
| لائٹ جلائیے۔ | أَشْعِلِ النُّوْرَ۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| لائٹ بند کیجئے۔ | إِطْفَأْ النُّوْرَ۔ |
| براہ کرم خاموش رہیئے۔ | أُسْكُتْ مِنْ فَضْلِكَ۔ |
| دروازے پر کون ہے؟ | مَنْ عَلَى الْبَابِ؟ |
| براہ کرم دروازہ کھولئے۔ | إِفْتَحِ الْبَابَ مِنْ فَضْلِكَ۔ |
| مجھے میرے حال پر چھوڑ دیجئے۔ | أُتْرُكْنِي وَ شَأْنِي۔ |
| میرے ساتھ کبھی نہ بولئے۔ | لَا تَكَلَّمْ مَعِي أَبَدًا۔ |
| میری خوش قسمتی تھی کہ...... | كَانَ مِنْ حُسْنِ حَظِّيْ أَنْ...... |
| اکثر مجھے خیال آتا ہے۔ | كَثِيْرًا مَا يَرِدُ عَلَى فِكْرِي وَيَخْطُرُ بِبَالِي۔ |
| آپ کا ستارہ بلندی پر ہے۔ | حَظُّكَ فِي الْقِمَّةِ۔ |
| آپ کے احساسات کا شکریہ۔ | شُكْرًا عَلَى مَشَاعِرِكَ۔ |
| اتنا لکھنے پر اکتفا کرتا ہوں۔ | أَكْتَفِي بِمَا كَتَبْتُ۔ |
| یہ سب حقیقتِ واقعہ ہے۔ | ذٰلِكَ كُلُّهُ حَقِيْقَةٌ وَاقِعَةٌ۔ |
| اس میں دو رائے نہیں ہو سکتیں۔ | لَا يَخْتَلِفُ فِيْهِ اثْنَانِ۔ |
| اس سے خیر کی توقع نہیں۔ | لَا يُرْجَى مِنْهُ الْخَيْرُ۔ |
| بلکہ اس کے برعکس | بَلْ بِالْعَكْسِ۔ |
| مزید براں۔ | زِيَادَةً عَلَى ذٰلِكَ۔ |
| اس کے باوجود۔ | وَعَلَى الرَّغْمِ مِنْ ذٰلِكَ۔ |
| اس کے معنی یہ ہیں...... | هٰذَا يَعْنِي ...... |
| اس کے معنی یہ نہیں ہیں...... | هٰذَا لَا يَعْنِي ...... |
| تاہم بلاشبہ۔ | غَيْرَ أَنَّهُ مِمَّا لَا شَكَّ فِيْهِ۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| جلد ہی مجھ پر واضح ہو گیا۔ | سَرْعَانَ مَا لَاحَ لِی۔ |
| رات کا وقت تھا۔ | كَانَ الْوَقْتُ لَيْلًا۔ |
| اور اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ ...... | وَنَتَجَ عَنْ ذٰلِكَ أَنَّ ...... |
| اس کی خطا بخش دی۔ | غَفَرَلَهُ زَلَّتَه۔ |
| مگر یہ بات یہیں تک محدود نہیں رہی۔ | غَيْرَ أَنَّ الْأَمْرَ لَمْ يَقِفْ عِنْدَ هٰذِهِ الْحُدُوْدِ۔ |
| ہمیں اس سے زیادہ تفصیل کی ضرورت نہیں۔ | لَاحَاجَةَ بِنَا إِلَى الْإِطَالَةِ أَكْثَرَ مِنْ هٰذَا۔ |
| اور بات کچھ بھی ہو ...... | وَ أَيًّا مَا كَانَ الْأَمْرُ ...... |
| اس نے اس معاملے کو دوسرے پہلو سے دیکھا۔ | رَأَى هٰذَا الْأَمْرَ مِنْ زَاوِيَةٍ أُخْرَى۔ |
| ہمارے خیال میں یہ معاملہ بالکل واضح ہے، مزید وضاحت کی ضرورت نہیں۔ | وَالْأَمْرُ فِيْمَا نَحْسِبُ وَاضِحٌ لَا يَحْتَاجُ إِلَى مَزِيْدٍ مِنَ الْبَيَانِ۔ |
| اس کا انجام کیا ہوگا؟ | فَمَا يَكُوْنُ جَزَاءُ ذٰلِكَ ؟ |
| بات کوئی راز نہیں کہ انکشاف کی ضرورت ہو۔ | وَمَا الْأَمْرُ بِسِرٍّ حَتّٰى يَحْتَاجَ إِلَى الْإِكْتِشَافِ۔ |
| میرے خیال میں یہ بہت آسان ہے۔ | أَعْتَقِدُ أَنَّهُ مِنَ الْمَيْسُوْرِ جِدًّا۔ |
| یہ بات کوئی عقلمند نہیں کہہ سکتا۔ | إِنَّ ذٰلِكَ لَا يَقُوْلُهُ عَاقِلٌ۔ |
| تم میرے بھائی کے درجے میں ہو۔ | أَنْتَ بِمَثَابَةِ أَخِي۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| اس پر ضروری ہے کہ ...... | تَحَتَّمَ عَلَيْهِ أَنْ ...... |
| آپ کو کون نہیں جانتا ۔ | مَنِ الَّذِي لَا يَعْرِفُكَ ۔ |
| آپ محتاجِ تعارف نہیں ۔ | أَنْتَ فِي غِنًى عَنِ التَّعْرِيفِ ۔ |
| جب تک یہ بات ہے میرے بس میں نہیں کہ ...... | مَادَامَ الْأَمْرُ كَذٰلِكَ لَا أَسْتَطِيعُ أَنْ ...... |
| میں ابھی اس نتیجے پر پہنچا ہی تھا کہ ...... | مَا أَنْ وَصَلْتُ إِلَى هٰذِهِ النَّتِيجَةِ حَتَّى ...... |
| میں اس کا شکریہ ادا نہیں کرسکتا ۔ | لَا أَسْتَطِيعُ أَنْ أَقُومَ بِشُكْرِهِ ۔ |
| اس کا ستارہ بلندی پر ہے ۔ | نَجْمُهُ فِي صُعُودٍ ۔ |
| دراں حالیکہ ۔ | وَالْحَالَةُ هٰذِهِ ۔ |
| بحالتِ موجودہ ۔ | بِحَالَتِهِ الرَّاهِنَةِ ۔ |
| میں کچھ نہیں کرسکتا ۔ | مَا بِيَدِي حِيلَةٌ ۔ |
| اطمینان رکھو ۔ | كُنْ عَلَى ثِقَةٍ |
| تم اس سے مل کر بہت خوش ہوگے ۔ | تَكُونُ مَسْرُورًا جِدًّا إِذَا قَابَلْتَهُ ۔ |
| میں نے یہ بات دل لگی میں کہی تھی ۔ | إِنَّمَا قُلْتُ ذٰلِكَ عَنْ دُعَابَةٍ ۔ |
| بیماری نے اسے کمزور کردیا ۔ | لَقَدْ أَضْنَاهُ الْمَرَضُ ۔ |
| کہانی کا انجام اچھا نہیں ہے ۔ | لِلْقِصَّةِ عَاقِبَةٌ لَا تُحْمَدُ ۔ |
| اگر ہم ایسا کرتے تو لوگ کہتے ۔ | إِنَّا لَوْ فَعَلْنَا ذٰلِكَ لَقَالَ النَّاسُ ۔ |
| اگر آپ میرا یقین نہیں کرتے تو تشریف لے جائیے ۔ | إِذَا لَمْ تُصَدِّقْنِي فَاذْهَبْ ۔ |

Marfat.com

اس وقت تمہارے لئے صرف یہ کافی ہے۔ — حَسْبُكَ فِي هٰذِهِ السَّاعَةِ أَنْ.....

اللہ آپ کو معاف کرے۔ — سَامَحَكَ اللّٰهُ۔

مجھے اس سے کوئی مطلب نہیں ہے۔ — لَا شَأْنَ لِي بِذٰلِكَ۔

ہم ان دنوں پریشانی میں ہیں۔ — إِنَّنَا فِي ضَائِقَةٍ فِي هٰذِهِ الْأَيَّامِ۔

اس سے چھٹکارہ نہیں۔ — لَا غِنَىٰ عَنْهُ۔

ندامت سے کوئی فائدہ نہیں۔ — لَا يُغْنِي عَنْكَ النَّدَمُ۔

اور یہ بات طے شدہ ہے کہ....، — وَمِنَ الْمَقْطُوْعِ بِهِ أَنْ .....،

یقین کے ساتھ کچھ کہنا مشکل ہے.....، — تَعَسَّرَ الْجَزْمُ بِهِ .....،

اس کی عادت تھی.....، — كَانَ مِنْ إِلْفِهِ .....،

یہ اگرچہ لائق تحسین ہے مگر.....، — هٰذَا وَإِنْ كَانَ يَسْتَحِقُّ الْإِعْجَابَ وَالتَّقْدِيْرَ وَلٰكِنَّهُ .....،

اس نے فوراً جواب دیا۔ — أَجَابَهُ مِنْ فَوْرِهِ۔

کل قریب ہے۔ — إِنَّ غَدًا لِنَاظِرِهِ قَرِيْبٌ۔

اس پر یہ بات صادق آتی ہے...، — يَصْدُقُ عَلَيْهِ .....،

دیر سویر۔ — طَالَ الزَّمَنُ أَوْ قَصُرَ۔

کیا تم اسے پاگل سمجھتے ہو؟ — أَتَعْلَمُوْنَ بِعَقْلِهِ بَأْسًا؟

مجھے اب تک کوئی جواب نہیں ملا۔ — لَمْ أَجِدْ لِحَدِّ السَّاعَةِ جَوَابًا۔

ہم دھوکے میں آگئے۔ — أَدْرَكَنَا الْغُرُوْرُ۔

Marfat.com

| | |
|---|---|
| ہمیں مصر سے خبر ملی ہے کہ ....، | جَاءَتْنَا الأَنْبَاءُ عَنْ مِصْرَ .....، |
| تم فکر مت کرو ۔ | هَوِّنْ عَلَيْكَ ۔ |
| ناراضگی کا سبب کیا ہے؟ | مَا هِيَ السُّخْطَةُ ؟ |
| تم بے خبر ہو ۔ | إِنَّكَ غَافِلٌ لَا تَدْرِيْ ۔ |
| تم نے میرا اعتماد مجروح کر دیا ۔ | أَضَعْتَ ثِقَتِي فِيْكَ ۔ |
| میں اس کا بدلہ نہیں چاہتا ۔ | لَا أَبْغِيْ بِهِ عِوَضًا ۔ |
| میں امید کرتا ہوں کہ میں نے کچھ ذمہ داری ادا کی ہے ۔ | أَرْجُو أَنَّنِي قُمْتُ بِبَعْضِ وَاجِبِي ۔ |
| میں آپ کا شکر ادا نہیں کر سکتا چہ جائیکہ آپ کا حق ادا کروں ۔ | لَنْ أَسْتَطِيْعَ أَنْ أَقُوْمَ بِشُكْرِكُمْ فَضْلًا عَنْ أُوْفِيْ حَقَّكُمْ ۔ |
| معاف کیجئے ۔ میں بہت صاف گو ہوں ۔ | لَا تُؤَاخِذُوْنِيْ إِنَّنِيْ صَرِيْحٌ ۔ |
| اگر میں یہ کہوں تو شاید تم میری تصدیق نہ کرو ۔ | لَعَلَّكَ لَا تُصَدِّقُنِيْ إِذَا قُلْتُ لَكَ ۔ |
| اپنے محدود علم کے مطابق | عَلَى مَا عِنْدِيْ مِنْ عِلْمٍ مَحْدُوْدٍ ۔ |
| تم ہمارے پاس کیوں آئے ہو؟ | مَا جَاءَ بِكُمْ إِلَيْنَا ؟ |
| خدا حافظ ۔ | تَصْحَبُكَ السَّلَامَةُ ۔ |
| خدا حافظ ۔ | أَنْتَ فِيْ رِعَايَةِ اللّٰهِ ۔ |
| میں آپ کا دوبارہ شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ | أَعُوْدُ أَشْكُرُكُمْ ۔ |
| تردد چھوڑو اور عزم وہمت سے کام لو ۔ | دَعِ التَّرَدُّدَ وَخُذْ بِالْعَزْمِ ۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| اور یہ مشکل یا محال نہیں ۔ | وَمَا ذٰلِكَ بِعَزِيْزٍ وَلَا بِمُسْتَحِيْلٍ۔ |
| اللہ شاہد ہے، خدا گواہ ہے ۔ | وَاللهُ عَلٰى مَا أَقُوْلُ شَهِيْدٌ ۔ |
| واللہ اعلم، اللہ جانتا ہے ۔ | عِلْمُ هٰذَا كُلِّهٖ عِنْدَ اللهِ ۔ |
| ہمیں یہ کام مزید وقت ضائع کئے بغیر کرلینا چاہیئے ۔ | يَجِبُ أَنْ نَفْعَلَ بِدُوْنِ ضِيَاعِ مَزِيْدٍ مِنَ الْوَقْتِ ۔ |
| اسی پر قیاس کرلیجئے ۔ | قِسْ عَلٰى ذٰلِكَ ۔ |
| تمہیں اس سے کیا مطلب؟ | مَا أَنْتَ وَذَاكَ يَا فُلَانُ ؟ |
| یہ سب خواب وخیال کی باتیں ہیں۔ | إِنْ هِيَ إِلَّا أَحْلَامٌ ۔ |
| آپ سے ملے ہوئے مدت گذر گئی ۔ | بَعُدَ عَهْدُنَا بِكَ ۔ |
| تم وہمی ہو ۔ | إِنَّكَ وَاهِمٌ كُلَّ الْوَهْمِ ۔ |
| صرف ایک ہی راستہ ہے دوسرا نہیں اور وہ ہے ......، | وَالسَّبِيْلُ إِلٰى ذٰلِكَ وَاحِدَةٌ لَيْسَتْ لَهَا ثَانِيَةٌ وَهِيَ .....، |
| جلد سے جلد ۔ | فِيْ أَقْرَبِ وَقْتٍ مُمْكِنٍ ۔ |
| کم سے کم مدت میں ۔ | فِيْ أَقْصَرِ وَقْتٍ مُمْكِنٍ ۔ |
| یہ اس کے برابر کہاں ہے؟ | أَيْنَ هٰذَا الشَّيْءُ مِنْهُ ؟ |
| اللہ جزائے خیر دے ۔ | جَزَاكَ اللهُ خَيْرًا بِمَا فَعَلْتَ؟ |
| آپ کو خدا کی قسم ۔ | بِاللهِ عَلَيْكُمْ ۔ |
| آپ آج شام کی چائے میرے ساتھ پئیں ۔ | عَلَيْكَ أَنْ تَأْخُذَ الْيَوْمَ شَايَ الْمَسَاءِ عِنْدِيْ ۔ |
| اس میں حیرت اور تعجب کی کیا بات ہے؟ | مَا هُوَ جَانِبُ التَّعَجُّبِ وَالْاِسْتِعْجَابِ فِيْهِ ؟ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| میں نے آپ کی خاطر بہت کچھ کیا ہے۔ | فَعَلْتُ الْكَثِيْرَ مِنْ أَجْلِكَ ۔ |
| اور یہاں ایک باریک نقطہ ہے۔ | وَهُنَا مُلَاحَظَةٌ دَقِيْقَةٌ ۔ |
| خبردار تم ایسا نہ کرنا۔ | حَاشَا لَكَ أَنْ تَفْعَلَ كَذَا ۔ |
| کاش آپ میرے ساتھ کھانا تناول فرماتے۔ | لَيْتَكَ تَأْكُلُ مَعِي ۔ |
| اپنے آپ کو سہارا دو۔ (غم مت کرو) | اِرْتَفِقْ بِنَفْسِكَ ۔ |
| کیا آپ میری رائے سے متفق نہیں ہیں؟ | أَلَسْتَ مَعِي فِي هٰذَا الرَّأْيِ؟ |
| تب آپ یہاں کیوں آئے ہیں؟ | إِذَنْ مَا الَّذِي جَاءَ بِكَ إِلَى هٰذَا الْمَكَانِ؟ |
| خدانخواستہ۔ | لَا سَمَحَ اللّٰهُ ۔ |
| ماشاء اللہ، بہت خوب۔ | وَاهًا لَكَ ۔ |
| تیرا ناس ہو۔ | قُبْحًا لَكَ ۔ |
| اگر کوئی بات ناگوار گذری ہو تو ہم معافی چاہتے ہیں۔ | نَرْجُوْكَ عَفْوًا إِنْ سَاءَكَ الشَّيْءُ مِنَّا ۔ |
| آؤ کون ہے مقابلے پر؟ | تَعَالَوْا مِنْكُمْ مَنْ يُبَارِزُ؟ |
| ہاتھ چھوڑ کر سیدھے کھڑے ہو جاؤ۔ | أَسْدِلِ الْيَدَ وَكُنْ مُسْتَقِيْمًا ۔ |
| میں تم سے تنگ آگیا۔ | أَنَا ضِقْتُ بِكَ ذَرْعًا ۔ |
| آپ اپنے دل میں کوئی شبہ پیدا نہ کیجئے۔ | عَلَيْكَ أَنْ لَا تُوْقِعَ الشُّبْهَةَ فِي نَفْسِكَ ۔ |
| خدا کی قسم مجھے بیحد افسوس ہے۔ | وَاللّٰهِ إِنِّي لَمُتَأَسِّفٌ بِكَثِيْرٍ ۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| تمہاری باری گذر گئی۔ | مَرَّتْ نَوْبَتُكَ۔ |
| میں آپ کا استقبال کرتے ہوئے خوشی محسوس کر رہا ہوں۔ | يَطِيبُ لِي أَنْ أُرَحِّبَ بِكُمْ۔ |
| دوسروں کی رائے کچھ بھی ہو۔ | مَهْمَا يَكُنْ رَأْيُ الْآخَرِينَ۔ |
| ہمارے قول کا مفہوم یہ ہے۔ | إِنَّ قَوْلَكَ يَحْمِلُ هٰذَا الْمَدْلُولَ۔ |
| یہاں ایک مانع موجود ہے۔ | هُنَاكَ وَازِعٌ يَمْنَعُنَا۔ |
| میں تمہارے مشورہ پر عمل کرتا رہوں گا۔ | لَنْ أَبْرَحَ عَامِلاً بِمَشُورَتِكَ۔ |
| ہم اپنے خیالات و رجحانات میں آزاد ہیں۔ | نَحْنُ أَحْرَارٌ فِي اِتِّجَاهَاتِنَا۔ |
| میں آپ کے لئے کامیابی کی امید کرتا ہوں۔ | إِنِّي لَأَرْجُو لَكُمُ التَّوْفِيقَ وَالنَّجَاحَ۔ |
| بہتر ہے کہ یہ کہو......، | حَسَنٌ أَنْ تَقُولَ......، |
| یقین رکھو تمہیں نادم ہونا پڑے گا۔ | ثِقْ بِأَنَّكَ سَتَنْدَمُ عَلَى......، |
| اس کے اخلاق بہت زیادہ خراب ہیں۔ | فِي أَخْلَاقِهِ كَثِيرٌ مِنَ التَّعْقِيدِ۔ |
| میں اب اس کا ذکر نہیں کروں گا۔ | لَا أَذْكُرُهُ الْآنَ۔ |
| اللہ برکت دے۔ | بَارَكَ اللّٰهُ عَلَيْكَ۔ |
| اپنا وقت ضائع مت کیجئے۔ | لَا تُضَيِّعْ وَقْتَكَ۔ |
| اپنے اوقات کی حفاظت کیجئے۔ | حَافِظُوا عَلَى أَوْقَاتِكُمْ۔ |

Marfat.com

# التعبيرات المختارة

## منتخب تعبیریں

Marfat.com

مختلف موضوعات سے متعلق عربی، اردو تعبیرات پیشِ خدمت ہیں، ان سے وہ لوگ استفادہ کرسکتے ہیں جنھیں عربی زبان سے واقفیت ہو، عربی تعبیر کا اردو مفہوم آمنے سامنے دیا گیا ہے۔ ضروری نہیں کہ مفہوم کے بیان میں ہم نے الفاظ کے لغوی معنوں کی رعایت بھی کی ہو، اگر آپ کسی لفظ کے لغوی معنی دیکھنا چاہیں تو اس کے لئے کسی مستند عربی اردو لغت کی مدد لیں۔

ان تعبیرات سے آپ اپنی گفتگو میں، اپنے مضامین اور خطوط میں بڑی مدد لے سکتے ہیں۔ استفادہ کا مناسب طریقہ یہ ہے کہ پہلے آپ اپنی ضرورت کے اردو جملے الگ کاغذ پر لکھ لیں۔ اور اس کے بعد ایسے عربی جملے تلاش کریں جن کے ذریعہ آپ اردو جملوں کا مفہوم ادا کرسکتے ہوں۔ تلاش و جستجو میں دشواری ضرور پیش آئے گی لیکن اس سے آپ کو بڑا فائدہ ہوگا۔ دو چار دفعہ تمام تعبیرات پر نظر ڈالیں گے تو پھر تلاش کرنے میں زیادہ زحمت برداشت نہیں کرنی پڑے گی۔

Marfat.com

| | |
|---|---|
| اَلْاِهْتِدَاءُ بِنُوْرِ الْهُدَیٰ الْاِلٰهِی۔ | خدائی ہدایت کے نور سے رہنمائی پانا۔ |
| اَلتَّخَبُّطُ فِی مَیَادِیْنِ الْوَهْمِ وَ الزَّیْغِ وَالضَّلَالِ۔ | وہم اور ضلالت وگمراہی کی وادیوں میں بھٹکنا۔ |
| تَثْبِیْتُ الْعَقِیْدَةِ فِی النُّفُوْسِ و تَرْکِیْزُهَا۔ | قلوب میں عقیدہ راسخ ہونا۔ |
| مِنْه أَتَیٰ و إِلَیْه یَعُوْدُ | اسی کے پاس سے آیا ہے اسی کی طرف واپس ہوجائے گا۔ |
| رَفَعَ مِنْ قِیْمَتِه وَأَعْلَیٰ قَدْرَه۔ | اہمیت بڑھانا۔ |
| نَقَصَ مِنْ قِیْمَتِه | اہمیت گھٹانا، توہین کرنا۔ |
| أَضَلَّه مِنَ الطَّرِیْقِ وَ أَغْوَاه۔ | راہ سے بھٹکانا۔ |
| إِنْتَاجُ نَفْسِه وَ وَحْیُ عَقْلِه۔ | طبع زاد۔ |
| خَطَّ الْمِنْهَاجَ الَّذِی یَجِبُ أَنْ یسیرَ فِیه۔ | چلنے کے لئے راستہ بنانا، طریقہ کار طے کرنا۔ |
| سَبَقَ فِی علمِه ما یکون۔ | اس کے علم میں پہلے سے تھا کہ کیا ہوگا۔ |
| بَسَطَ رُوْحَ الْمَحَبَّةِ وَالْعَدَالَةِ و التَّضَامُنِ بَیْنَ جَمِیْعِ أَفْرَادِ الْبَشَرِ۔ | تمام انسانوں کے درمیان محبت، انصاف اور اتحاد کی فضا قائم کرنا۔ |
| لَقَدْ کَانَ بِوُدِّی أَنْ أَتَحَدَّثَ بِنَوْعٍ مِنَ التَّفْصِیْلِ۔ | میری خواہش تھی کہ میں کچھ تفصیل سے بیان کرتا۔ |
| أُرْجِئُ هٰذَا الْمَوْضُوْعَ إِلَیٰ مُنَاسَبَةٍ | میں اس موضوع کو کسی قریبی موقعہ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| نُحَوِّي أَرْجُو أَنْ تَكُونَ قَرِيبَةً۔ | کے لئے مؤخر کرتا ہوں۔ |
| تَعْرِيْفُ الإِنسانِ بِقيمتِهِ وَمَركَزِهِ في الحياةِ۔ | انسان کو اس کی قیمت اور زندگی میں اس کے مقام سے واقف کرانا۔ |
| تَغَيَّرَتْ مَعَالِمُ الْحَيَاةِ الإِنسانِيةِ۔ | انسانی زندگی کے پیمانے بدل گئے۔ |
| اهتَزَّتْ لِهٰذِهِ الْحَادِثَةِ دَعَائِمُ الْمُجْتَمَعِ۔ | اس حادثے سے معاشرے کی بنیادیں ہل گئیں۔ |
| تَحَطَّمَتْ أَسْوَارُ الضَّلَالِ والظَّلَامِ۔ | گمراہی اور ظلمت کی دیواریں گر پڑیں۔ |
| لَمْ تَنْقُصْ عَجَائِبُ الْقُرآنِ، بَلْ دَامَتْ حُجِّيَّتُه وإِعْجَازُه ماتَعَاقَبَتِ السِّنُونُ والأَعوامُ والقُرُونُ۔ | قرآن کے عجائبات کم نہیں ہوئے بلکہ اس کی حجیت اور اس کا اعجاز ماہ وسال اور صدیاں گذرنے کے باوجود باقی ہے۔ |
| اَلْمُجتمعُ الفَاضِلُ الذی يُنْشِدُه القُرآنُ و يَدْعُو إِليه۔ | وہ بہترین معاشرہ جس کی طرف قرآن بلاتا ہے۔ |
| ذَابَتْ في هذا المجتمع الفوارقُ الجِنْسِيَّةُ وَاللَّوْنِيَّةُ وَاللُّغَوِيَّةُ۔ | اس معاشرے میں نسل، رنگ اور زبان کے امتیازات مٹ گئے۔ |
| أَخَذَه بِعَيْنِ الإِعْتِبَارِ۔ | اہمیت دینا۔ |
| أَعطاه الإِهْتِمَامَ۔ | توجہ دینا۔ |
| التَّعَاوُنُ الوَثِيْقُ وَالمحبَّةُ الصَّادِقَةُ والأُخُوَّةُ الدَّائِمَةُ۔ | مستحکم تعاون، سچی محبت اور دائمی اخوت۔ |
| تَحَقَّقَ الإِخَاءُ الإِنسانِيُّ بِمَعْنَاهُ السَّامِي النَّبِيْلِ۔ | انسانی اخوت اپنے اعلیٰ ترین مفہوم کے ساتھ پائی گئی۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| عاشَ فی ارتباكٍ وخوفٍ وعَدَمِ اِستقراءٍ۔ | وہ پریشانی، خوف اور غیر یقینی ماحول میں زندہ رہا۔ |
| اَلدَّعاوِی الَّتی یکذِبُها الواقِعُ المحسُوسُ۔ | وہ دعوے جن کا مشاہدہ تکذیب کرتا ہے۔ |
| قَدَّرہ حقَّ قَدْرِہ۔ | صحیح اندازہ کرنا۔ |
| الِاعْتِزَازُ بِالشَّئِ۔ | فخر کرنا۔ |
| کَثُرَ التَّطَاحُن بین صُفُوْفِہِمْ و التَّنَازُعُ بَیْنَ فِئَاتِہِمْ۔ | ان کی صفوں میں اختلافات بڑھ گئے۔ |
| یُعْتَبَرُ ھذا الحَدَثُ أَھَمَّ حَادِثٍ فی التَّارِیخِ۔ | یہ حادثہ تاریخ کا اہم حادثہ ہے۔ |
| تَجَرَّدَ عَنِ الْأَغْرَاضِ۔ | مفادات سے خالی ہونا۔ |
| أَرَادَ الوُصولَ إلی إدْرَاكِ الْحَقِیْقَةِ۔ | اس نے حقیقت تک پہنچنے کا ارادہ کیا۔ |
| إنَّ الکَثِیْرَ مِنَ الشَّبَابِ المثقَّفِ لایَھْتَمُّ بِھٰذا الْأَمْرِ۔ | اکثر تعلیم یافتہ نوجوان اس کی پرواہ نہیں کرتے (اہتمام نہیں کرتے)۔ |
| وَطَّنَ نَفْسَہ عَلی الْأَمْرِ وَھَیَّأَھَا لہ۔ | اپنے آپ کو کسی کام کے لئے تیار کرنا۔ |
| لَسْتُ أَقْصِدُ مِنْ ھٰذِہِ الْکَلِمَةِ اِسْتِقْصَاءَ الْأَسْبَابِ۔ | میں اس کلمہ (مضمون تقریر) کے ذریعہ تمام اسباب کا احاطہ نہیں کرنا چاہتا۔ |
| نَبَذَ الشَّئَ وَرَاءَہ ظِھْرِیًّا۔ | پس پشت ڈالنا۔ |
| ھٰذَا الشَّئُ فی نَظَرِنا | یہ چیز ہماری نگاہ میں...... |

Marfat.com

| عربی | اردو |
|---|---|
| أَخَذَ مِنَ الصَّالِحِ المُفِيدِ وَاحْتَاطَ بِالفَاسِدِ الضَّارِّ۔ | اچھی، مفید چیز اخذ کرنا، خراب ضرر رساں چیز سے احتیاط کرنا۔ |
| حَاوَلَ مُحَاوَلَةً جِدِّيَّةً۔ | سنجیدہ کوشش کرنا۔ |
| قَصَّرَ فِي أَدَاءِ وَاجِبِهِ تَقْصِيرًا مُؤْسِفًا۔ | فرض کی ادائگی میں افسوسناک کوتاہی کرنا۔ |
| هذه مَادَّة اِخْتِيَارِيَّةٌ لَيْسَتْ ذَاتَ قِيْمَةٍ تُذْكَرُ۔ | یہ ایک اختیاری مضمون ہے اس کی قابلِ ذکر حیثیت نہیں۔ |
| إِنَّ الأَطفالَ الصغارَ فِي طورِ التَّقْلِيد فَلا بُدَّ لهم مِن القدوات الحَسَنَة۔ | چھوٹے بچے تقلید کے مرحلے میں ہوتے ہیں ان کے لئے اچھے نمونوں کی ضرورت ہے۔ |
| عسى أَنْ نَتَوَفَّقَ إِلى ..... | شاید ہمیں اس کی توفیق ہو جائے۔ |
| دَوْرُ الإِسْلام فِي المُجْتَمَعِ كَانَ وَسَيَبْقَى دَوْرًا خَطِيْرًا۔ | معاشرے میں اسلام کا رول اہم تھا اور اہم رہے گا۔ |
| إِحْدَاثُ التَّطَوُّرِ وَالتَّحَوُّلِ فِي.... | انقلاب اور تبدیلی پیدا کرنا۔ |
| وَصَلْتُ لهذه النَّتِيجَةِ..... | میں اس نتیجے پر پہنچا کہ...... |
| سَاوَرَنفسه القَلَقُ۔ | دل میں اضطراب ہونا۔ |
| غَمَرَتْ فؤاده الحَيْرَةُ۔ | اس کے دل کو پریشانی نے آگھیرا۔ |
| يَتَجَلَّى التَّنَاقُضُ بَيْنَ مُعْتَقَدَاتِهِ۔ | اس کے افکار میں تضاد جھلکتا ہے۔ |
| سَبَرَ أَغْوَارَ الشَّيْئِ۔ | کسی چیز کی گہرائی معلوم کرنا۔ |
| تَحَلَّلَ مِن جَمِيعِ القُيُودِ۔ | تمام بندھنوں سے آزاد ہونا۔ |
| نَظَرَ ذَاتَ اليَمِيْنِ وَذَاتَ اليَسَار۔ | دائیں بائیں دیکھنا۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| ذٰلِكَ مَا يَجِبُ أَنْ تَفْعَلَ ۔ | یہ کام تمہیں کرنا چاہیئے ۔ |
| رَسْمُ التَّخْطِيطِ وَ وَضْعُ الْبَرَامِجِ ۔ | پلاننگ کرنا اور پروگرام بنانا ۔ |
| انتشَرَ فِي الْبَلَدِ الذُّعْرُ ۔ | شہر میں خوف وہراس پھیل گیا ۔ |
| الطاعَةُ الْعَمْيَاءُ الْمُطْلَقَةُ لَهُ ۔ | کسی کی کورانہ تقلید کرنا ۔ |
| التعامِي والعَمَىُ عَنِ الْحَقَائِقِ ۔ | حقائق سے آنکھیں بند کر لینا ۔ |
| التَّمْيِيزُ بين الصَّالِحِ مِنَ الْأَفْكَارِ وَالضَّارِّ مِنْهَا ۔ | اچھے اور برے خیالات میں تمیز کرنا ۔ |
| يَنْتَقِدُ عَنْ بَيِّنَةٍ وَ بُرْهَانٍ ۔ | وہ دلیل کے ساتھ تنقید کرتا ہے ۔ |
| هٰذا لَايَتَّفِقُ مَعَ ذَوْقِهِ ۔ | یہ اس کے ذوق کے مطابق نہیں ہے ۔ |
| لَقَدْ آنَ الْأَوَانُ لِأَنْ ...... | اب وقت آگیا ہے کہ ..... |
| اَلتَّعَرُّفُ عَلَى حَقِيقَةِ الشَّيْءِ وَ أَسْرَارِهِ ۔ | کسی چیز کی حقیقت اور اس کے اسرار سے واقف ہونا ۔ |
| دَاءُ الْجَهْلِ الْفَتَّاكُ الَّذِي يَنْخَرُ جَسَدَ الْأُمَّةِ ۔ | جہالت کی مہلک بیماری جو امت کے جسم کو کھوکھلا کر رہی ہے ۔ |
| لَايَزَالُ يَتَعَثَّرُ فِي طَرِيقِهِ ۔ | وہ راہ میں ٹھوکریں کھاتا رہتا ہے ۔ |
| يُعَانِي عِدَّةَ مَشَاكِلَ وَيُقَاسِي أَلْوَانًا مِنَ الْأَزَمَاتِ ۔ | وہ مختلف مشکلات اور بحرانوں کا سامنا کر رہا ہے ۔ |
| التَّسَابُقُ لِلْأَغْرَاضِ الشَّخْصِيَّةِ وَ لِلْمَنْفَعَةِ الذَّاتِيَّةِ ۔ | شخصی مفادات اور ذاتی منفعت کے لئے بھاگ دوڑ ۔ |
| اَلْأَوْضَاعُ تَزِيدُ سُوءًا عَلَى سُوءٍ ۔ | حالات بد سے بدتر ہوتے جا رہے ہیں ۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| اِسْتِقْصَاءُ جَمِيعِ الشُّرُوطِ ۔ | تمام شرطیں پوری کرنا ۔ |
| لَمْ يُعِرْ لِكَلَامِهِ أَدْنَى اِهْتِمَامٍ | اس نے اس کی بات کو ذرا اہمیت نہ دی ۔ |
| مُقَاوَمَةُ الشُّرُورِ الاخلاقِيَّةِ ۔ | اخلاقی فتنوں کا مقابلہ کرنا ۔ |
| لِهٰذِهِ الْحَضَارَةِ جوانبُ إيجابِيَّةٌ لَابُدَّ مِنَ الْأَخْذِ بها ۔ | اس تہذیب کے کچھ ایجابی (مثبت) پہلو ہیں جنہیں اختیار کرنا ضروری ہے ۔ |
| بَدَتْ بَوَادِرُ النَّهْضَةِ وَ ظَهَرَتْ طَلَائِعُهَا ۔ | ترقی کی علامتیں ظاہر ہوئیں ۔ |
| اَلْإِنْكِمَاشُ على النَّفْسِ وَالْإِنْطِوَاءُ عَلَيْهَا ۔ | اپنے آپ میں سکڑے رہنا ۔ |
| فَعَلَ الشَّيْءَ عَنْ طواعِيَةٍ ۔ | اپنی مرضی سے کوئی کام کرنا ۔ |
| اِبْتَعَدَ رُوَيْدًا رُوَيْدًا عَنْ ..... | آہستہ آہستہ دور ہونا ۔ |
| يُمْكِنُهُ أَنْ يَتَدَارَكَ مَا فَاتَهُ ۔ | اس کے لئے مافات کا تدارک کرنا ممکن ہے ۔ |
| اِلْتَحَقَتِ الْبِلَادُ بِالدُّوَلِ الْمُتَقَدِّمَةِ النَّامِيَةِ الْمُتَحَرِّرَةِ ۔ | ملک ترقی پذیر آزاد ممالک کی صف میں آگیا ۔ |
| صَانَ وَ احْتَفَظَ بِالصَّالِحِ وَقَاوَمَ واسْتَأْصَلَ الضَّارَّ ۔ | اچھی چیز کی حفاظت کرنا اور نقصان دہ چیز کا استیصال کرنا ۔ |
| مُجْتَمَعٌ مُنْحَلٌّ ، مُنْهَارٌ ، مُتَدَهْوِرٌ ۔ | تباہ شدہ معاشرہ ۔ |
| اِتَّجَهَ إِلَى الشَّيْءِ ۔ | متوجہ ہونا ۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| اَلْاَلَمُ یَحُزُّ النَّفْسَ ۔ | غم دل کو خون کرتا ہے (کاٹتا ہے)۔ |
| ضَعُفَ الوَازِعُ الدِّیْنِی ۔ | دینی رجحان کمزور پڑ گیا ۔ |
| اِنِّیْ لَاُوَدُّ اَنْ اَدْخُلَ هُنَا فِی التَّفْصِیْلِ ۔ | میری خواہش ہے کہ میں یہاں کچھ تفصیل کروں ۔ |
| یَجِب اَنْ نُرَاجِعَ التَّعْلِیْمَ السَّنَةَ بَعْدَ الْاُخْرٰی ۔ | ضروری ہے کہ ہم سال بہ سال تعلیم پر نظر ثانی کریں ۔ |
| اِنَّنَا نُؤْمِنُ بِاَنَّ کُلَّ تَقَدُّمٍ مَادِیٍّ لَابُدَّ اَنْ یَسْبِقَهُ التَّقَدُّمُ الْمَعْنَوِیُّ وَالخُلُقِیُّ ۔ | ہمارا ایمان ہے کہ ہر مادی ترقی سے پہلے معنوی اور اخلاقی ترقی ضروری ہے ۔ |
| اِنَّ الدِّیْنَ لَایَقِفُ حَجَرَ عَثْرَةٍ فِی سَبِیْلِ النُّهُوْضِ ۔ | مذہب ترقی کی راہ میں رکاوٹ نہیں ہے ۔ |
| صُوْرَةٌ طِبْقَ الْاَصْلِ ۔ | ٹرو کاپی (نقل مطابقِ اصل) |
| رَمٰی بِهٖ عُرْضَ الْحَائِطِ ۔ | دیوار پر دے مارا ۔ |
| مَسَحَ وَصْمَةَ الْعَارِ مِنَ الْجَبِیْنِ ۔ | پیشانی سے بدنامی کا داغ دھونا ۔ |
| هُوَ دُوْنَهٗ رُتْبَةً وَقَدْرًا وَمَنْزِلَةً ۔ | وہ اس سے کم مرتبہ و منزلت کا آدمی ہے ۔ |
| تَزَوَّدَ مِنَ الْعِلْمِ وَکَرَعَ مِنَ الْمَعْرِفَةِ ۔ | علم حاصل کرنا ۔ |
| اِنَّهَا بَادِرَةٌ جَدِیْدَةٌ فِی نَوْعِهَا ۔ | یہ اپنی نوعیت کی پہلی پیش قدمی ہے |
| تَجَشَّمَ الْمَشَقَّةَ فِی سَبِیْلِ ...... | مشقت برداشت کرنا ۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| اِرْتَفَعَ بِهِ مِنْ مَهَاوِي الذُّلِّ إِلَى أَسْمَى دَرَجَاتِ الْعِزَّةِ۔ | ذلت کے گڑھوں سے نکال کر عزت کی بلندیوں پر پہنچانا۔ |
| وَلَّى مُدْبِرًا۔ | دم دبا کر بھاگا۔ |
| إِيجَادُ الْاِنْسِجَامِ بَيْنَ أَطْرَافِ الشَّيْءِ۔ | جوڑنا، ربط پیدا کرنا۔ |
| نُسِبَ إِلَيْهِ مَا هُوَ مِنْهُ بَرَاءٌ۔ | اس کی طرف وہ بات منسوب کی گئی جس سے وہ بری ہے |
| إِنَّهُ أَمَامَ مَسْئُولِيَّةٍ كَبِيْرَةٍ۔ | اس کے سامنے ایک بڑی ذمہ داری ہے۔ |
